★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED — DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 16 | بدھ 24 ذوالحجہ 1447ھ، 10 جون 2026ء، 27 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 173

فیلڈ مارشل سے لبنانی آرمی چیف کی ملاقات، عسکری تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا لبنان کے ساتھ دیرینہ اور خوشگوار تعلقات کی اہمیت پر زور، لبنانی مسلح افواج کے ساتھ دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے لبنان کے ساتھ دیرینہ اور خوشگوار تعلقات کی اہمیت پر زور دیا، پاکستان نے لبنانی مسلح افواج کے ساتھ دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا

راولپنڈی (این این آئی) لبنانی مسلح افواج کے کمانڈر ان چیف جنرل روڈولف ہائیکل نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا جہاں پر انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سیکورٹی صورت حال اور دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق جی ایچ کیو آمد پر لبنانی کمانڈر ان چیف کو پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف (بقیہ نمبر 1)

پاکستان کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو لبنانی مسلح افواج کے کمانڈر انچیف جنرل روڈولف ہائیکل سے ملاقات کرتے ہوئے

ٹرمپ اور نیتن یاہو کے تعلقات پر اسرائیلی سفیر کا تبصرہ

کبھی کبھی محبت کرنے والوں میں بھی تلخ کلامی ہو جاتی ہے، یخئیل لیٹر

دونوں ممالک ایک دوسرے کے مقف اور خدشات کو بخوبی سمجھتے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں اسرائیل کے سفیر یخئیل لیٹر نے امریکی اور اسرائیلی قیادت کے درمیان اختلافات کی خبروں کو کم اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کبھی کبھار محبت کرنے والوں کے درمیان بھی تلخ کلامی ہو جاتی ہے۔ امریکی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں سفیر (بقیہ نمبر 2)

اسرائیل اور ایران کا ایک دوسرے کیخلاف کارروائی نہ کرنے پر اتفاق

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیل اور ایران نے کم از کم ایک ہفتے تک ایک دوسرے کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرنے پر اتفاق کر لیا ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کر (بقیہ 3)

وزیراعظم محمد شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خسارے کا شکار ریاستی ملکیتی اداروں کی نجکاری حکومت کی ترجیح — وزیر اعظم

نجکاری کے تمام عمل کو انتہائی شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے۔ ڈسکوز کی نجکاری کے بعد مضبوط ریگولیٹری فریم ورک بنا جائے: میاں شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

پہلے فیز میں اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی، گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی اور فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کی نجکاری کی جائے گی۔ ان تین ڈسکوز کی نجکاری کے حوالے سے ایکسپریشن آف انٹرسٹ ملکی و بین الاقوامی اخبارات میں دیا جا چکا ہے: بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کے عمل کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خسارے کا شکار ریاستی ملکیتی اداروں کی نجکاری حکومت کی ترجیح ہے، تمام عمل انتہائی شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے۔ وہ منگل (بقیہ نمبر 4)

ایران سب کچھ دینے کیلئے تیار، دو تین روز میں معاہدہ ہو سکتا ہے: ٹرمپ

ایران سے ڈیل کے لیے چند دنوں میں ایک آئیڈیا دے سکتا ہوں، آبنائے ہرمز میں حادثے کا شکار ہونے والے ہیلی کاپٹر کے دونوں پائلٹس ٹھیک ہیں

اسرائیل اور ایران نے ایک ہفتے تک ایک دوسرے کے خلاف کارروائیاں نہ کرنے پر اتفاق کر لیا،

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سب کچھ دینے کے لیے تیار ہے، ایران کے خلاف اسرائیلی فوجی حملوں میں کمی لانے میں کامیاب رہا۔ میڈیا سے گفتگو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران سے ڈیل کے لیے چند دنوں میں ایک آئیڈیا دے سکتا ہوں، آبنائے ہرمز میں حادثے کا شکار ہونے والے ہیلی کاپٹر کے دونوں پائلٹس ٹھیک ہیں، ہیلی کاپٹر حادثے سے (بقیہ نمبر 12)

لبنانی صدر کی اسرائیل کو مذاکرات کی دعوت

کوئی بھی معاہدہ عدم جارحیت کا ہوگا، مکمل امن معاہدہ نہیں

فوجی حل آپ کو کبھی بھی سلامتی اور تحفظ فراہم نہیں کرے گا، جوزف عون

بیروت (این این آئی) لبنان کے صدر جوزف عون نے اسرائیلی حکومت اور عوام کو مذاکرات کی دعوت دے دی۔ امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں صدر جوزف نے (بقیہ نمبر 11)

اسرائیل کے جنوبی لبنان میں حملے، مزید 5 افراد شہید

بیروت (این این آئی) جنوبی لبنان میں صیہونی دہشت گردی جاری رہے، اسرائیلی حملوں میں مزید 5 لبنانی شہید اور کئی زخمی ہو گئے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی افواج نے لبنانی سرحد کے قریبی دیہاتوں کو مکمل طور پر ملبے کا ڈھیر بنا دیا۔

ایران کیساتھ مذاکرات کیلئے مضبوط پوزیشن میں ہیں، امریکی نائب صدر

ایرانی حکام مذاکرات کی میز پر آ رہے ہیں اور سنجیدہ تجاویز پیش کر رہے ہیں، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات میں امریکا اپنے اہداف حاصل کرنے کے لئے مضبوط پوزیشن میں (بقیہ نمبر 10)

جنگ بندی میں لبنان سمیت تمام علاقوں کو شامل کیا جائے گا، امیر سعید ایروانی

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں ایران کے سفیر امیر سعید ایروانی (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ ڈاکٹر مصدق ملک سے ملاقات

وفاقی بجٹ 12 جون کو پیش ہوگا، قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاس طلب

وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب بجٹ 2026-27 پیش کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اور سینیٹ کا اجلاس (آج) بدھ کو طلب کر لیا گیا جبکہ سالانہ بجٹ 12 جون کو پیش کیا جائے گا۔ صدر پاکستان آصف علی زرداری (بقیہ نمبر 8)

امریکہ کی سنجیدگی نظر آئی تو مذاکرات پر اعتراض نہیں، ابراہیم عزیزی

ایران کی طے کردہ شرائط پوری کی جائیں، قومی مفادات، اقتصادی معاملات اور لبنان کے مسئلے میں عملی پیش رفت نظر آئے تو مذاکرات آگے بڑھ سکتے ہیں

ایسا نہ ہوا تو ایران مزاحمتی محاذ، اس کے ارکان اور بالخصوص لبنان کے معاملے پر پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

تہران (نیٹ نیوز) ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی و خارجہ پالیسی کمیٹی کے چیئرمین ابراہیم عزیزی نے کہا ہے کہ ہمیں امریکا پر اعتماد نہیں ہے، اگر امریکا کا یہی رویہ جاری رہا تو امن مذاکرات ناممکن ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے ابراہیم عزیزی کا کہنا (بقیہ نمبر 5)

3 ماہ کیلئے بجلی 1 روپے 99 پیسے فی یونٹ سستی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کیلئے بجلی ایک روپے 99 پیسے فی (بقیہ نمبر 6)

ہم محسوس کر رہے ہیں کہ ہربل ادویات وقت کی ضرورت ہیں، مصطفی کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفی کمال نے کہا ہے کہ ہم محسوس کر رہے ہیں کہ ہربل ادویات وقت کی (بقیہ نمبر 7)

وزیر تجارت جام کمال خان کو قطر کے وزیر مملکت برائے خارجہ تجارت احمد بن محمد السید سے ملاقات

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اسلام آباد میں ... کے ساتھ گروپ

امریکی بحری جہاز پر خوفناک اسرائیلی حملے کو 59 سال مکمل

واشنگٹن (این این آئی) امریکی بحری جہاز پر اسرائیل کے خوفناک حملے کو 59 سال مکمل ہوگئے۔ امریکی ایوان نمائندگان (بقیہ نمبر 14)

پاکستان اور چین کے مضبوط اور گہرے تعلقات ہر آزمائش پر پورے اترے ہیں، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے (بقیہ نمبر 15)

پنجاب حکومت کا پاسکو سے ایک ملین میٹرک ٹن گندم خریدنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، گندم، آٹے کی صورتحال کا جائزہ، تفصیلی رپورٹ پیش، غذائی ضروریات پوری کرنے کے لیے ...

صوبے میں آٹے کے نرخ اور مارکیٹ کے استحکام کے لیے پاسکو سے گندم خریدی جائے گی، عوام کو سستا آٹا اور روٹی یقینی بنانے کے لیے فلور ملوں کو 3300 روپے فی من فراہم کی جائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ... کرلیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر ... رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں پاسکو سے ایک ... اور گندم کے نرخ میں استحکام کیلئے پاسکو سے گندم ...

ٹرمپ انتظامیہ کی امیگریشن پالیسی غیر قانونی قرار

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کی وفاقی جج نے ... (بقیہ نمبر 20)

لبنان میں انسانی بحران مزید شدت اختیار کر رہا ہے، انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی نے خبردار کر دیا

لبنان میں 94 فیصد گھرانے بنیادی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہیں، کمیٹی ڈائریکٹر

... (بقیہ نمبر 21)

مون سون بارشوں اور سیلابی خطرات سے نمٹنے کی تیاریاں تیز

پی ڈی ایم اے نے تمام اضلاع کو ہنگامی منصوبہ بندی مکمل کرنے کی ہدایت

اربن فلڈنگ، نکاسی آب اور ریلیف انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، حکام

لاہور (زیڈ این این) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے ... ہیڈ آفس میں اہم اجلاس (بقیہ نمبر 16)

کراچی، محکمہ خزانہ کی رکاوٹیں، تعلیم کا کروڑوں کا بجٹ ضائع ہونے کا خدشہ

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم کی جانب سے سرکاری اسکولوں کو براہ راست مالی وسائل فراہم کرکے ان کی (بقیہ نمبر 17)

ایران کو اپنے دفاع اور عوام کے تحفظ کیلیے فیصلہ کن ردعمل دینا ہوگا، باقر قالیباف

سفارت کاری کو صرف بند کمروں میں ہونے والی بات چیت یا سفارتی مسکراہٹوں تک محدود سمجھنا بڑی غلطی ہوگی، بیان

تہران (این این آئی) ایران کے پارلیمانی اسپیکر اور اعلیٰ مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے الزام عائد کیا ہے کہ امریکا نہ جنگ بندی کا خواہاں ہے اور نہ ہی بامعنی مذ(بقیہ نمبر 18)

آئی پی پیز ادائیگیوں کی واپسی کا حکم دینا عدالتی دائرہ اختیار میں نہیں — لاہور ہائی کورٹ

فیصلہ کے مطابق عدالت ریگولیٹر، ٹیڈر یا ماہر معاشیات کا کردار ادا نہیں کرسکتی، کیپسٹی چارجز ٹیرف سے متعلق معاملات پالیسی سازوں کا دائرہ کار ہے

عدالت اقتصادی، مالیاتی اور ریگولیٹری پالیسیوں پر اپیلیٹ فورم کے طور پر کام نہیں کرسکتی، محض کسی پالیسی سے اختلاف پر آئینی درخواست دائر کرنے کا جواز نہیں بنتا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بجلی کے بلوں میں کیپسٹی چارجز اور ٹیرف ... درخواستوں پر 6 صفحات کا تحریری فیصلہ جاری کیا ... (بقیہ نمبر 23)

پنجاب کا تعلیمی بجٹ پھر تاریخ ساز ہوگا، رانا سکندر حیات

300 نواز شریف سکول آف ایمینینس، 5 دانش سکولز اور دیگر منصوبے شامل ہیں

شعبہ تعلیم کیلئے نئے مالی سال میں 150 ارب روپے ...

لاہور (زیڈ این این) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ نئے مالی سال میں پنجاب کا تعلیمی بجٹ گزشتہ سال کی طرح ایک بار پھر تاریخ ساز ... 150 ... (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: پاکستان کے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب خطاب کر رہے ہیں

سندھ حکومت کا ٹرانسپورٹرز کیلئے سہولت ڈیسک قائم کرنے کا فیصلہ

نیو سبزی منڈی میں فیسلیٹیشن ڈیسک کے قیام سے ٹرانسپورٹرز کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے سے نجات ملے گی

ڈیجیٹل روٹ پرمٹس اور فٹنس سرٹیفکیٹس کے نظام سے وقت اور اخراجات میں بھی نمایاں بچت ہوگی۔

کراچی (نیٹ نیوز) حکومت سندھ نے ٹرانسپورٹرز کو سہولت فراہم کرنے کے لیے نیو سبزی منڈی میں خصوصی ون ونڈو فیسلیٹیشن ڈیسک قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ کے اجلاس میں صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن نے بتایا کہ نیو سبزی منڈی میں قائم کیے جانے والے اس فیسلیٹیشن ڈیسک کا مقصد کراچی آنے والی مال بردار گاڑیوں کو روٹ پرمٹ، فٹنس سرٹیفکیٹ اور دیگر ضروری دستاویزات کے اجرا اور تجدید کی سہولت ایک ہی جگہ فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد 30 جون 2026 تک زیادہ سے زیادہ کمرشل اور مال بردار گاڑیوں کو حکومت سندھ کے ڈیجیٹل اور آٹومیشن نظام میں شامل کرنا ہے تاکہ قانونی تقاضوں کی تکمیل اور ٹرانسپورٹرز کو بروقت سہولتوں کی (بقیہ نمبر 34)

حماس کی بڑی کامیابی، اسرائیل غزہ میں ابو سالم اور رفح کراسنگ کھولنے پر مجبور

رفح کراسنگ کو ابتدائی مرحلے میں صرف محدود نقل و حرکت کے لیے کھولا جائے گا، حکام

تہران (این این آئی) اسرائیل نے بالآخر غزہ میں کرم ابو سالم اور رفح راہداری کھولنے کا اعلان کر دیا جس کے بعد اس کراسنگ سے امدادی سامان اور محدود آمد و رفت (بقیہ نمبر 24)

قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس پھر (آج) تک کیلئے موخر

اسلام آباد (این این آئی) قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس پھر موخر کر دیا گیا، یہ اجلاس اب (آج) بدھ 10 جون کو صبح (بقیہ نمبر 25)

فلپائن، گزشتہ روز آئے زلزلے سے اموات کی تعداد 41 ہوگئی

منیلا (این این آئی) فلپائن میں گزشتہ روز آنے والے 7 اعشاریہ 8 شدت کے زلزلے سے اموات کی تعداد 41 ہو (بقیہ نمبر 26)

اسرائیل کا بھارتی چھترپتی شیواجی مہاراج کا مجسمہ نصب کرنے کا اعلان

تل ابیب (این این آئی) شدت اور تعصب پسند بھارتی میڈیا پر دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ اسرائیل نے بھارت کے چھترپتی شیواجی مہاراج کا ایک بڑا مجسمہ اپنے ایک اہم شہر میں نصب (بقیہ نمبر 27)

واشنگٹن، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا اقبال خان وکلا برادری میں ویلفیئر گرانٹس کے چیکس تقسیم کر رہے ہیں

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام، ہزاروں گلیوں کی تعمیر میں نمایاں پیش رفت

فیز ٹو کے ترقیاتی منصوبے 93 فیصد مکمل، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں، ڈپٹی کمشنر لاہور

16 ہزار 410 گلیوں کی تعمیر کا ہدف، سیوریج اور اسٹریٹ لائٹس پر کام جاری

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام" کے تحت شہر کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے ضلعی انتظامیہ لاہور متحرک ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی زیر صدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کی پیش رفت کا ہفتہ وار جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس، چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور (ایم سی ایل) اور واسا کے ا(بقیہ نمبر 30)

ڈاکٹر ماہ نور کو بچانے والے عبدالرزاق نے واقعے کی تفصیلات بیان کر دیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی نوجوان ڈاکٹر ماہ نور پر تیزاب پھینکے جانے کے افسوسناک واقعہ میں ان کی جان بچانے والے نوجوان عبدالرزاق نے حالیہ انٹرویو میں واقعے کی تفصیلات بیان کرتے ہو(بقیہ نمبر 31)

700 سے زائد سکھ یاتری جوڑ میلہ تقریبات کیلئے پاکستان پہنچیں گے

متروکہ وقف املاک بورڈ نے استقبال، رہائش، سکیورٹی اور طبی انتظامات مکمل کر لیے

شہیدی دن گرو ارجن دیو جی کی مرکزی تقریب 16 جون کو لاہور میں ہوگی، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) بھارت سے 700 سے زائد سکھ یاتری شہیدی دن گرو ارجن دیو جی (جوڑ میلہ) کی تقریبات میں شرکت کے لیے 10 جون کو واہگہ بارڈر کے ذریعے پاکستان پہنچیں گے۔ پاکستان ہائی کمیشن نئی دہلی کی جانب سے یاتریوں کو ویزے جاری کر دیے (بقیہ نمبر 32)

پاک چین دوستی دنیا میں منفرد مثال، سی پیک پاکستان کی ترقی کا اہم ستون ہے — احسن اقبال

2013 میں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے چین کے ساتھ سی پیک معاہدے پر دستخط کیے، وفاقی وزیر

پاک چین تعلقات گزشتہ 75 سال سے مسلسل مضبوط ہوتے جا رہے ہیں اور اس دوستی میں کبھی کمزوری یا زوال کا دور نہیں آیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی دنیا میں ایک منفرد مثال ہے، جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی جبکہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) پاکستان کی معاشی ترقی اور علاقائی روابط کا اہم ستون بن چکی ہے۔ چینی سفارتخانے کی جانب سے علاقائی صورتحال پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاک چین تعلقات گزشتہ 75 سال سے مسلسل مضبوط ہوتے جا رہے ہیں اور اس دوستی میں کبھی کمزوری یا زوال کا دور نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی ہمالیہ سے بلند، سمندروں سے گہری اور ہر آزمائش پر پوری اترنے والی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ 2013 میں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے چین کے ساتھ سی پیک معاہدے پر دستخط کیے۔ اس وقت یہ منصوبہ ایک خواب کی حیثیت (بقیہ نمبر 28)

پنجاب میں آٹے کے نرخ مستحکم رکھنے کیلئے گندم خریدنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز نے پاسکو سے 10 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدنے کی منظوری دے دی

فلور ملوں کو 3300 روپے فی من گندم فراہم، سستا آٹا اور روٹی یقینی بنانے کا عزم، حکام

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے میں گندم اور آٹے کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ حکام نے گندم کے ذخائر، قیمتوں اور فراہمی سے متعلق جامع رپورٹ پیش کی۔ اجلاس میں صوبے میں آٹے اور گندم کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کے لیے پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (پاسکو) سے 10 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدنے کا فیصلہ (بقیہ نمبر 29)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نذیر ملک کی قیادت میں وفد کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

فلم اور ٹیلی ویژن تعاون کے ذریعے چین اور کینیا کے ثقافتی تعلقات مزید مضبوط

نیروبی (شِنہوا) چین کے وسطی صوبے ہونان کے ایک وفد نے فلم اور ٹیلی ویژن کی پروڈکشن میں تعاون کے امکانات کی تلاش کے لئے نیروبی یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ یہ اقدام چین اور کینیا کے درمیان بڑھتے ہوئے ثقافتی تبادلوں کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ دورہ ہونان فلم ویک افریقہ (کینیا) کا حصہ تھا جس کا مقصد تخلیقی معیشت میں مستقبل کے تعاون کے لئے اعلیٰ حکام، ماہرین اور دانشوروں کے درمیان مکالمے اور تجربات کے تبادلے کو فروغ دینا تھا۔ ہونان صوبے کی عوامی حکومت کے اطلاعاتی دفتر کے نائب ڈائریکٹر لوژینگ یانگ نے کہا کہ پرفارمنگ آرٹس، خصوصاً فلم اور ٹیلی ویژن ہونان اور کینیا کے درمیان تعاون کا مرکزی حصہ ہیں جس کا مقصد دونوں فریقوں کے لئے فائدہ مند نتائج حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مل کر یہ تلاش کریں گے کہ خاص طور پر نوجوان فلم سازوں کے لئے اسٹریمنگ سروسز، سوشل میڈیا اور مختصر ویڈیو پلیٹ فارمز کس طرح مشترکہ پروڈکشن، کاپی رائٹ تعاون اور جدید مواد کی ترسیل کے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ نیروبی یونیورسٹی کی فیکلٹی آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز کے ڈین جیک اوڈیامبو نے کہا کہ ہونان صوبے کے ساتھ تعاون نے ابھرتے ہوئے ٹی وی اور فلم پروڈیوسرز کی رہنمائی اور تربیت کے لئے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس شراکت داری کے نتیجے میں 2025 کے آخر میں میوزیکل ٹیلنٹ شو "سنگ فار افریقہ" کا پہلا پروگرام کامیابی سے شروع کیا گیا جس کا مقصد مقامی نوجوان گلوکاروں کو تلاش کرنا، ان کی تربیت کرنا اور چین اور افریقہ کے درمیان ثقافتی تبادلے کو مضبوط بنانا ہے۔

چین بیلاروس کے ساتھ تعاون کو مزید گہرا اور مضبوط بنانے کے لئے تیار ہے، نائب صدر

منسک (شِنہوا) چین نے بیلاروس کے ساتھ مل کر رابطے اور ہم آہنگی کو مضبوط بنانے اور دونوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے کو مکمل طور پر نافذ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ چین کے نائب صدر ہان ژینگ نے بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو سے ملاقات میں انہیں چینی صدر شی جن پھنگ کی جانب سے گرمجوشی پر مبنی پیغام پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے رہنماؤں کی تزویراتی رہنمائی میں چین۔ بیلاروس تعلقات میں تیزی سے ترقی ہوئی ہے۔ شی جن پھنگ نے زور دیا کہ دونوں فریقوں کو اعلیٰ سطح کے سفارتی رابطوں کو مزید فروغ دینا چاہیے اور پیچیدہ عالمی صورتحال کے باوجود تعلقات کو درست سمت میں آگے بڑھانا چاہیے۔ ہان ژینگ نے باہمی تعاون کی روایتی بنیاد کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ چین بیلاروس کے اس ترقیاتی راستے کی حمایت کرتا ہے جو اس کے قومی حالات کے مطابق ہو اور چین 4 بڑے عالمی اقدامات پر عملدرآمد اور ترقی پذیر ممالک کے مشترکہ مفادات کے تحفظ کے لئے بیلاروس کے ساتھ کام کرنے کو تیار ہے۔ ہان ژینگ نے کہا کہ دونوں ممالک کو ترقیاتی حکمت عملیوں کو ہم آہنگ کرنا چاہیے، روایتی شعبوں میں تعاون کو گہرا کرنا چاہیے اور مشترکہ فائدے کے لئے نئے مواقع تلاش کرنے چاہییں تاکہ عوامی سطح پر دوستی کی بنیاد کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔ بیلاروس کے صدر لوکاشینکو نے کہا کہ وہ چینی صدر شی جن پھنگ کے لئے نیک خواہشات کا پیغام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شی جن پھنگ کی مضبوط قیادت میں چین نے اپنے قومی حالات کے مطابق ترقی کا راستہ اختیار کیا ہے اور شاندار کامیابیاں حاصل کی ہیں جنہیں بیلاروس قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ لوکاشینکو نے کہا کہ بیلاروس ہمیشہ سے چین کے ساتھ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، ایک چین کے اصول پر قائم ہے اور شی جن پھنگ کے عالمی اقدامات کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیلاروس چین کے ساتھ اعلیٰ سطح کے روابط بڑھانے، سیاسی اعتماد کو مضبوط کرنے، عملی تعاون کو گہرا کرنے اور عوامی سطح پر دوستی کو فروغ دینے کا خواہاں ہے۔

چینی وزارت خزانہ ہانگ کانگ میں 15 ارب یوآن مالیت کے سرکاری بانڈز جاری کرے گی

بیجنگ (شِنہوا) چین کی وزارت خزانہ نے منگل کو اعلان کیا ہے کہ وہ 16 جون کو ہانگ کانگ خصوصی انتظامی علاقے میں رواں سال کے تیسرے مرحلے کے سرکاری بانڈز جاری کرے گی جن کی مالیت چینی کرنسی یوآن میں ہوگی۔ وزارت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ان بانڈز کا حجم 15 ارب یوآن (تقریباً 2.2 ارب امریکی ڈالر) ہوگا۔ وزارت خزانہ نے مزید بتایا کہ بانڈز کے اجرا سے متعلق مکمل معلومات ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی کی مرکزی مالیاتی منڈی یونٹ کی ویب سائٹ پر جاری کی جائیں گی۔

چینی کارساز کمپنی چیری نے تیونس میں 3 ہائبرڈ کار ماڈلز متعارف کرا دیئے

تیونس (شِنہوا) چینی کارساز کمپنی چیری آٹو موبائل نے تیونس میں ہائبرڈ گاڑیوں کے تین نئے ماڈلز متعارف کرا دیئے۔ چینی کارساز کمپنی چیری آٹوموبائل اور اس کے سرکاری ڈیلر ایس ٹی اے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان ماڈلز میں ٹیگو 9 پی ایچ ای وی، ٹیگو 4 ایچ ای وی اور ایریزو 8 پی ایچ ای وی شامل ہیں۔ کمپنی نے گزشتہ چھ ماہ میں مجموعی طور پر 6 نئے ماڈلز متعارف کرائے ہیں۔ بیان کے مطابق 2025 تک چیری آٹوموبائل کمپنی تیونس میں مسافر گاڑیوں کے 3 سرفہرست برانڈز میں شامل ہوگئی اور 2024 کے مقابلے میں اس کی فروخت میں 70 فیصد اضافہ ہوا۔ مقامی میڈیا لا پریسے کے مطابق چینی کمپنیوں نے تیونس کی نئی کاروں کی منڈی میں اپنی موجودگی نمایاں طور پر بڑھائی ہے اور 2026 کی پہلی سہ ماہی میں منڈی میں ان کا حصہ 5.22 فیصد تک پہنچ گیا ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:15
فجر	4:00
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان لاہور کے اہم داخلی راستے شاہدرہ کے مجوزہ ری ڈیزائننگ پلان کا جائزہ لے رہی ہیں

کمشنر لاہور مریم خان و ڈی سی لاہور کیپٹن ر علی اعجاز کا آوٹ فال روڈ اور شاہدرہ کا دورہ

صفائی و روڈ واشنگ روزانہ کی باقاعدہ سرگرمی ہے: کوئی کمپرومائز نہیں۔ کمشنر لاہور مریم خان

آئی ڈیپ افسران نے شاہدرہ لاہور داخلی ویلکم ری ڈیزائننگ پلان کے حوالے سے آن سپاٹ بریفنگ دی

لاہور کے تمام داخلی راستوں کو لاہور کی تاریخ، ثقافت اور جدید آرکیٹیکٹ سے مزین کیا جائیگا۔ کمشنر لاہور مریم خان

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور مریم خان نے ڈی سی لاہور کیپٹن ریٹائرڈ علی اعجاز کے ہمراہ آوٹ فال روڈ اور شاہدرہ کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے روڈ واشنگ/صفائی اور لاہور کے داخلی راستے کے مجوزہ ری ڈیزائننگ پلان کا لیا۔ اس موقع پر آئی ڈیپ افسران نے لاہور کے داخلی راستے شاہدرہ پروپیلم ری ڈیزائننگ پلان کے حوالے سے آن سپاٹ بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور مریم خان نے آئی ڈیپ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ شاہدرہ لاہور انٹرنس ہے لاہور کا پہلا تعارف ہے، آئی ڈیپ مجوزہ ری ڈیزائننگ پلان کا تھری ڈی ڈیزائن تیار کرے مکمل جائزہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کے تمام داخلی راستوں کو لاہور کی تاریخ، ثقافت اور جدید آرکیٹیکٹ سے مزین کیا جائیگا۔ کمشنر لاہور نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ صفائی اور روڈ واشنگ روزانہ اور باقاعدہ کریں، اس پر کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا، لاہور کی تمام تحصیلوں میں صفائی کے بعد روڈ واشنگ شیڈول کا حصہ ہے۔ اس موقع پر سی او ایم سی ایل شاہد کاٹھیا، اے سی راوی ٹاؤن، آئی ڈیپ، پی ایچ اے، ایل ڈی اے، ایل ڈبلیو ایم سی افسران بھی ہمراہ موجود تھے۔

چینی سفیر کا یوکرین بحران کے سیاسی حل کے لئے مسلسل کوششوں پر زور

اقوام متحدہ (شِنہوا) چینی سفیر نے کہا ہے کہ یوکرین بحران کے طویل ہونے کے ساتھ ہی یہ تنازع مسلسل شدت اختیار کر رہا ہے۔ انہوں نے تمام فریقوں سے اس بحران کے سیاسی حل کے لئے مسلسل کوششیں کرنے کی اپیل کی۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں یوکرین سے متعلق بریفنگ کے دوران چین کے نائب مستقل مندوب سن لی نے کہا کہ میدان جنگ میں حملوں، ہلاکتوں اور بنیادی شہری سہولتوں کی تباہی کی صورتحال روز بروز بدل رہی ہے لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ فوجی ذرائع سے امن حاصل نہیں کیا جا سکتا اور اس تنازع کو جاری رہنے دینا مزید نقصان کا باعث بنے گا۔ انہوں نے بحران کی پیچیدگی، امن معاہدے تک پہنچنے کی مشکلات اور سیاسی حل کے اہم مگر دشوار راستے کے حوالے سے موجودہ صورتحال کے تناظر میں چار نکاتی توقعات پیش کیں۔ انہوں نے متعلقہ فریقوں سے اپیل کی کہ وہ عوام کو ترجیح دیں اور زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں، کسی بھی ایسے اقدام سے گریز کریں جو کشیدگی اور تنازع کو بڑھا سکتا ہو اور صورتحال کو قابو سے باہر ہونے سے روکیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ فریقوں پر زور دیا کہ وہ صبر، نیک نیتی اور لچک کا مظاہرہ جاری رکھیں، جلد از جلد امن مذاکرات دوبارہ شروع کریں اور ایک دوسرے کے جائز سلامتی خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع، پائیدار اور قابل عمل امن معاہدے تک پہنچیں۔ سفیر نے امید ظاہر کی کہ علاقائی ممالک اور عالمی برادری جنگ بندی اور امن مذاکرات کی حمایت میں آواز بلند کریں گے اور کشیدگی بڑھانے کے بجائے اعتماد سازی اور ثالثی کے لئے مزید سفارتی کوششیں کریں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ تمام فریق اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں کے مطابق بحران کی بنیادی وجوہات کو حل کرنے کے لئے سنجیدہ اقدامات کریں تاکہ خطے میں متوازن، موثر اور پائیدار سلامتی کا نظام قائم کیا جا سکے۔

پی آئی ٹی بی کے زیراہتمام تھیلیسیمیا کے بچوں کیلئے بلڈ ڈونیشن مہم کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کو خون عطیہ کرنے کیلئے پنجاب آئی ٹی بورڈ کے ہیومن ریسورس ونگ نے ارفع سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک اور پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی کے اشتراک سے بلڈ ڈونیشن مہم کا انعقاد کیا جس میں سٹاف نے انسانیت کی خدمت اور سماجی ذمہ داری کے جذبے کے تحت خون کے عطیات دیئے۔ پی آئی ٹی بی چیئرمین فیصل یوسف نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ خون کا عطیہ انسانیت کی خدمت کی عظیم ترین مثالوں میں سے ایک ہے اور عطیہ کیا جانے والا خون کا ہر قطرہ کسی ضرورت مند، بالخصوص تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کیلئے زندگی کی امید بن سکتا ہے۔ پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی کے نمائندگان نے بھی اس اقدام کو سراہتے ہوئے پی آئی ٹی بی اور ASTP انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ مہم کے اختتام پر تمام شراکت داروں نے مستقبل میں بھی انسان خدمت کے ایسے اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

ڈی سی لاہور کیپٹن ریٹائرڈ محمد علی اعجاز، اے سی کینٹ سید سنبل جاوید کے ہمراہ بھٹہ چوک کی امام بارگاہ کے صدر احسان بھٹی ایڈووکیٹ، حسن اشرف بھٹی اور راجہ امجد علی سے گفتگو کر رہے ہیں

سندر کے علاقے میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہو گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سندر کے علاقے میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہو گیا جسے فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ریسکیو 1122 ترجمان کے مطابق سندر کے علاقے مور چوک بحریہ ٹاؤن کے قریب ایک تیز رفتار کار کی ٹکر سے فوڈ ڈیلیوری رائیڈر شدید زخمی ہو گیا حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمی رائیڈر کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد انڈس ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، جس کے نتیجے میں فوڈ ڈیلیوری رائیڈر کو شدید چوٹیں آئیں۔ دوسری جانب سندر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے حادثے میں ملوث کار کے ڈرائیور کو حراست میں لے لیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

کاہنہ غیرت کے نام پر قتل پولیس نے خاتون سمیت 3 ملزمان گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) کاہنہ غیرت کے نام پر قتل پولیس نے خاتون سمیت 3 ملزمان گرفتار کر لیے تفصیلات کے مطابق کاہنہ کے علاقے میں غلام اکبر نامی شخص نے تلخ کلامی کے دوران طیش میں آ کر محسن نامی شہری کو چھری کے وار سے شدید زخمی کر دیا اور ساتھیوں سمیت فرار ہو گیا محسن کو تشویشناک حالت جنرل ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی موت کی تصدیق کر دی قتل کی 15 کال پر ڈی آئی جی آپریشنز نے نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا جس پر ایس ایچ او کاہنہ انسپکٹر عامر شہزاد نے ملزمان غلام اکبر، شازیہ بی بی اور عمران کو الفضل سٹی شہزادہ روڈ سے گرفتار کر کے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر دی اور ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان نے الزام لگایا ہے کہ مقتول محسن کے ملزمہ شازیہ بی بی سے تعلقات تھے اس حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے جس کے بعد اصل حقائق سامنے آئیں گے،

شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق نوانکوٹ میں ارباز سے 3 لاکھ 60 ہزار روپے اور موبائل فون، غازی آباد میں کرامت سے 3 لاکھ 35 ہزار روپے اور موبائل فون ※ گڑھی شاہو میں اسفند سے 3 لاکھ روپے اور موبائل فون، جنوبی چھاؤنی میں جاوید سے 2 لاکھ 65 ہزار روپے اور موبائل فون، گرین ٹاؤن میں عمر سے 2 لاکھ روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ جوہر ٹاؤن اور سبزہ زار سے گاڑیاں جبکہ ہڈیارہ شاہدرہ اور لوئر مال سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

ٹریفک پولیس نے ای چالان کی مد میں 20 لاکھ روپے سے زائد واجبات رکھنے والے ریکارڈ ڈیفالٹر موٹر سائیکل سوار کو پکڑ لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹریفک پولیس نے ای چالان کی مد میں 20 لاکھ روپے سے زائد واجبات رکھنے والے ریکارڈ ڈیفالٹر موٹر سائیکل سوار کو پکڑ لیا۔ سی ٹی او لاہور عبدالرحیم شیرازی کے مطابق ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کا بڑا ریکارڈ رکھنے والے شہری باز محمد کو چیکنگ کے دوران روکا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملکیت کی جانچ پڑتال کے دوران انکشاف ہوا کہ اس کے نام پر 421 گاڑیاں، رکشے اور موٹر سائیکلیں رجسٹرڈ ہیں۔ سی ٹی او کے مطابق باز محمد پر 20 لاکھ 88 ہزار 800 روپے سے زائد کے ای چالان واجب الادا ہیں جس کی بنیاد پر شہری کی موٹر سائیکل کو قبضے میں لے کر تھانہ مسلم ٹاؤن میں بند کر دیا گیا۔ عبدالرحیم شیرازی کے مطابق باز محمد کے نام پر رجسٹرڈ تمام گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو بلیک لسٹ کر دیا گیا ہے۔

لاہور میں منشیات فروشوں کا آن لائن نیٹ ورک فعال ہونے کا انکشاف

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور میں منشیات فروشوں کا آن لائن نیٹ ورک فعال ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جہاں سوشل میڈیا اور مختلف میسجنگ ایپس کے ذریعے مبینہ طور پر منشیات کی سپلائی کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئس اور دیگر منشیات کی آن لائن بکنگ اور ڈیلیوری کے رجحان میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے، جس کے باعث تفتیشی اداروں کو نئے چیلنجز کا سامنا ہے۔ حکام کے مطابق منشیات فروش اب روایتی طریقوں سے ہٹ کر جدید ڈیجیٹل ذرائع استعمال کر رہے ہیں، جبکہ غیر ملکی نمبرز اور خفیہ ایپس کے استعمال نے تحقیقات کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا اور میسجنگ ایپس کا غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال بڑھتا جا رہا ہے، تاہم سائبر کرائم سے متعلق محدود وسائل اس نیٹ ورک کے خلاف کارروائیوں میں مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔ دوسری جانب چند روز قبل گڑھی شاہو میں پولیس نے ایک خاتون منشیات فروش کو گرفتار کیا تھا، جس کے قبضے سے 7 کلوگرام آئس برآمد ہوئی تھی۔ ابتدائی تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ملزمہ مبینہ طور پر ایک ایپ کے ذریعے خیبر پختونخواہ سے منشیات منگوانے میں کامیاب رہی۔ پولیس اور متعلقہ ادارے اس نئے ڈیجیٹل منشیات نیٹ ورک کی کڑیوں کو توڑنے کے لیے تحقیقات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

شادباغ پولیس نے شراب کی سپلائی لیکر جانے والا ریکارڈ یافتہ ملزم گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شاد باغ پولیس نے شراب کی سپلائی لیکر جانے والا ریکارڈ یافتہ ملزم گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق ایس ایچ او شاد باغ زاہد حسین نے دوران پیٹرولنگ خفیہ اطلاع پر ملزم سلیمان رشید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ہزاروں مالیت مختلف برانڈ کی 70 بوتل اور ایک گیلن میں کھلی 10 لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ ایس پی سٹی عاطف امیر کا کہنا ہے کہ ملزم لاہور کے مختلف مقامات پر شراب کی سپلائی کرتا تھا

صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت نادرا اور محکمہ صحت کے درمیان اہم اجلاس

عوامی فلاح، موثر سروس ڈیلیوری اور ریکارڈ مینجمنٹ کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت نادرا اور محکمہ صحت کے درمیان ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پیدائش، وفات اور شہری اندراج کے نظام کو مزید موثر، مربوط اور جدید خطوط پر استوار کرنے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت و آبادی نادیہ ثاقب، ڈی جی نادرا پنجاب فضا شاہد، ایڈیشنل ڈائریکٹر رضوان علی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سی آر وی ایس پنجاب رضوان علی بھٹی سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران نادرا اور محکمہ صحت کے درمیان ڈیجیٹل انٹیگریشن، ڈیٹا شیئرنگ اور شہری ریکارڈ کے نظام میں بہتری کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ شہری ریکارڈ کے نظام میں شفافیت اور سہولت کو یقینی بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سی ایچ آئی پروگرام کے تحت ڈیٹا شیئرنگ کا نظام ایک گیم چینجر ثابت ہوگا اور حکومت کمیونٹی بیسڈ ڈیٹا شیئرنگ کی جانب پیش رفت کر رہی ہے تاکہ عوام کو بہتر اور بروقت خدمات فراہم کی جا سکیں۔ صوبائی وزیر نے سروس ڈیلیوری کو مزید موثر بنانے کے لیے ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں پیدائش اور وفات کی بروقت رجسٹریشن کے نظام کو مزید فعال بنانے کے لیے مختلف تجاویز اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے شہریوں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر معیاری اور آسان خدمات کی فراہمی کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر بھی غور کیا۔ خواجہ عمران نذیر نے اس موقع پر کہا کہ عوام کو بروقت، معیاری اور آسان خدمات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل نظام نہ صرف شہری سہولیات میں بہتری لائے گا بلکہ گڈ گورننس اور موثر انتظامی نظام کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ اجلاس کے اختتام پر محکمہ صحت اور نادرا کے درمیان باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا جبکہ عوامی فلاح، موثر سروس ڈیلیوری اور ریکارڈ مینجمنٹ کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

وائلڈ لائف رینجرز نے زخمی نایاب مہاجر پرندہ فلیمنکو (لم ڈھینگ) بحفاظت ریسکیو کر لیا

زخمی پاؤں کی بدولت پرندہ اڑان سے معذور، بحالی کیلئے جوہر آباد وائلڈ لائف پارک منتقل

لاہور (خبر نگار) سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیر قیادت محکمہ تحفظ جنگلی حیات و پارکس پنجاب صوبہ میں جنگلی جانوروں و پرندوں کو بازیاب/ریسکیو کرنے کی سرگرمیوں میں پوری تندہی سے مصروف عمل ہے اور ایسی ہی ایک کامیاب کوشش کے نتیجے میں وائلڈ لائف رینجرز نے گزشتہ روز ایک زخمی نایاب مہاجر پرندے فلیمنکو (لم ڈھینگ) کو بحفاظت ریسکیو کر کے ضروری طبی امداد کیلئے وائلڈ لائف پارک جوہر آباد منتقل کر دیا۔ تفصیل کے مطاق ایڈیشنل چیف وائلڈ لائف رینجر سنٹرل زون مدثر حسن اور ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر ساہیوال ریجن منور حسین گجی کی ہدایت پر اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر ساہیوال محمد شرجیل نے اس اطلاع پر کہ تحصیل چیچہ وطنی کے ایک مضافاتی نہری علاقے میں ایک زخمی پرندہ مقامی لوگوں کی تحویل میں ہے فوری طور پر ایک ریسکیو ٹیم تشکیل دی جنہوں نے بروقت پہنچ کر ایک نایاب مہاجر پرندے فلیمنکو (لم ڈھینگ) کو بحفاظت ریسکیو کیا جو کہ پاؤں زخمی ہونے کی بناء پر اڑان کے قابل نہ تھا، زخمی پرندے کو فوری طبی امداد کیلئے جوہر آباد وائلڈ لائف پارک منتقل کر دیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر فریحہ بتول انچارج وائلڈ لائف پارک جوہر آباد کے مطابق زخمی پرندے فلیمنکو کا ضروری علاج معالجہ شروع کر دیا گیا ہے اور انتظامیہ پرندے کی مکمل بحالی تک اس کی خوب دیکھ بھال کرے گی۔

ریاست میں صاف شفاف انتخابات وقت کی اہم ضرورت ہے: رانا صداقت اللہ خاں

شکرگڑھ (نامہ نگار) شکرگڑھ سیاسی سماجی شخصیت آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے امیدوار رانا صداقت اللہ خاں نے کہا ہے کہ ریاست میں صاف شفاف انتخابات وقت کی اہم ضرورت ہے جمہوریت کا حسن آئین قانون کی بالادستی ہے انہوں نے کہا کہ وہ حلقہ ایل اے 37 جموں 4 نارووال کے امیدوار کے طور پر الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں بھرپور طریقہ سے الیکشن لڑیں گے مہاجرین کی آواز بنیں گے مسلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اٹھایا جائے گا, مہاجرین کے حقوق کی جنگ لڑیں گے انکے حقوق پامال نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ وہ عوام میں رہتے ہیں اور انکے مسائل کو سمجھتے ہیں حلقہ ایل اے 37 جموں 4 کے غیور باشعور عوام ہمیشہ خدمت تعمیر و ترقی فلاح و بہبود کی سیاست کو ترجیح دیتے ہیں چودھری علی افضل گمتالہ, چودھری مختار بھولا, حافظ توقیر چودھری※ عمران کاہلوں※ سابق ناظم اعظم وڑائچ※ صدام واہلہ, شکیل جٹ, چودھری کاشف گمتالہ اور دیگر معززین بھی موقع پر موجود تھے, جنہوں نے کہا کہ وہ رانا صداقت اللہ خان کی قیادت پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں,

لاہور: ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن اور لاہور بار ایسوسی ایشن کے زیراہتمام آل پاکستان وکلاء کنونشن سے صدر لاہور بار عرفان حیات باجوہ خطاب کر رہے ہیں جبکہ بابر مرتضیٰ، حامد خان، علی احمد کرد و دیگر سٹیج پر بیٹھے ہیں (فوٹو ظہیر مغل سے)

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)10 جون 2026ء

پنجاب کی بیٹی ایوارڈ کی شاندار تقریب کا انعقاد

تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ جبکہ دیگر معزز مہمانوں میں ممبر پنجاب اسمبلی میڈم صائمہ زاہد، سی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر عطیہ ارشد ملک و دیگر موجود



گوجرانوالہ: (نویدہ بخاری) ایکسیلینس سلیکٹر کمپنی کے زیرِ اہتمام، طائر ویلفیئر آرگنائزیشن، الرحمن ویلفیئر آرگنائزیشن، ایپی کیورین کالج آف ہاسپیلیلٹی اور فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے اشتراک سے خواتین کی حوصلہ افزائی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں ان کی نمایاں خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے "پنجاب کی بیٹی ایوارڈ" کی شاندار تقریب منعقد ہوئی۔ یہ تقریب مدر ڈے کے حوالے سے منعقد کی گئی جس میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد تھے جبکہ دیگر معزز مہمانوں میں ممبر پنجاب اسمبلی میڈم صائمہ زاہد، سی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر عطیہ ارشد ملک، سابق صدر چیمبر آف کامرس رانا محمد صدیق خان، پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج ڈاکٹر لبنیٰ اخلاق خان، سابق سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر فریحہ اکرم ملک، چیئرپرسن ایپی کیورین کالج آف ہاسپیلیلٹی میڈم صائمہ اقبال، صدر گوجرانوالہ سول سوسائٹی نیٹ ورک عبدالخالق قریشی، سینئر نائب صدر محمد اقبال مغل، چیئرمین کشمیر انٹرنیشنل فورم قاضی ارباب فاروقی سمیت دیگر سماجی، تعلیمی اور صحافتی شخصیات شامل تھیں۔ تقریب کے آرگنائزر اور سی ای او ایکسیلینس سلیکٹر کمپنی ایچ اے حمید نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجاب کی بیٹی ایوارڈ کا مقصد ان خواتین کی خدمات کو اجاگر کرنا ہے جو تعلیم، صحت، سماجی خدمت، صحافت، کاروبار اور دیگر شعبوں میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کی ترقی میں خواتین کا کردار نہایت اہم ہے اور ایسی تقریبات خواتین کی حوصلہ افزائی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ صدر الرحمن ویلفیئر آرگنائزیشن ڈاکٹر نورین شکیل نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں مثبت تبدیلی خواتین کی تعلیم، خود اعتمادی اور عملی کردار سے ممکن ہے۔ انہوں نے تمام مہمانوں کی آمد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی شرکت اس پروگرام کی کامیابی کا باعث بنی۔ چیئرپرسن ایپی کیورین کالج آف ہاسپیلیلٹی میڈم صائمہ اقبال نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین کسی بھی معاشرے کی اصل طاقت ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو پہچاننا اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایپی کیورین کالج ہمیشہ مثبت اور تعمیری سرگرمیوں میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ انہوں نے پنجاب کی بیٹی ایوارڈ کو خواتین کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم قرار دیتے ہوئے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا۔

محرم الحرام کا مہینہ ہمیں ایثار و قربانی کا درس دیتا ہے: محمد ندیم ابراہیم سیالوی

اس ماہ مقدس میں آخوت بھائی چارے اور رواداری کے فروغ کیلئے کام کرنا چاہیے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محرم الحرام کا مہینہ ہمیں ایثار و قربانی کا درس دیتا ہے اس ماہ مقدس میں آخوت بھائی چارے اور رواداری کے فروغ کیلئے کام کرنا چاہیے تمام مکاتب فکر کے علما کرام اتحاد بین المسلمین پر عمل پیرا ہوں ان خیالات کا اظہار بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کے مرکزی چیئرمین پیر محمد ندیم ابراہیم سیالوی، سرپرست مفتی مولانا نصر اللہ عزیز، پیر محمد خرم سیلفی، اہل تشیع کے رہنما حاجی سید محمد رضا شاہ، بریلوی مکتب فکر کے رہنما مولانا نعیم الدین، مفتی امتیاز احمد حقانی، حاجی سکندر حیات گولڑوی، دیوبند مسلک کے رہنما حضرت مولانا خلیل احمد اشرفی، جمعیت علما اسلام کے رہنما مفتی محمد افضال، اہل حدیث مسلک کے رہنما حافظ عبدالروف، مولانا عمر فاروق انجم، انجمن تاجران چنیوٹ کے صدر حاجی محمد جمیل فخری، مزدور محاذ کے رہنما ڈاکٹر علی امین، جماعت اسلامی کے ضلعی نائب امیر سید نور الحسن شاہ، ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل کے صدر شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ، علامہ طاہر عباس خضر نجفی صدر اسلامی فلاحی کونسل، پیر زادہ اقبال حسین ضلعی چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی و دیگر رہنماؤں نے ڈاکٹر سرفراز پلازہ علی لیبر ہال میں بین المذاہب امن کمیٹی چنیوٹ کے زیر اہتمام منعقدہ امن سیمینار سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر مرکزی چیئرمین پیر محمد ندیم ابراہیم سیالوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اپنے مسلک پر قائم رہتے ہوئے کسی دوسرے مسلک کو نہ چھیڑا جائے آج ہمیں امن اور رواداری کی اشد ضرورت ہے تمام علما کرام اتحاد بین المسلمین کا درس دیں بیرونی طاقتیں پاکستان کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے ہمیں مل کر ان سازشوں کو ناکام بنانا ہوگا سیکورٹی اداروں افواج پاکستان اور شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اس موقع پر دیگر علما کرام مولانا خلیل احمد اشرفی، مولانا نعیم الدین، حافظ عبدالروف، حاجی رضا شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو امن کا گہوارہ بنائیں پاکستان کی سالمیت کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

سٹوڈنٹس کے محفوظ مستقبل کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ، سٹوڈنٹس کے محفوظ مستقبل کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی پی او دفتر میں پولیس کے زیر اہتمام سٹوڈنٹس میں شعور اور روشن مستقبل کے فروغ کیلئے گپ شپ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ گپ شپ سیشن میں ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف، کمز کالج چنیوٹ کے اساتذہ کرام، طلباء، طالبات نے شرکت کی۔ گپ شپ سیشن کے دوران قانون پسند شہریت، صحت و صفائی، تعلیم اور کیریئر کاؤنسلنگ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیشن کے دوران سٹوڈنٹس نے کھل کر ڈی پی او سے سوالات کیے اور مستقبل کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی گئی۔

پیپلز پارٹی انشاءاللہ گلگت بلتستان میں حکومت بنائے گی۔ خواجہ اویس مشتاق ASC

صدر آصف زرداری و چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں عظیم کامیابی ملی۔ نائب صدر PP پنجاب



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے جو آج بھی وفاق کی علامت ہے اور یہ دعویٰ نہیں حقیقت ہے۔ ہماری مدبر و زیرک قیادت کے بہترین فیصلوں نے سابقہ وزراء اعظم قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید و بی بی شہید کے عوام دوست ویژن کے مطابق ہمیشہ کامیابیاں حاصل کیں۔ ان باتوں کا اظہار نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب و قومی اسمبلی کے ٹکٹ ہولڈر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں انشاء اللہ پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی جس کیلئے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری و وزیر اعظم کی مابین اہم ملاقات ہو رہی ہے۔

پاکستان سیاحتی اعتبار سے دنیا میں بے مثال ملک ہے۔ خواجہ عامر جاوید

وطن عزیز میں سیاحت کیسے فروغ کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے عمر بٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان دنیا کے خوبصورت ترین ممالک کی فہرست میں آتا ہے اس کی وجہ اسکی قدرتی خوبصورتی اور دلکش موسم ہیں جو دنیا بھائے ممالک میں اسے ممتاز کرتے ہیں۔ ملکی خوبصورتی کا ابھی تک 40 فیصد حصہ ایکسپلور ہوا ہے جب کہ 60 فیصد مخفی ہے جس کو دکھانے اور ان بے مثال قدرتی مناظر کے دلفریب نظارے دکھانے کیلئے مضبوط انفراسٹرکچر اور سیاحوں کیلئے محفوظ پناہ گاہیں قائم کرنے چاہیئے۔ ان باتوں کا اظہار خواجہ عامر جاوید اور محمد عمر بٹ نے سیاحت کیلئے شمالی علاقہ جات سے واپسی پر میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان نے سیاحت کے فروغ کیلئے موثر و تعمیر کیے جو بہترین اقدامات ہیں مگر اس کے باوجود شمالی علاقہ جات خصوصاً چترال سے کافرستان بمو ریت روڈ، سوات، بحرین سے کالام اور مہوڈنڈ جھیل اسی طرح کروٹ سمیت دیگر نئی جگہوں تک رسائی کیلئے روڈ انفراسٹرکچر کی طرف سفر توجہ دی جائے تو سیاحت ایک انڈسٹری کے طور پر اربوں ڈالر ملکی معیشت میں شامل کر سکتی ہے۔

خاندانی منصوبہ بندی کے موضوع پر ایک اہم حساسیت و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) محکمہ صحت و آبادی کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس ننکانہ صاحب میں "بطور ذمہ دار خاندان خاندانی منصوبہ بندی کے طریقوں کو اپناتے ہوئے ماں اور بچے کی اہم ضروریات کو مدنظر رکھنا" کے موضوع پر ایک اہم حساسیت و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیشن کا مقصد عوام میں خاندانی منصوبہ بندی کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور ایک صحت مند، متوازن اور ذمہ دار خاندانی نظام کے قیام کے بارے میں شعور پیدا کرنا تھا۔ پروگرام میں پاپولیشن ویلفیئر آفیسر جناب کاشف مختار عابد نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ انہوں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک ذمہ دار خاندان کی بنیاد اس بات پر ہے کہ والدین بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ رکھیں تاکہ ماں اور بچے دونوں کی صحت بہتر رہے اور خاندان خوشحال زندگی گزار سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل سے نمٹنے کے لیے ضروری ہے کہ عوام خاندانی منصوبہ بندی کے جدید اور محفوظ طریقوں سے آگاہ ہوں اور انہیں اپنی عملی زندگی میں اپنائیں۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس ننکانہ صاحب کی جانب سے عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے ذمہ دارانہ خاندانی رویہ اختیار کریں اور محکمہ صحت و آبادی کی آگاہی مہمات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

ڈاکٹر عاصم حفیظ کو ڈاکٹریٹ کی تکمیل پر شہر کی سیاسی سماجی شخصیات نے مبارکباد دی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ایچ ڈی میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اسٹڈیز ڈاکٹر عاصم حفیظ کو ڈاکٹریٹ کی تکمیل پر شہر کی سیاسی سماجی شخصیات نے مبارکباد دی ہے اور ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے جس پر تمام احباب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ڈاکٹر عاصم حفیظ نے کہا ہے کہ دوستوں کی طرف سے مبارکباد دینے کے جذبات قیمتی اور میرے لیے اعزاز کی بات ہے میری پی ایچ ڈی میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اسٹڈیز میں ہے مقالے کا موضوع **نوجوانوں کی ترقی میں سوشل میڈیا کا کردار** نوجوانوں کی جانب سے سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کردار سازی مستقبل کی منصوبہ بندی سماجی و سیاسی کردار کو موضوع بنایا ان شاء اللہ تعالیٰ اسی موضوع کے تحت مزید تحقیق اور مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال جاری رہے گا اس سفر میں ساتھ دینے والوں اور دعاوں میں یاد رکھنے والوں سمیت مبارکباد دینے والوں کا دلی مشکور ہوں۔

ممبران سوسائٹی کیلئے بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

وزیرآباد روڈ کے اطراف شجرکاری و صفائی کیلئے اقدامات کئے جائینگے: صدر ماڈل ٹاؤن فیز 1

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی فیز ون اور اس کے گرد و نواح کو ایک ... کے لیے لائحہ عمل مرتب کیا گیا اس موقع پر چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ مسٹر اشفاق نے بتایا کہ ...

اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ

ہسپتال کی تمام او پی ڈیز معمول کے مطابق فعال اور مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کرتی پائی گئیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت صاحبہ نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال پسرور کا اچانک دورہ کیا اور مختلف او پی ڈیز کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ سرجیکل او پی ڈی بند پائی گئی، حالانکہ پہلے ہی ہدایات جاری کی جا چکی تھیں کہ او پی ڈی سروس کسی صورت معطل نہ کی جائیں۔ معلوم ہوا کہ ایک جنرل سرجن آپریشن تھیٹر میں موجود تھے جبکہ دوسرے جنرل سرجن نہ او پی ڈی میں موجود تھے اور نہ ہی آپریشن تھیٹر میں۔ اس دوران سرجیکل مریض معائنے کے لیے آپریشن تھیٹر کے باہر انتظار کرتے پائے گئے۔ اس صورتحال پر متعلقہ ذمہ داران سے وضاحت طلب کر لی گئی ہے۔ ہسپتال کی دیگر تمام او پی ڈیز معمول کے مطابق فعال اور مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کرتی پائی گئیں۔

فیسکو کی جانب سے فرض شناس اور قابل افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری

ملک مرید حسین اس وقت جھنگ سرکل میں ایکسین ایم اینڈ ٹی کے اہم ترین عہدے پر تعینات ہیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) فیسکو کی جانب سے فرض شناس اور قابل افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے فیسکو جھنگ سرکل میں بطور ایکسین ایم اینڈ ٹی فرائض سرانجام دینے والے نامور افسر ملک مرید حسین کو گریڈ 19 میں ترقی دے دی گئی تفصیلات کے مطابق فیسکو کے اعلیٰ سطحی بورڈ نے ملک مرید حسین کی محکمانہ خدمات، بہترین کارکردگی اور دیانتداری کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں گریڈ 18 سے گریڈ 19 میں ترقی دینے کی منظوری دی جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے ملک مرید حسین اس وقت جھنگ سرکل میں ایکسین ایم اینڈ ٹی کے اہم ترین عہدے پر تعینات ہیں اور انہوں نے اپنے دور تعیناتی میں بجلی چوری کے خاتمے، ریکوری مہم اور ٹیکنیکل مانیٹرنگ کے نظام کو فعال بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے ملک مرید حسین کو گریڈ 19 میں ترقی ملنے پر پریس کلب جھنگ کے عہدیداران، تاجر برادری، سول سوسائٹی اور فیسکو جھنگ سرکل کے ملازمین و افسران نے انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ وہ نئے گریڈ میں ترقی کے بعد فیسکو صارفین کی خدمت اور محکمے کی بہتری کے لیے مزید جذبے سے کام کریں گے دوسری جانب ملک مرید حسین نے ترقی دینے پر فیسکو کی اعلیٰ قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنی تمام تر توانائیاں فرائض کی مخلصانہ ادائیگی کے لیے وقف رکھیں گے

بجلی، ٹیلیفون، انٹرنیٹ اور کیبل کی تاریں شہریوں کیلئے وبال جان بن گئیں

متعدد مقامات پر تاریں ٹوٹ کر یا نیچی ہو کر گلی محلوں اور سڑکوں پر لٹک رہی ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کی آمد کے پیش نظر شہر اور گردونواح میں مختلف سرکاری و نجی اداروں کی جانب سے بچھائی گئی بجلی، ٹیلیفون، انٹرنیٹ اور کیبل کی تاریں موٹر سائیکل سواروں اور شہریوں کے لیے وبال جان بن گئیں۔ متعدد مقامات پر تاریں ٹوٹ کر یا نیچی ہو کر گلی محلوں اور سڑکوں پر لٹک رہی ہیں، جس کے باعث کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ رونما ہونے کا خدشہ پیدا ہو سکتا ہے۔ ارباب اختیار نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں، گلی محلوں اور سڑکوں پر بجلی، ٹیلیفون، انٹرنیٹ اور کیبل نیٹ ورک کی لاوارث اور اضافی تاریں جگہ جگہ لٹکتی نظر آتی ہیں۔ کئی مقامات پر یہ تاریں اتنی نیچی ہو چکی ہیں کہ شہریوں، موٹر سائیکل سواروں اور عزاداروں کی آمد و رفت میں شدید مشکلات پیدا ہو سکتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے دوران یہ تاریں نہ صرف رکاوٹ بن سکتی ہیں بلکہ انسانی جانوں کے لیے بھی خطرہ ثابت ہو سکتی ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر جہلم سمیت متعلقہ اداروں کے ذمہ داران سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام خطرناک، اضافی اور لٹکتی ہوئی تاروں کو ہٹایا جائے جبکہ ضروری تاروں کو مناسب اونچائی پر منتقل کیا جائے تاکہ شہری، موٹر سائیکل سوار بلا خوف و خطر آمد و رفت جاری رکھ سکیں اور کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے۔

ایران امریکہ مذاکرات کے اگلے دور کیلئے پاکستان حکومت بھرپور کردار ادا کر رہی ہے: امجد نذیر بٹ

جنگ بندی میں توسیع کی خاطر بھی کوششیں جاری ہیں جن کے رنگ لانے امکانات روشن ہیں دونوں فریقین کا پاکستان پر اعتماد مثالی ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امیدوار پی پی 141 امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ ایران امریکہ مذاکرات کے اگلے دور کیلئے پاکستان حکومت بھرپور کردار ادا کر رہی ہے اور دونوں فریقوں سے رابطے جاری ہیں جلد اگلے دور کے مذاکرات کا اعلان ہوگا جنگ بندی میں توسیع کی خاطر بھی کوششیں جاری ہیں جن کے رنگ لانے امکانات روشن ہیں دونوں فریقین کا پاکستان پر اعتماد مثالی ہے جسے قائم رکھتے ہوئے ان شاء اللہ مکمل جنگ بندی و خطہ میں پائیدار قیام امن یقینی بنایا جائے گا، پارٹی صدر میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں (ن) لیگ فعال و منظم ہے کارکنان کے حوصلے بلند ہیں جو عوامی ریلیف کے ویژن کی تکمیل میں حکومت کا بھرپور ساتھ دے رہے ہیں پارٹی قیادت عوامی حقوق کے تحفظ کی ضامن اور وطن عزیز کی محافظ ہے جس نے ہمیشہ ملک و قوم کو خوشحال و ترقی یافتہ بنانے کی جدوجہد کی اب ملک کو معاشی استحکام کی ضرورت ہے جس کیلئے میاں محمد نواز شریف کے ملک کو معاشی ایشین ٹائیگر بنانے کے ویژن کی تکمیل کی خاطر حکومت بھرپور جدوجہد کر رہی ہے

قدرتی وسائل کا دانشمندانہ استعمال بارے شعور اجاگر کیا جائے۔ عبدالغفور ملک

موسمیاتی تبدیلیاں دنیا کیلئے چیلنج بن چکی ہیں۔ سابق صدر سیالکوٹ چیمبر / چیئرمین سیال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماحولیاتی تحفظ، شجرکاری اور قدرتی وسائل کا دانشمندانہ استعمال یقینی بنانے کیلئے شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ ان باتوں کا اظہار سابق صدر سیالکوٹ چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری عبدالغفور ملک چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ نے ماحولیاتی تبدیلیوں کے حوالہ سے اہم میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیاں پوری دنیا کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہیں اور ان کے منفی اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ پاکستان تیزی سے ماحولیاتی تبدیلیوں کے شکار ممالک کی فہرست میں شامل ہے۔ درختوں کا تحفظ اور زیادہ سے زیادہ شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہر شہری اگر اپنے حصے کا ایک درخت بھی لگائے اور اس کی نگہداشت کرے تو ماحول کو بہتر بنانے اور آلودگی میں کمی لانے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ صاف ستھرے اور سرسبز ماحول کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

فیصل آباد: مقامی ہوٹل میں کسانوں کی رہنمائی کیلئے سرسبز دھان کنونشن کا انعقاد

فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی جدید زرعی ٹیکنالوجی کے ذریعے کاشتکاروں کی رہنمائی کیلئے کوشاں ہے: مقررین

پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے تعاون سے دیپالپور میں ایک آگاہی تقریب کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ماحولیات کے عالمی دن کی مناسبت سے فارمرز ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے تعاون سے دیپالپور میں ایک آگاہی تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب کا مقصد عوام میں ماحولیاتی تحفظ، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات اور ان سے بچاؤ کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا۔ تقریب کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فیصل شہزاد چیمہ تھے۔ اس موقع پر فرحیات اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ڈاکٹر اقرا محمد ماہر غذائیت، رکثیر تعداد میں مرد و خواتین نے شرکت کی۔ فارمرز ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کی جانب سے شبیر حسین، رسول حمزہ اور خرم ریاض نے نمائندگی کی۔ مقررین نے اپنے خطاب میں درختوں کی اہمیت، ماحولیاتی آلودگی کے بڑھتے ہوئے خطرات اور ماحول کے تحفظ میں اجتماعی ذمہ داری کے کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے شرکاء پر زور دیا کہ وہ شجرکاری کو فروغ دیں اور روزمرہ زندگی میں ماحول دوست طرزِ عمل اپنائیں تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک صاف، سرسبز اور صحت مند ماحول یقینی بنایا جا سکے۔

ڈی پی او ننکانہ زیر صدارت جوڑ میلہ 2026 کے انتظامات کا جائزہ اجلاس

متعلقہ اداروں نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جوڑ میلہ کے تمام تر انتظامات مکمل ہیں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد کی زیر صدارت جوڑ میلہ 2026 کے انتظامات کا جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں متروکہ وقف املاک بورڈ کے افسران، سردار رنجیت سنگھ کنول، سردار گوپال سنگھ چاولہ سمیت گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی اجلاس میں دنیا بھر سے جوڑ میلہ میں شرکت کرنے والے سکھ یاتریوں کے لیے انتظامات و سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ اداروں نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جوڑ میلہ کے تمام تر انتظامات مکمل ہیں۔ دنیا بھر سے آنے والے سکھ یاتریوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق دنیا کے مختلف ممالک سے سکھ یاتری جوڑ میلہ میں شرکت کے لیے ننکانہ صاحب پہنچ رہے ہیں۔ جوڑ میلہ کی تقریبات کا آغاز اکھنڈ پاٹ کی رسم سے آج رات سے ہوگا اور ننکانہ صاحب میں جوڑ میلے کی تقریبات 12 جون کو بھوگ سے اختتام پذیر ہوں گی۔ بھارت سے آنے والے سکھ یاتری آج 10 جون کو ننکانہ صاحب پہنچیں گے، جہاں وہ اپنی مذہبی رسومات ادا کریں گے جبکہ سکھ یاتری 12 جون کو ننکانہ صاحب سے روانہ ہو جائیں گے، جوڑ میلے کی مرکزی تقریب گوردوارہ ڈیرہ صاحب لاہور میں منعقد ہوگی۔ سکھ قوم جوڑ میلہ گورو ارجن دیو جی کی شہادت کی یاد میں مناتی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ جوڑ میلہ میں شرکت کے لیے ننکانہ صاحب آنے والے سکھ یاتریوں کے لیے بہترین اور فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ سکھ یاتری پاکستان سے محبت اور اچھی یادیں لیکر جائیں گے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جوڑ میلے کے ایام میں ننکانہ صاحب میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں گے۔

امامیہ کالونی میں شیعہ کمیونٹی کے زیر اہتمام محرم الحرام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا

اجلاس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے یوتھ رہنما پیر معمر حسنی رسول نے خصوصی شرکت کی

فیروزوالا (نامہ نگار منور حسین) امامیہ کالونی میں شیعہ کمیونٹی کے زیر اہتمام محرم الحرام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے یوتھ رہنما پیر معمر حسنی رسول نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سکیورٹی، صفائی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر تمام متعلقہ سرکاری اداروں کے افسران اور عہدیداران نے بھی شرکت کی اور محرم کے دوران امن و امان کے قیام کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ پیر معمر حسنی رسول نے یقین دہانی کرائی کہ انتظامیہ کمیونٹی کے ساتھ مل کر تمام تر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے گی۔

حضرت میراں سید محمد سرکار رحمۃ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے موقع پر بعض خرافات اور غیر شرعی سرگرمیوں کا فروغ انتہائی افسوسناک ہے

... حضرت میراں محمد سرکار رحمۃ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے موقع پر بعض خرافات اور غیر شرعی سرگرمیوں کا فروغ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے مرکز اہل سنت نارنگ میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عرس کے نام پر ناچ گانے ہلڑبازی اور قبرستان کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کی جا سکتی اہل سنت و جماعت اور اولیائے کرام کی تعلیمات کا ایسی غیر شرعی سرگرمیوں سے کوئی تعلق نہیں اس موقع پر جوائنٹ سیکرٹری حافظ اسد فنانس سیکرٹری قاری انیس چشتی مفتی عثمان رضوی اور دیگر رہنما بھی موجود تھے مقررین نے کہا کہ محکمہ اوقاف پولیس سیکورٹی اداروں اور دیگر متعلقہ حکام کو ان معاملات کا فوری نوٹس لینا چاہیے اسلام ناچ گانے شراب نوشی بے حیائی اور دیگر غیر اخلاقی سرگرمیوں کی سختی سے ممانعت کرتا ہے انہوں نے کہا کہ اولیائے کرام کے مزارات رشد و ہدایت روحانی تربیت اور رحمت الٰہی کے مراکز ہیں ان مقدس مقامات پر مرد و خواتین کا بے جا اختلاط قبرستان میں شور و غل ناچ گانے اور ہلڑبازی نہ صرف اسلامی تعلیمات کے منافی ہیں بلکہ لاکھوں مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو بھی مجروح کرتے ہیں رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ عرس انتظامیہ فوری طور پر ایسی سرگرمیوں کا خاتمہ کرے اور عرس مبارک کو قرآن خوانی ذکر و اذکار درود و سلام اور ایصال ثواب جیسی دینی و روحانی روایات کے مطابق منعقد کیا جائے تنظیم علماء اہلسنت نارنگ نے مزار شریف اور قبرستان کی حدود میں ہونے والی غیر اخلاقی اور اسلام مخالف سرگرمیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے ذمہ دار اداروں سے فوری اور موثر کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات جاری

ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے مشن پر عمل پیرا ہے اور شہریوں کے مسائل کا حل میرٹ اور ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جا رہا ہے: ڈپٹی کمشنر

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر ہی درخواستوں پر کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے مشن پر عمل پیرا ہے اور شہریوں کے مسائل کا حل میرٹ اور ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوام کو براہ راست انتظامیہ تک رسائی حاصل ہے تاکہ ان کے مسائل موقع پر حل کیے جا سکیں۔

جنرل سیکرٹری چوہدری ثاقب ظہیر کی جانب سے مقامی ریسٹورنٹ میں عید ملن پارٹی کا اہتمام

تاجر برادری کے مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں: شرکاء سے خطاب

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ کے جنرل سیکرٹری چوہدری ثاقب ظہیر کی جانب سے مقامی ریسٹورنٹ میں عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا، جس میں شہر کی سیاسی، سماجی، کاروباری اور تاجر برادری کی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں انجمن تاجران کے سرپرست اعلیٰ حاجی محمد شفیق، رکن قومی اسمبلی چوہدری ریاض الحق جج، رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، سابق رکن صوبائی اسمبلی چوہدری منیب الحق، صدر انجمن تاجران شیخ محمد ریاض، چوہدری فیاض ظفر خادم اوکاڑہ سمیت مختلف بازاروں کے صدور، جنرل سیکرٹریز اور تاجر رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے عید کی خوشیوں کو باہمی محبت، اخوت اور اتحاد کے فروغ کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ رکن قومی اسمبلی چوہدری ریاض الحق جج نے چوہدری ثاقب ظہیر کو انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ کا جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ تاجر برادری کے مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں تاجروں کی آواز مزید موثر انداز میں متعلقہ اداروں تک پہنچے گی۔ رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر نے کہا کہ چوہدری ثاقب ظہیر کی تاجر برادری کے لیے خدمات قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے نو منتخب جنرل سیکرٹری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ تاجر تنظیموں کا مضبوط اور متحرک ہونا شہر کی معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ چوہدری فیاض ظفر خادم اوکاڑہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری ثاقب ظہیر ایک متحرک، باصلاحیت اور مخلص تاجر رہنما ہیں۔

مرکزی صدر مہر ویلفیئر سوسائٹی میاں ساجد حسین الراعی کی جانب سے پرتکلف عشائیہ

ایم این اے شازیہ فرید، ایم پی اے بی بی وڈیری اور دیگر تنظیمی عہدیداران کی شرکت

سیاسی و سماجی راہنما شازیہ گوندل کو مہر ویلفیئر سوسائٹی کی جنرل سیکرٹری وومن ونگ پنجاب بننے پر مبارکباد پیش کی گئی

عارفوالا (نمائندہ قوت) مرکزی صدر مہر ویلفیئر سوسائٹی انجمن الراعی پاکستان میاں ساجد حسین الراعی کی جانب سے تنظیمی عہدیداران اور ممبران کے اعزاز میں ایک پرتکلف عشائیہ دیا گیا جس میں ایم این اے شازیہ فرید، ایم پی اے بی بی وڈیری، سرپرست اعلیٰ مہر انور، مرکزی چیئرمین چوہدری سجاد مشتاق، مرکزی صدر میاں ساجد حسین الراعی، مرکزی جنرل سیکرٹری چوہدری محسن تنویر آرائیں، جنرل سیکرٹری وومن ونگ پنجاب شازیہ گوندل، کوآرڈی نیٹر ٹو ایم این اے شاہد اقبال ناگرا، صدر وکلا ونگ چوہدری سکندر حیات، صدر میڈیا سیل میاں تنویر ساحل، صدر کامونکی کوثر مجید اور دیگر تنظیمی عہدیداران نے شرکت کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم این اے شازیہ فرید نے کہا کہ خواتین کے مسائل کو حل کرنا ہماری ترجیحات کا اہم حصہ ہے معاشرے میں عورت کے اصل مقام کو پہچاننا اور خواتین کو کام کرنے کے مساوی مواقع فراہم کرنا اشد ضروری ہے ایم پی اے بی بی وڈیری نے کہا کہ مستحق خاندانوں کی بیٹیوں کی شادیوں کا مشن جاری و ساری ہے، سرپرست اعلیٰ مہر انور نے تنظیمی کارکردگی کے حوالے سے بتایا کہ اب تک 1100 سے زائد بیٹیوں کی شادیوں کا انتظام کیا جا چکا ہے اور ہماری جدوجہد جاری ہے، جنرل سیکرٹری وومن ونگ پنجاب شازیہ گوندل نے کہا کہ انسانیت کی بے لوث خدمت عظیم عبادت ہے سماجی خدمات کے حوالے سے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہوں گی مرکزی صدر میاں ساجد حسین الراعی نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مہر ویلفیئر سوسائٹی کے پلیٹ فارم سے مستحق عوام کی خدمت کے لئے بھرپور تعاون جاری رہے گا۔

جہلم لله دو رویہ سڑک ہرنپور تا مصری موڑ سست روی کا شکار

ٹرانسپورٹرز، عوام، تاجر، طلبہ و طالبات شدید پریشانی میں مبتلا، وزیر اعلیٰ پنجاب نوٹس لیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم لله دو رویہ سڑک ہرنپور تا مصری موڑ سست روی کا شکار، ٹرانسپورٹرز، عوام، تاجر، طلبہ و طالبات شدید پریشانی میں مبتلا، وزیر اعلیٰ پنجاب نوٹس لیں علاقہ مکینوں نے ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جہلم لله دو رویہ 128 کلو سڑک کا منصوبہ پنڈدادنخان تا مصری موڑ انتہائی سست روی کا شکار ہے جس کے باعث تحصیل پنڈدادنخان سے ضلعی ہیڈکوارٹر آنے والے مسافروں، ٹرانسپورٹرز، اور تاجر برادری کو شدید مشکلات کا سامنا ہے یہ منصوبہ جہلم کو لله انٹرچینج موٹروے سے ملانے والی ایک اہم رابطہ سڑک ہے جو انتہائی اہمیت کا حامل منصوبہ ہے تاہم پنڈدادنخان تا مصری موڑ کام کی رفتار انتہائی سست ہونے کے باعث عوام میں تشویش بڑھتی جا رہی ہے۔ اس اہم سڑک کے مکمل ہونے سے جہلم، میر پور، سرائے عالمگیر اور ملحقہ علاقوں کی طرف آنے والی بھاری ٹریفک جو گھنٹوں مشکلات کا شکار رہتی ہے جس سے نہ صرف مسافروں کو شدید ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ ایندھن کے اخراجات اور وقت کا ضیاع بھی بڑھ جاتا ہے۔ روزانہ سفر کرنے والے افراد طلبہ اور مریضوں کو خاص طور پر مشکلات کا سامنا ہے تاجر برادری کا کہنا ہے کہ سڑک کی عدم تعمیر اور مسلسل تاخیر کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ سامان کی بروقت ترسیل میں رکاوٹ آ رہی ہے جس سے مالی نقصان بڑھ رہا ہے اور مقامی معیشت بھی دباؤ کا شکار ہے شہریوں نے مزید بتایا کہ زیر تعمیر سڑک کی وجہ سے حادثات میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ متعدد جان لیوا حادثات میں کئی قیمتی جانیں جا چکی ہیں جبکہ سینکڑوں افراد زخمی بعض مستقل معذوری کا شکار ہو چکے ہیں۔

جہلم پریس کلب کا ہنگامی اجلاس صدر مہر محمد الیاس کی زیرِ صدارت منعقد ہوا

اجلاس میں صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس نے سینئر صحافیوں پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی، جو DPO جہلم سے ملاقات کر کے انہیں اصل حقائق سے آگاہ کرے گی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کا ہنگامی اجلاس صدر مہر محمد الیاس کی زیرِ صدارت منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ تلاوت کی سعادت مرزا قدیر بیگ نعت رسول مقبول سید ناصر محمود نے پیش کی جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو نے اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا کہ جہلم پریس کلب کے معزز رکن اور دنیا نیوز کے انچارج ملک فدا حسین اعوان کے خلاف تھانہ سول لائن میں ایک مقدمہ درج کیا گیا ہے، جس کا حقائق سے کوئی تعلق نہیں انہوں نے بتایا کہ جس وقت کے وقوعہ کا مقدمے میں ذکر کیا گیا ہے، اس وقت ملک فدا حسین اعوان ایک انکوائری کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم کے دفتر میں موجود تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ تھانہ سول لائن پولیس نے مدعی کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے سخت زیادتی اور ناانصافی کا مظاہرہ کیا ہے اجلاس میں صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس نے سینئر صحافیوں پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی، جو ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم سے ملاقات کر کے انہیں اصل حقائق سے آگاہ کرے گی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر یہ مطالبہ کیا گیا کہ انکوائری آفیسر مکمل غیر جانبداری، دیانت داری اور میرٹ کی بنیاد پر تحقیقات کو آگے بڑھائیں اور بے گناہ افراد کو مقدمے سے فوری طور پر ڈسچارج کیا جائے اس موقع پر جہلم پریس کلب کے صحافیوں کی کثیر تعداد موجود تھی، جنہوں نے آزادیٔ صحافت کے تحفظ اور صحافی برادری کے ساتھ ہر قسم کی ناانصافی کے خلاف متحد رہنے کے عزم کا اظہار کیا۔

محرم الحرام کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی تعزیہ لائسنس داران و منتظمین جلوس کے ساتھ میٹنگ

محرم الحرام کے دوران ضلع بھر میں نکالے جانے والے جلوسوں کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محرم الحرام کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی تعزیہ لائسنس داران و منتظمین جلوس کے ساتھ میٹنگ، تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد احمر علی اور ایس پی انویسٹی گیشن عثمان ملک کی زیر صدارت محرم الحرام میں ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد و انتظامات کے حوالے سے تعزیہ لائسنس داران، منتظمین جلوس سے اہم میٹنگ ہوئی جس میں اسسٹنٹ کمشنرز، پولیس افسران، میونسپل کمیٹی، ضلع کونسل، ستھرا پنجاب، واسا و اپڈا، محکمہ صحت، سول ڈیفنس، ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی میٹنگ میں محرم الحرام کے دوران ضلع بھر میں نکالے جانے والے جلوسوں کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام جلوسوں اور مجالس کے روٹس کی بروقت مرمت، صفائی ستھرائی، اسٹریٹ لائٹس کی بحالی، نکاسی آب اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عزاداران کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایس پی انویسٹی گیشن عثمان ملک نے میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کے لیے فول پروف سیکورٹی پلان تشکیل دیا جا رہا ہے۔ جلوسوں اور مجالس کی موثر نگرانی کے لیے اضافی نفری تعینات کی جائے گی جبکہ حساس مقامات پر خصوصی سیکورٹی انتظامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے منتظمین پر زور دیا کہ وہ ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع پولیس کو دیں۔ میٹنگ کے دوران تعزیہ لائسنس داران اور منتظمین جلوس نے اپنے مطالبات و گزارشات پیش کیں، افسران نے منتظمین کے مطالبات کو غور سے سنتے ہوئے متعلقہ افسران کو ضروری اقدامات کی ہدایات جاری کیں

ادارتی صفحہ
EDITORIAL

آبی ذخائر اور بجٹ ترجیحات

اس وقت جب پاکستان کی زراعت، صنعت اور کروڑوں انسانوں کی بقا کا ضامن پانی ماحولیاتی خطرات کی زد میں ہے ملک کے آبی منصوبوں میں محدود سرمایہ کاری آبی و زرعی تحفظ اور کم لاگت بجلی کے پیداواری منصوبوں کے حوالے سے تقاضا کو ظاہر کرتی ہے۔ پانی کی منصفانہ تقسیم اس کی ذخیرہ اندوزی اور بجلی کی پیداوار کے منصوبے نہ صرف ہمیں ماحولیاتی خطرات سے بچا سکتے ہیں بلکہ کم لاگت توانائی بھی مہیا کر سکتے ہیں مگر بجٹ اور فنڈز کی تقسیم میں ان کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ وزارت آبی وسائل نے ملک کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے آئندہ مالی سال کیلئے 969 ارب روپے کی ضرورت کا تخمینہ لگایا تھا لیکن حکومت کی جانب سے محض 179 ارب روپے کی رقم مختص کیے جانے کو سمجھا جا رہا ہے جو کہ ماہرین اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر قرار دے رہے ہیں۔ گزشتہ بجٹ میں حکومت نے ترقیاتی فنڈ میں آبی ذخائر کیلئے مجموعی طور پر 140 ارب روپے مختص کیے تھے جن میں سے اب تک 106 ارب روپے ہی فراہم کیے جا سکے ہیں۔ [illegible] آبی ذخائر کی تعمیر و توسیع ملکی بقا کا ناگزیر تقاضا بن چکا ہے۔ آبی منصوبوں میں سرمایہ کاری حکومتی ترجیحات میں نظر نہیں آتی۔ واپڈا حکام کے مطابق اس وقت ملک کو بڑے جاری ہائیڈرو پاور منصوبوں کو برق رفتار بڑھانے اور پانی ذخیرہ کرنے کے نئے منصوبوں پر کام شروع کرنے کیلئے کم از کم 500 ارب روپے کی ضرورت ہے مگر قلیل مالی وسائل ان منصوبوں کو متاثر کر رہے ہیں۔ [illegible] تشویشناک بات یہ ہے کہ آبی منصوبوں کیلئے مختص بجٹ سے دسیوں گنا زائد رقوم حکومت نجی بجلی گھروں کو کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کر رہی ہے۔ گزشتہ مالی سال میں کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں 1940 ارب روپے سے زائد ادا کیے گئے جبکہ کیلنڈر ایئر 2026 کیلئے کیپسٹی چارجز کا تخمینہ دو ہزار ارب روپے سے زائد لگایا گیا ہے۔ یعنی بجلی پیداواری منصوبوں میں سرمایہ کاری کے بجائے حکومت اپنا بجٹ ایسے منصوبوں پر صرف کر رہی ہے جن کا کوئی حاصل وصول نہیں۔ ایسے وقت میں جب پینے کے صاف پانی کی قلت اور زرعی زمینوں کے بنجر ہونے کا خطرہ سر پر منڈلا رہا ہے آبی منصوبوں کیلئے انتہائی قلیل بجٹ اس حقیقت کے مترادف ہے [illegible] اگر جاری آبی منصوبوں پر فنڈز اور کام کی سست رفتاری کا جائزہ لیں تو تلخ حقیقت سامنے آتی ہے کہ جس رفتار سے کام ہو رہا ہے ان کی تکمیل کیلئے اب سال نہیں بلکہ کئی دہائیاں درکار ہوں گی۔ رواں سال فروری میں وزارت آبی وسائل کی جانب سے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کو بتایا گیا کہ دریائے سندھ پر [illegible] پراجیکٹ کا بجٹ اس قدر محدود ہے کہ موجودہ فنڈنگ کی رفتار سے یہ منصوبہ مکمل ہونے میں 64 سال درکار ہوں گے جبکہ [illegible] آئندہ 46 برس میں اور کراچی واٹر سپلائی منصوبہ 10 برس بعد مکمل ہوگا۔ وہ منصوبے جنہیں چند برس میں مکمل ہو کر ملک کو فائدہ پہنچانا چاہیے تھا وہ اگر دہائیوں پر محیط ہو جائیں تو ان کے معاشی فوائد کس کام کے رہیں گے۔ اس بحران کا ایک تشویشناک رخ یہ بھی ہے کہ تاخیر کے سبب تعمیراتی لاگت میں بھی اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ پالیسی ساز انتہائی سنجیدگی کے ساتھ اپنی ترجیحات کا ازسرنو جائزہ لیں۔

امن کوششیں اور چیلنجز

سفیر قلم
محمد الیاس گجر

امریکہ اور ایران میں گزشتہ ہفتے امن معاہدے میں پیش رفت کی اطمینان بخش خبریں آ رہی تھیں کہ اچانک صورتحال تبدیل ہوئی اور [illegible] ایک بار پھر دونوں ملکوں میں حملوں کی خبریں آنے لگیں۔ [illegible] ہیں؛ چنانچہ دونوں ملکوں میں ایک بار پھر کشیدگی پاکستان کیلئے بھی پریشانی کا باعث ہے۔ اس پس منظر میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا حالیہ دورہ؟ ایران خاص اہمیت کا حامل ہے۔ وزیر داخلہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے دورے اس امر کا ثبوت ہیں کہ پاکستان ایران امریکہ کشیدگی کے خاتمے کیلئے [illegible] کہ امریکہ ایران جنگ بندی پر قائل ہو گئے اور بات چیت کا سلسلہ شروع ہوا۔ [illegible] اور امن کا ماحول قائم ہوگا۔ لیکن امریکہ اور ایران میں اعتماد کا فقدان اس پیش رفت میں بڑی رکاوٹ ہے۔ ایران اپنے منجمد اثاثوں سے خاطر خواہ رقوم حاصل کرنا جبکہ امریکہ ایران کی افزودہ یورینیم کی منتقلی چاہتا ہے۔

ان معاملات میں کوئی بھی پیشرفت اسی صورت ممکن ہے کہ جب فریقین ایک دوسرے پر اعتماد کریں۔ ایران اور امریکہ تاریخی طور پر باہمی عدم اعتماد کے بحران کا شکار رہے۔ [illegible] بہرصورت تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا تا کہ مفاہمت کے قریب پہنچنے میں آسانی ہو۔ اس سلسلے میں پاکستان کا بھرپور کردار دونوں ملکوں کیلئے امن کا پل تعمیر کرنے میں کافی مددگار ہے

جب حقوق مانگنا غداری بن جائے

قلم کی طاقت
محمد رفیق چودھری

تاریخ کا یہ ایک تاریک اور تلخ ترین سچ ہے کہ جب بھی وقت کے فرعونوں، آمروں اور سرمایہ دارانہ نظام کے علمبرداروں کو اپنے اقتدار کا سورج ڈوبتا ہوا نظر آتا ہے تو وہ عوامی بیداری کو کچلنے کے لیے ایک ہی پرانا اور آزمودہ مہرہ استعمال کرتے ہیں اور وہ مہرہ ہے بیرونی سازش اور غداری کا لیبل۔ دنیا کے نقشے پر لکیریں بدل جاتی ہیں زبانیں بدل جاتی ہیں تہذیبیں بدل جاتی ہیں لیکن مظلوموں کی آواز کو دبانے کے لیے ظالم کا بیانیہ کبھی نہیں بدلتا۔ آج مشرق سے مغرب تک جمہوریت کے دعویداروں سے لے کر مذہبی ملوکیت کے پیروکاروں تک سب کی زبان پر ایک ہی راگ ہے کہ جو ہمارے سامنے سر نہ جھکائے وہ دشمن کا ایجنٹ ہے۔

حالیہ دنوں میں یورپ کے پسماندہ مگر خوبصورت ملک البانیہ سے اٹھنے والی احتجاجی لہر نے اس عالمی منافقت کو ایک بار پھر بے نقاب کر دیا ہے۔ البانیہ کے غیور عوام اپنے جزائر اور ساحلوں کو بین الاقوامی سرمایہ کاری کے نام پر لٹنے سے بچانے کے لیے سڑکوں پر ہیں۔ معاملہ سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی صاحبزادی ایوانکا ٹرمپ اور ان کے شوہر جارڈ کشنر کے چار ارب ڈالر کے اس رئیل اسٹیٹ منصوبے کا ہے جو مقامی ماحولیات اور عوام کے حقوق کی قیمت پر تعمیر کیا جا رہا ہے۔

لیکن جب عوام نے اس سرمایہ دارانہ جارحیت کے خلاف آواز اٹھائی تو البانیہ کے وزیر اعظم ایڈی راما نے ان کے جائز مطالبات کا سامنا کرنے کے بجائے نہایت ڈھٹائی سے یہ کہہ دیا کہ یہ مظاہرین ایرانی حکومت کے آلہ کار ہیں جو ملک کی ترقی کو روکنا چاہتے ہیں۔ یہ طرزِ عمل ظاہر کرتا ہے کہ حکمران طبقہ عوامی غیظ وغضب سے بچنے کے لیے کس حد تک گر سکتا ہے۔ یہ کہانی صرف البانیہ تک محدود نہیں بلکہ ہمارے اپنے خطے میں بھی یہی سکرپٹ پوری شدت کے ساتھ دہرایا جا رہا ہے۔ پاکستان کے زیرِ انتظام کشمیر اور گلگت بلتستان میں جب عوام آٹے پر سبسڈی بجلی کے بھاری بلوں اور ریاستی جبر کے خلاف سڑکوں پر نکلے تو مقتدر حلقوں نے ان کے ماتھے پر انڈیا کے ایجنٹ ہونے کا داغ لگا دیا۔ جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی جو سراسر عوامی حقوق کی علمبردار تھی اسے کالعدم قرار دے کر یہ ثابت کیا گیا کہ ریاست اب مکالمے کی سکت کھو چکی ہے۔ موجودہ رجیم کے آمرانہ ہتھکنڈے اور سیکیورٹی اسٹیٹ کا بیانیہ دراصل اپنے ہی شہریوں کے خلاف جنگ کا اعلان ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ سرحد کے دوسری طرف بھارت کی مودی سرکار کا رویہ بھی اس سے مختلف نہیں ہے۔ وہاں جب بھی کوئی سیاسی قوت یا عوامی تحریک فاشسٹ پالیسیوں کے خلاف کھڑی ہوتی ہے تو اسے آئی ایس آئی کا پروجیکٹ قرار دے کر کچل دیا جاتا ہے۔ حالیہ کریک ڈاؤن اسی سلسلے کی کڑی ہے جہاں حقوق کی بات کرنے والوں کو مسلنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور عوام کو قوم پرستی کے اندھے کنویں میں دھکیلا جا رہا ہے۔ اگر ہم مزید آگے بڑھیں تو ایران کی ملائی آمریت کا چہرہ بھی اس سے مختلف دکھائی نہیں دیتا۔ وہاں جب نوجوان اور محنت کش طبقہ بنیادی آزادیوں اور معاشی بدحالی کے خلاف آواز بلند کرتا ہے تو تہران کے حکمران انہیں بلاتفریق موساد اور سی آئی اے کا ایجنٹ قرار دے کر تختہ دار پر لٹکا دیتے ہیں۔ خدا کے نام پر قائم نظام ہو یا جمہوریت کے نام پر جب بات اقتدار کی بقا کی آتی ہے تو سب کے طریقے ایک جیسے ہو جاتے ہیں۔

قومی سلامتی، ترقی اور ریاستی بقا جیسے مقدس الفاظ اب حب الوطنی کی علامت نہیں رہے بلکہ یہ وہ ہتھیار بن چکے ہیں جن کی آڑ میں مظلوموں اور محنت کشوں کی ہڈیوں پر سرمایہ داری کے محلات تعمیر کیے جاتے ہیں۔ موجودہ عالمی منظرنامہ یہ واضح کرتا ہے کہ دنیا بھر کی سرمایہ دار اور آمر حکومتیں اپنے گٹھ جوڑ کو بچانے کے لیے عوام کو تقسیم در تقسیم کے عمل سے گزار رہی ہیں۔

جوانی ادارے کے نام کرنے والے ملازمین کے بڑھاپے کو بوجھ سمجھنے والے افسران: ادارے کے دوست یا دشمن؟

کسی بھی ادارے کی ترقی، استحکام اور کامیابی کے پیچھے صرف عمارتیں، مشینیں یا جدید ٹیکنالوجی نہیں ہوتیں بلکہ وہ انسان ہوتے ہیں جو اپنی جوانی، توانائی، صلاحیت اور زندگی کے بہترین سال ادارے کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔ ایک ملازم جب اپنی ملازمت کا آغاز کرتا ہے تو وہ امیدوں، خوابوں اور جذبوں سے بھرپور ہوتا ہے۔ وہ اپنی محنت، دیانت داری اور لگن کے ذریعے ادارے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں کردار ادا کرتا ہے۔ لیکن افسوس کا مقام یہ ہے کہ بعض اداروں میں جب یہی ملازم عمر کے آخری حصے میں داخل ہوتا ہے تو چند افسران اسے تجربے اور وفاداری کی علامت سمجھنے کے بجائے بوجھ تصور کرنے لگتے ہیں۔

یہ رویہ نہ صرف انسانی اقدار کے خلاف ہے بلکہ ادارے کے مفادات کے بھی منافی ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جو افسران اپنی جوانی ادارے کے نام کرنے والے ملازمین کے بڑھاپے کو بوجھ سمجھتے ہیں، کیا وہ واقعی ادارے کے دوست ہیں یا درحقیقت ادارے کے دشمن؟

دنیا بھر میں کامیاب اداروں کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ وہ اپنے سینئر اور تجربہ کار ملازمین کی قدر کرتے ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں ریٹائرمنٹ کے قریب پہنچنے والے ملازمین کو ادارے کا سرمایہ سمجھا جاتا ہے کیونکہ ان کے پاس برسوں کا تجربہ، عملی دانش اور مسائل کے حل کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ نئے ملازمین کو تربیت دینے، ادارہ جاتی روایات منتقل کرنے اور پیچیدہ معاملات میں رہنمائی فراہم کرنے کے لیے انہی افراد سے استفادہ کیا جاتا ہے۔

ہمارے معاشرے میں بھی بزرگوں کے احترام اور تجربے سے فائدہ اٹھانے کی تعلیم دی گئی ہے۔ اسلامی تعلیمات میں بزرگوں کے احترام کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ نبی کریم ﷺ نے بزرگوں کے احترام اور چھوٹوں پر شفقت کو ایک بہترین معاشرے کی بنیاد قرار دیا۔ یہی اصول اداروں پر بھی لاگو ہوتا ہے جہاں سینئر ملازمین عزت، احترام اور قدر کے مستحق ہوتے ہیں۔

بدقسمتی سے بعض افسران اپنی محدود سوچ اور وقتی مفادات کے باعث عمر رسیدہ ملازمین کو ناکارہ سمجھنے لگتے ہیں۔ وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ جن افراد کو وہ آج نظرانداز کر رہے ہیں، انہی لوگوں نے مشکل حالات میں ادارے کو سنبھالا، اپنی صحت، وقت اور خاندانی آسائشوں کی قربانی دے کر ادارے کے وقار کو برقرار رکھا۔ ایسے افسران اکثر تجربے کی بجائے چاپلوسی کو ترجیح دیتے ہیں اور مخلص کارکنوں کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں۔

کسی بھی ادارے میں جب سینئر ملازمین کی تذلیل یا حوصلہ شکنی کی جاتی ہے تو اس کے منفی اثرات صرف انہی افراد تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے ادارے کا ماحول متاثر ہوتا ہے۔ نوجوان ملازمین بھی یہ دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ کئی دہائیوں کی خدمت کے بعد اگر ایک شخص کو عزت نہیں ملتی تو ان کا مستقبل بھی غیر محفوظ ہے۔ اس سوچ کے نتیجے میں ادارے کے ساتھ وابستگی، وفاداری اور جذبہ ؟ خدمت کمزور پڑ جاتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ ایک تجربہ کار ملازم کئی کتابوں سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ اس نے مختلف حالات، بحرانوں اور انتظامی مسائل کا سامنا کیا ہوتا ہے۔ اس کے پاس وہ عملی بصیرت ہوتی ہے جو صرف وقت اور تجربے سے حاصل ہوتی ہے۔ اگر ادارے ایسے افراد کو نظرانداز کر دیں تو وہ اپنی قیمتی دانش اور تجربے سے محروم ہو جاتے ہیں۔ بعض افسران یہ سمجھتے ہیں کہ نوجوانی ہی کارکردگی کا واحد معیار ہے، حالانکہ دنیا کے بڑے ادارے نوجوان توانائی اور بزرگ تجربے کے امتزاج کو کامیابی کا راز سمجھتے ہیں۔ ایک ادارہ صرف نوجوانوں کے سہارے نہیں چل سکتا اور نہ ہی صرف بزرگوں کے تجربے پر قائم رہ سکتا ہے۔ کامیابی اس وقت حاصل ہوتی ہے جب دونوں نسلیں ایک دوسرے کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھائیں۔ مزید یہ کہ ملازمین کے ساتھ غیر منصفانہ رویہ ادارے کی ساکھ کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔ جہاں وفادار ملازمین کو عزت نہ ملے وہاں نئی افرادی قوت بھی دلجمعی سے کام نہیں کرتی۔ ایسے اداروں میں بددلی، مایوسی اور عدم اعتماد پیدا ہوتا ہے جو بالآخر کارکردگی کو متاثر کرتا ہے۔ افسران کو یہ سمجھنا چاہیے کہ عہدے عارضی ہوتے ہیں جبکہ کردار اور رویے ہمیشہ یاد رکھے جاتے ہیں۔ آج جو افسر طاقت اور اختیار کے منصب پر بیٹھا ہے، کل وہ بھی عمر کے اسی مرحلے سے گزرے گا جس سے آج اس کے ماتحت بزرگ ملازمین گزر رہے ہیں۔ وقت کسی کے لیے نہیں رکتا۔ اس لیے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ بزرگ ملازمین کے ساتھ عزت، احترام اور انصاف کا رویہ اختیار کیا جائے۔

اداروں کی انتظامیہ کو بھی چاہیے کہ وہ ایسے نظام وضع کرے جس کے تحت سینئر ملازمین کے تجربے سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے۔ انہیں تربیتی پروگراموں، مشاورتی کمیٹیوں اور رہنمائی کے شعبوں میں مؤثر کردار دیا جائے۔ اس سے نہ صرف ان کی عزتِ نفس برقرار رہے گی بلکہ ادارہ بھی ان کے تجربے سے فائدہ اٹھا سکے گا۔ آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ جوانی ادارے کے نام کرنے والے ملازمین کے بڑھاپے کو بوجھ سمجھنے والے افسران درحقیقت ادارے کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ جو شخص اپنے ادارے کے وفادار اور تجربہ کار کارکنوں کی قدر نہیں کرتا، وہ دراصل ادارے کے سب سے قیمتی اثاثے کو ضائع کر رہا ہوتا ہے۔ ایسے رویے اداروں کو مضبوط نہیں بلکہ کمزور کرتے ہیں۔ ایک مہذب، ترقی یافتہ اور کامیاب ادارہ وہی ہوتا ہے جہاں نوجوانوں کی توانائی اور بزرگوں کے تجربے کو یکساں اہمیت دی جائے، جہاں خدمت گزار ملازمین کو عزت ملے۔

سیلاب کی دستک: دعووں سے آگے بڑھ کر عمل کا وقت

نوید سعید/سعید احمد ملک

پاکستان ایک بار پھر مونسون کے موسم کے دہانے پر کھڑا ہے۔ محکمہ موسمیات اور متعلقہ ادارے معمول سے زیادہ بارشوں، پہاڑی علاقوں میں گلیشیئرز کے تیز رفتار پگھلاؤ اور ممکنہ سیلابی صورتحال کے بارے میں خبردار کر رہے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں نے دنیا بھر کی طرح پاکستان کو بھی شدید متاثر کیا ہے، جہاں موسموں کی روایتی ترتیب بتدریج تبدیل ہو رہی ہے۔ ایسے میں یہ سوال پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو چکا ہے کہ کیا ہم ایک بار پھر کسی ممکنہ آفت کا انتظار کر رہے ہیں یا اس بار واقعی بروقت تیاری کے ساتھ اس کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں؟

پاکستان گزشتہ کئی برسوں سے بار بار سیلابوں، طوفانی بارشوں اور اربن فلڈنگ کے مسائل کا سامنا کر رہا ہے۔ 2022 کے تاریخ ساز اور تباہ کن سیلابوں نے پوری دنیا کو پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کی سنگینی کا احساس دلایا، جبکہ 2023 میں دریائے ستلج، راوی اور چناب سے منسلک سیلابی صورتحال نے ایک بار پھر ہزاروں خاندانوں، زرعی زمینوں اور دیہی معیشت کو شدید متاثر کیا۔ ان واقعات نے یہ حقیقت واضح کر دی کہ سیلاب اب محض ایک موسمی خطرہ نہیں بلکہ ایک مستقل قومی چیلنج بن چکا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے وقتی ردِعمل کے بجائے طویل المدتی منصوبہ بندی اور مؤثر انتظامی تیاری ناگزیر ہے۔

قدرتی آفات کو مکمل طور پر روکنا کسی بھی ملک کے بس کی بات نہیں، لیکن ان کے اثرات کو کم کرنا اور انسانی جانوں کو محفوظ بنانا یقیناً مؤثر منصوبہ بندی اور پیشگی تیاری کے ذریعے ممکن ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں اکثر یہ روایت رہی ہے کہ خطرات کی پیشگی اطلاعات کے باوجود عملی اقدامات میں تاخیر کی جاتی ہے۔ حفاظتی بندوں کی مرمت، ندی نالوں کی صفائی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے انتظامات اکثر آخری لمحوں تک مؤخر رہتے ہیں۔ نتیجتاً جب بارشیں شدت اختیار کرتی ہیں تو انتظامی مشینری دباؤ کا شکار ہو جاتی ہے اور نقصان کی شدت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔

اس سال بھی متعلقہ اداروں کی جانب سے مختلف منصوبوں، انفراسٹرکچر آڈٹ، نگرانی کے جدید نظام اور حفاظتی اقدامات کے دعوے کیے جا رہے ہیں۔ یہ یقیناً خوش آئند امر ہے، لیکن ماضی کے تجربات ہمیں یہ سکھاتے ہیں کہ اصل امتحان کاغذی منصوبوں کا نہیں بلکہ زمینی حقائق کا ہوتا ہے۔ ضروری ہے کہ وفاقی، صوبائی اور ضلعی سطح پر تمام متعلقہ ادارے اپنے انتظامات کا حقیقت پسندانہ جائزہ لیں اور ان علاقوں پر خصوصی توجہ مرکوز کریں جو ماضی میں سیلاب یا اربن فلڈنگ سے زیادہ متاثر ہوتے رہے ہیں۔ دریاؤں کے کنارے موجود حفاظتی بندوں، پشتوں اور حساس مقامات کا جامع سروے کیا جائے اور جہاں کہیں کمزوریاں یا نقص موجود ہوں وہاں ہنگامی بنیادوں پر مرمت اور مضبوطی کا کام مکمل کیا جائے۔ ریت کے تھیلوں، بھاری مشینری، ریسکیو کشتیوں اور دیگر ضروری سامان کی پیشگی دستیابی کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر کارروائی ممکن ہو سکے۔

بڑے شہروں میں اربن فلڈنگ بھی ایک

مستقل چیلنج کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ چند گھنٹوں کی شدید بارش معمولاتِ زندگی کو مفلوج کر دیتی ہے، سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگتی ہیں اور شہری مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے واسا، بلدیاتی اداروں اور ضلعی انتظامیہ کو نکاسی آب کے نظام کی مکمل جانچ پڑتال کرنی چاہیے۔ نالوں کی بروقت صفائی، تجاوزات کے خاتمے، اضافی پمپوں کی فراہمی اور بجلی کی بندش کی صورت میں متبادل انتظامات کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسی طرح ممکنہ سیلابی صورتحال کی نگرانی کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ دریاؤں کے بہاؤ، پہاڑی علاقوں میں بارشوں، گلیشیئرز کے پگھلاؤ اور آبی ذخائر کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جانی چاہیے۔ بروقت اور قابل اعتماد معلومات کی فراہمی نہ صرف متعلقہ اداروں کو بہتر فیصلے کرنے میں مدد دیتی ہے بلکہ عوام کو بھی ضروری حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ ایک مؤثر وارننگ سسٹم کا مقصد صرف الرٹ جاری کرنا نہیں بلکہ خطرے سے دوچار ہر فرد تک بروقت اور قابلِ فہم معلومات پہنچانا ہونا چاہیے۔

سیلابی خطرات سے نمٹنے کی حکمت عملی میں زرعی شعبے اور دیہی معیشت کو خصوصی اہمیت دینا بھی ضروری ہے۔ پاکستان کی ایک بڑی آبادی زراعت اور مال مویشیوں پر انحصار کرتی ہے۔ اگر پیشگی منصوبہ بندی کے ذریعے چارے، ویکسینیشن، عارضی پناہ گاہوں اور خوراک کے ذخائر کا بندوبست کر لیا جائے تو ممکنہ معاشی نقصانات میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ یہ اقدامات نہ صرف کسانوں کے روزگار کے تحفظ میں مددگار ثابت ہوں گے بلکہ غذائی تحفظ کو بھی یقینی بنائیں گے۔

تاہم یہ ذمہ داری صرف حکومت یا سرکاری اداروں کی نہیں۔ عوام کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا۔ مستند ذرائع سے معلومات حاصل کرنا، افواہوں سے گریز کرنا، ایمرجنسی کٹ تیار رکھنا، ضروری دستاویزات کو محفوظ مقام پر رکھنا اور انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہر شہری کا فرض ہے۔ ماضی کے تجربات گواہ ہیں کہ بروقت احتیاط اور فوری انخلا بے شمار جانوں کو بچا سکتا ہے۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ممکنہ سیلابی خطرات کو محض موسمی خبر یا رسمی انتباہ سمجھنے کے بجائے قومی ترجیح کے طور پر لیا جائے۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے اس دور میں غیر معمولی موسمی واقعات معمول بنتے جا رہے ہیں۔ ایسے حالات میں پیشگی منصوبہ بندی، ادارہ جاتی ہم آہنگی، جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال اور عوامی شعور ہی وہ عناصر ہیں جو ممکنہ تباہی کے اثرات کو محدود کر سکتے ہیں۔ آنے والے ہفتے ہمارے دعووں، منصوبوں اور تیاریوں کا حقیقی امتحان ہوں گے۔ اگر آج ذمہ داری کا مظاہرہ کیا گیا تو کل نقصان کو کم کیا جا سکتا ہے، لیکن اگر غفلت کا سلسلہ جاری رہا تو اس کی قیمت ہمیشہ کی طرح عام شہری، کسان اور دیہی آبادی کو ادا کرنا پڑے گی۔ وقت ابھی ہاتھ سے نہیں نکلا۔ اگر ادارے بروقت اور مؤثر اقدامات کریں، انتظامی مشینری پوری ذمہ داری کے ساتھ متحرک ہو اور عوام احتیاطی تدابیر کو اپنا شعار بنا لیں، تو آنے والا مونسون تباہی کی داستان کے بجائے قومی نظم و ضبط اور اجتماعی شعور کی کامیابی کا استعارہ بن سکتا ہے۔ تب یہ موسم صرف بارشوں کی آمد نہیں بلکہ امید، تحفظ اور خوش حالی کی ایک ایسی "نویدِ سعید" بن کر ابھرے گا جس کے ثمرات ہر شہری محسوس کرے گا۔

سولر اور حکومتی بدلتی پالیسیاں



گورنمنٹ آف پاکستان نے ملک میں توانائی کے بحران پر قابو پانے کے لئے آئی پی پیز کے ساتھ انتہائی نامعقول معاہدوں جن کی وجہ سے عوام کے لئے بجلی اتنی مہنگی ہوگئی کہ عوام کو گھر بیچ کر بجلی کے بل ادا کرنے پڑے کے بعد سولر انرجی کی طرف عوام کو راغب کیا عوام کو ترغیب دی گئی کہ وہ گھروں میں سولر سے بجلی پیدا کریں جو اضافی بجلی ہو وہ حکومت کو بیچیں اس کے لئے گرین میٹر لگائے گئے مگر پھر حکومت کو خیال آیا ہم کس طرح آئی پی پیز کو بنا بجلی بنائے پیسہ دے سکیں گے تو پھر حکومت نے اپنی طرف سے نیٹ میٹرنگ پالیسی ختم کر کے نیٹ بلنگ پالیسی شروع کرنے کی حرکت کی تاکہ عوام کو چونا لگا سکیں اور ان سے ہی خریدی ہوئی سستی بجلی انکو ہی مہنگے داموں واپس بیچیں اور ہمارے آئی پی پیز کے کھابے چلتے رہیں لیکن شاید حکومت یہ بات بھول گئی تھی ضرورت ایجاد کی ماں ہے، ایک در بند ہوتا ہے تو دوسرا کھل جاتا ہے، اور دوسرا در ایسا کھلا کہ حکومت بوکھلا گئی اور اب پھر نئی پالیسی بنانا شروع کر دی ہے اب اس نئی پالیسی میں کیا ہوگا اسکو سمجھتے ہیں

حکومت نے پالیسی بنائی کہ لوگ سولر سسٹم لگائیں نیٹ میٹرنگ ہو گی عوام سے بجلی خریدیں گے ملک میں لوڈ شیڈنگ ختم ہو جائے گی، بالکل ایسا ہی ہوا عوام نے ایک کے بعد ایک سولر انرجی سسٹم لگوائے، گرین میٹر لگوائے حکومت کو بجلی بیچی اور خود عیاشی کی ان کے دیکھا دیکھی ہر شخص نے سولر انرجی پر منتقل ہونا شروع کر دیا کچھ لوگوں نے تو اپنی ضرورت سے زیادہ سولر پینلز لگوا کر حکومت کو بجلی بیچ کر الٹا حکومت کو اپنا مقروض کر لیا، اب گرین میٹر سے جو ڈیٹا آ رہا تھا اس نے حکومت کو ہلا کر رکھ دیا کہ اگر معاملہ ایسا ہی چلتا رہا تو حکومت عوام کی مقروض ہو جائے گی اور ان سے کسی قسم کی وصولی بھی نہیں کر سکے گی اور آئی پی پیز کی رقم سر چڑھ کر ننگا ناچ ناچے گی تو سرکاری بابوؤں نے جلدی سے ایک اور پالیسی بنائی کہ اب نیٹ میٹرنگ نہیں بلکہ نیٹ بلنگ ہوگا، یعنی یونٹ کے بدلے یونٹ مفت نہیں ملے گے بلکہ آپ سے 8 روپے کا یونٹ خرید کر آپکو واپس 29 روپے ایوریج کے حساب سے بیچا جائے گا فکسڈ چارجز کا بھوت الگ سے پیچھا کرنے لگا عوام پریشان ہوگئی اور یہیں سے دوسرا در کھلا ایسا در جس نے حکومت کی پالیسی کو اڑا کر رکھ دیا حکومت نے نیٹ بلنگ پالیسی بناتے ہوئے سوچا بھی نہ تھا کہ عوام اس کا متبادل کیا استعمال کرے گی، حکومت کو صرف بل میں آتے ہوئے روپے نظر آ رہے تھے جو کھربوں میں تھے جب انہوں نے سب ہرا ہرا دیکھا اور زمینی حقیقتوں کو نظر انداز کیا تو نتیجہ ان کی سوچ کے برعکس نکلا، عوام نے حکومت کے اوپر انحصار کرنا ہی بند کر دیا اور آف گرڈ اور ہائبرڈ سولر انرجی ماڈل کی طرف منتقل ہو گئے، مارکیٹ میں لیتھیم بیٹریوں کی فروخت میں بڑا اضافہ ہوا اور حکومت کے کان کھڑے ہو گئے کہ یہ پالیسی بنا کر تو غلطی کی ہے جس کا حکومتی وزیر نے ڈھٹائی کے ساتھ دفاع کرنے کی کوشش کی اور کہا آف گرڈ جانے والے صارفین الٹا ہمیں فائدہ دیں گے اس سے وہ لوگ جو سولر انرجی نہیں افورڈ کر سکتے ان کو سستی بجلی فراہم کریں گے لیکن یہ متبادل نہیں بلکہ بغاوت تھی سسٹم کے ساتھ اور عوام نے خاموشی سے وہ بغاوت کر دکھائی اب عوام نا تو نیٹ میٹرنگ کے جھنجھٹ میں پڑ رہے ہیں نا نیٹ بلنگ کے دھوکے میں آ رہے ہیں وہ سیدھا آف گرڈ یا ہائبرڈ ماڈل پر جا رہے ہیں جس سے حکومت کو پتا ہی نہیں چل رہا کہ اس وقت کتنے صارفین ایسے ہیں جو خاموشی سے ان کے سسٹم سے باہر ہو گئے ہیں، کیونکہ لیسکو، فیسکو اور آئیسکو میں گزرتے دن کے ساتھ بجلی کی پیداوار بڑھ اور استعمال کم ہو رہا ہے کیا آپ اس بات پر یقین کر سکتے ہیں جون کا مہینہ ہو اور بجلی کی کھپت کم ہو رہی ہو؟ بس یہ معجزہ ہو چکا ہے اور اب حکومت ایک سروے کروا رہی ہے جس میں دیکھا جائے گا کہ کس کس شہری نے اپنے گھر کی چھت یا دیگر عمارتوں پر سولر انرجی سسٹم لگوا رکھا ہے

آزاد کشمیر میں تصادم سے گریز کی ضرورت

تحریر: سید مجاہد علی

آزاد کشمیر حکومت کی طرف سے جوائنٹ ایکشن کمیٹی پر پابندی عائد کرنے کے بعد آزاد جموں و کشمیر میں حالات تصادم کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ اس کا مظاہرہ گزشتہ روز ایکشن کمیٹی کے ایک کارکن کی ہلاکت کی صورت میں بھی ہوا ہے۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی راولاکوٹ میں ایک کارکن کی ہلاکت کا الزام پولیس پر عائد کرتی ہے جبکہ پولیس اسے باہمی تنازعے کا نتیجہ قرار دیتی ہے۔ تاہم سیاسی لیڈروں نے مسائل کو سلجھانے کی بجائے الجھانے کی جو کوشش کی ہے، اس کی وجہ سے ایسے سانحات بداعتمادی اور ناراضی کی فضا پیدا کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ ایکشن کمیٹی گزشتہ سال ستمبر میں ہونے والے معاہدے کے مطابق مہاجر کشمیریوں کے لیے مختص کی گئی ریاستی اسمبلی کی 12 نشستیں ختم کرنے کا مطالبہ کر رہی ہے بصورت دیگر 9 جون سے غیر معینہ مدت تک کے لیے مکمل ہڑتال کی اپیل کی گئی ہے۔ عوام کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ گھروں میں خوراک و پانی کا ذخیرہ کر لیں۔ اس اعلان کا مقصد یہی ہے کہ ایکشن کمیٹی نے بات چیت یا کسی مفاہمت کے امکانات ختم کر کے یک طرفہ طور سے حکومت کو الٹی میٹم دیا تھا کہ اگر ان کی بات نہ مانی گئی تو وہ پہیہ جام ہڑتال کے ذریعے ریاست میں معمولات زندگی معطل کر دیں گے۔

اسی دھمکی سے گھبرا کر آزاد کشمیر حکومت نے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو دہشت گرد گروہ قرار دیتے ہوئے اس پر پابندی عائد کر دی اور اس کے لیڈروں کی گرفتاری کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کوئی سیاسی جماعت نہیں ہے بلکہ کچھ عرصہ قبل منظم ہونے والی ایک عوامی تحریک ہے جس نے گزشتہ سال مؤثر ہڑتال کے ذریعے بجلی اور گندم کی رعایتی قیمتیں حاصل کرنے کے مطالبے پورے کرائے تھے۔ اسی موقع پر حکومت اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی میں ایک ورکنگ گروپ بنانے پر اتفاق ہوا تھا جو باقی ماندہ مطالبات پورے کرانے میں کام کرنے کا پابند تھا۔ تاہم فریقین میں ان کشمیری مہاجرین کی نمائندگی کے سوال پر کوئی معاہدہ نہیں ہو سکا جو درحقیقت پاکستان میں رہتے ہیں لیکن انہیں آزاد کشمیر اسمبلی کے انتخابات میں نہ صرف ووٹ کا حق حاصل ہے بلکہ وہ خود رکن منتخب ہو کر ریاست کی سیاست پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

جوائنٹ ایکشن کمیٹی اس طریقہ کو کشمیری عوام کے حق کے خلاف سمجھتی ہے اور اس کا مطالبہ ہے کہ اس آئینی شق کو ختم کیا جائے اور آزاد کشمیر میں رہنے والے لوگوں ہی کو اپنے معاملات پر رائے دینے کا حق حاصل ہو۔ اس تنازعہ کی حقیقی بنیاد دو نکات پر استوار ہے۔ ایک یہ کہ پاکستان کے کشمیر مہاجروں کے ووٹوں سے منتخب ہونے والے ارکان اسمبلی کو دیگر ارکان کی طرح مالی وسائل بھی ملتے ہیں جو پاکستان میں ہی صرف کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ انہیں آزاد کشمیر میں سرکاری ملازمتوں کا خصوصی کوٹہ بھی حاصل ہے۔ معترضین کا کہنا ہے کہ اس طرح یہ لوگ سہولتیں تو پاکستان میں حاصل کرتے ہیں لیکن اپنی سیاسی پوزیشن کی وجہ سے ریاست میں آباد عوام کے حقوق پر ڈاکا ڈالنے کا سبب بنتے ہیں۔ اس تنازعہ کی دوسری اہم وجہ ان 12 نشستوں کی سیاسی اہمیت ہے۔ ایکشن کمیٹی اور ان کے ہمنوا لوگوں کا خیال ہے کہ ان سیٹوں کو آزاد کشمیر میں حکومت سازی کے مقصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ان دلائل کے مخالفین کا موقف ہے کہ یہ مطالبہ ماننے سے کشمیریوں کا اتحاد متاثر ہو گا جو مقبوضہ کشمیر کی آزادی کی کوششوں کو نقصان پہنچائے گا۔

انسانی حقوق کمیشن پاکستان نے آزاد کشمیر میں حکومت کی جانب سے جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی پر انسدادِ دہشت گردی قوانین کے تحت پابندی عائد کرنے کے فیصلے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایچ آر سی پی کے مطابق ایک ایسے گروہ کے خلاف انسدادِ دہشت گردی قوانین کا استعمال، جو سیاسی اور سماجی و معاشی مطالبات کے لیے متحرک رہا ہے، سنگین سوالات جنم دیتا ہے۔ کمیشن کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے خطے میں پُرامن اجتماع اور اختلافِ رائے کے لیے گنجائش میں کمی کے خدشات پیدا ہو رہے ہیں۔ ادارے نے خبردار کیا ہے کہ اس طرح کے اقدامات شہری آزادیوں پر ممکنہ قدغن کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ایسے وقت میں جب جولائی میں کشمیر میں انتخابات قریب آ رہے ہیں، یہ انتہائی ضروری ہے کہ بنیادی حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے۔ ان حقوق میں اظہارِ رائے کی آزادی، تنظیم سازی کا حق اور پُرامن اجتماع کا حق شامل ہیں۔ کمیشن کے مطابق جمہوری عمل کی ساکھ کے لیے یہ لازم ہے کہ شہریوں کو کسی خوف کے بغیر اپنے خیالات کے اظہار اور پُرامن احتجاج کی اجازت دی جائے۔

تاہم آزاد کشمیر حکومت کا کہنا تھا کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی احتجاج کے نام پر شہری زندگی معطل کرنے اور عوام کو مشکلات میں دھکیل کر درحقیقت انتہاپسندانہ ہتھکنڈے استعمال کرنا چاہتی ہے۔ اس کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ حکومت نے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو مہاجر کشمیریوں کے لیے مخصوص نشستوں میں کمی کی پیش کش کی تھی لیکن ماضی میں عوامی طاقت کا بھرپور اور کامیاب مظاہرہ کرنے کے زعم میں ایکشن کمیٹی نے اس سوال پر کوئی لچک نہیں دکھائی اور 9 جون سے پہیہ جام ہڑتال کی ضد پر قائم ہے۔ اس دوران آزاد کشمیر کے صدر نے سپریم کورٹ سے ایک ریفرنس میں اس معاملہ پر آئینی رائے طلب کی تھی اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی سے یہ رائے آنے تک احتجاج ملتوی کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

نوجوانوں کے دل خطرے میں

تحریر: صنوبر شیخ

کراچی پاکستان کا سب سے بڑا اور معاشی طور پر اہم شہر ہے لیکن حالیہ طبی رپورٹس نے ایک انتہائی تشویشناک اور سنگین صورتحال کو سامنے رکھا ہے۔ شہر میں دل کے امراض اور دل کے دوروں کے کیسز میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور اب یہ بیماری صرف بڑی عمر کے افراد تک محدود نہیں رہی بلکہ نوجوان بھی بڑی تعداد میں اس کا شکار ہو رہے ہیں۔ ماہرینِ صحت اسے ایک خاموش مگر تیزی سے بڑھتا ہوا صحت کا بحران قرار دے رہے ہیں۔

حالیہ اعداد و شمار کے مطابق صرف 2025 میں کراچی میں چوہتر ہزار تین سو سے زائد افراد دل کے دورے کا شکار ہوئے۔ شہر میں اوسطاً روزانہ ایک سو تین افراد کو دل کا دورہ پڑتا ہے۔ ان میں سے تقریباً دس مریض ایسے ہوتے ہیں جن کی عمر چالیس سال یا اس سے کم ہوتی ہے۔ دو مریض روزانہ تیس سال سے کم عمر کے بھی ہوتے ہیں۔ یہ صورتحال اس بات کی واضح علامت ہے کہ دل کی بیماریاں اب نوجوان اور درمیانی عمر کے افراد کو بھی تیزی سے متاثر کر رہی ہیں۔

2016 سے مارچ 2026 تک کے عرصے میں مجموعی طور پر چار لاکھ سے زائد مریضوں کے ڈیٹا کا تجزیہ کیا گیا، جس سے معلوم ہوا کہ آٹھ فیصد مریض چالیس سال یا اس سے کم عمر کے تھے اور دو فیصد مریض تیس سال یا اس سے کم عمر کے تھے۔ یہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ ہر سو مریضوں میں تقریباً آٹھ افراد ایسے ہیں جو اپنی جوانی یا ابتدائی درمیانی عمر میں دل کے مرض کا شکار ہو رہے ہیں۔ اگرچہ یہ شرح جنوبی ایشیا اور دیگر ممالک کے رجحانات سے ملتی جلتی ہے، لیکن پاکستان میں غیر متوازن طرزِ زندگی، اسکرین کلچر، ذہنی دباؤ؟ اور صحت کی کمزور سہولیات کی وجہ سے صورتحال زیادہ خطرناک بنتی جا رہی ہے۔

طبی ماہرین کے مطابق کراچی میں دل کے امراض کے بڑھنے کی بڑی وجوہات طرزِ زندگی سے جڑی ہوئی ہیں۔ غیر صحت مند غذا جیسے فاسٹ فوڈ، تلی ہوئی اشیاء اور زیادہ چکنائی والی خوراک شریانوں میں چربی جمع ہونے کا سبب بنتی ہے۔ سگریٹ نوشی اور تمباکو کا استعمال شریانوں کو تنگ کر دیتا ہے

سگریٹ نوشی اور تمباکو کا استعمال شریانوں کو تنگ کر دیتا ہے، جس سے خون کی روانی متاثر ہوتی ہے۔ جسمانی سرگرمیوں کی کمی، طویل دفتری اوقات، ٹریفک کا دباؤ؟ اور مسلسل بیٹھ کر کام کرنے کا رجحان دل کی صحت کو کمزور کر دیتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ذہنی دباؤ؟، نیند کی کمی، ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر اور کولیسٹرول جیسے عوامل اس خطرے کو مزید بڑھا دیتے ہیں۔

کراچی کا شہری ماحول بھی اس مسئلے کو سنگین بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ تیز رفتار زندگی، وقت کی کمی، غیر متوازن روٹین اور آلودگی لوگوں کی مجموعی صحت پر منفی اثر ڈال رہی ہے۔ اکثر افراد نہ ورزش کے لیے وقت نکال پاتے ہیں اور نہ ہی اپنی خوراک پر توجہ دے پاتے ہیں، جس کا براہِ راست اثر دل کی صحت پر پڑتا ہے۔

حالیہ اعداد و شمار کے مطابق صرف 2025 میں کراچی میں چوہتر ہزار تین سو سے زائد افراد دل کے دورے کا شکار ہوئے۔ شہر میں اوسطاً روزانہ ایک سو تین افراد کو دل کا دورہ پڑتا ہے۔ ان میں سے تقریباً دس مریض ایسے ہوتے ہیں جن کی عمر چالیس سال یا اس سے کم ہوتی ہے۔ دو مریض روزانہ تیس سال سے کم عمر کے بھی ہوتے ہیں۔ یہ صورتحال اس بات کی واضح علامت ہے کہ دل کی بیماریاں اب نوجوان اور درمیانی عمر کے افراد کو بھی تیزی سے متاثر کر رہی ہیں۔

2016 سے مارچ 2026 تک کے عرصے میں مجموعی طور پر چار لاکھ سے زائد مریضوں کے ڈیٹا کا تجزیہ کیا گیا، جس سے معلوم ہوا کہ آٹھ فیصد مریض چالیس سال یا اس سے کم عمر کے تھے اور دو فیصد مریض تیس سال یا اس سے کم عمر کے تھے۔ یہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ ہر سو مریضوں میں تقریباً آٹھ افراد ایسے ہیں جو اپنی جوانی یا ابتدائی درمیانی عمر میں دل کے مرض کا شکار ہو رہے ہیں۔ اگرچہ یہ شرح جنوبی ایشیا اور دیگر ممالک کے رجحانات سے ملتی جلتی ہے، لیکن پاکستان میں غیر متوازن طرزِ زندگی، اسکرین کلچر، ذہنی دباؤ؟ اور صحت کی کمزور سہولیات کی وجہ سے صورتحال زیادہ خطرناک بنتی جا رہی ہے۔

دل کے دورے صرف ایک فرد کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کو متاثر کرتے ہیں۔ جب کوئی نوجوان یا کم عمر فرد دل کے مرض کا شکار ہوتا ہے تو اس کے نتیجے میں خاندان مالی دباؤ؟، ذہنی تناؤ؟ اور سماجی مشکلات کا سامنا کرتا ہے۔

خوش قسمتی سے دل کی بیماریوں سے بڑی حد تک بچاؤ؟ ممکن ہے اگر طرزِ زندگی میں بروقت تبدیلیاں لائی جائیں۔ روزانہ کم از کم تیس سے چالیس منٹ واک یا ورزش، متوازن غذا، سگریٹ نوشی سے مکمل پرہیز، وزن کو کنٹرول میں رکھنا، بلڈ پریشر اور شوگر کا باقاعدہ معائنہ اور مناسب نیند لینا دل کی صحت کو بہتر بنا سکتا ہے۔ ذہنی دباؤ؟ کو کم کرنا اور مثبت سرگرمیوں کو اپنانا بھی اس سلسلے میں انتہائی اہم ہے۔

کراچی میں دل کے دوروں کی بڑھتی ہوئی شرح ایک سنگین انتباہ ہے۔ اگر فوری طور پر احتیاطی اقدامات نہ کیے گئے اور طرزِ زندگی میں تبدیلی نہ لائی گئی تو آنے والے سالوں میں یہ مسئلہ مزید خطرناک صورت اختیار کر سکتا ہے۔ نوجوان نسل کے لیے دل کی صحت کو نظرانداز کرنا مستقبل کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔

انٹرنیشنل



ساؤتھمپٹن: آسٹریلیا کے چینل 9 نیوز کی رپورٹ جب لوگ ہنری نوواک کی موت کے خلاف پورٹس ووڈ پولیس اسٹیشن کے باہر احتجاج کرنے کے لیے جمع ہوئے۔

وقت کی پابندی کے لیے ایئرلائنز کی عالمی درجہ بندی، سعودی ایئرلائن سرِفہرست

ریاض (این این آئی) ایوی ایشن اینالٹکس کمپنی سیریم کی رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کی قومی سعودیہ ایئرلائن مئی میں روانگی اور آمد کے وقت کی پابندی میں تمام دنیا میں اول نمبر پر ہے۔ اس سال ایئرلائن کو یہ دوسرا بڑا آپریشنل اعزاز ملا ہے۔ قبل ازیں سیریم کے مطابق سعودیہ ایئرلائن جنوری 2025 میں آمد کے وقت کے لحاظ سے دنیا میں دوسرے نمبر پر تھی۔ سعودیہ ایئرلائن مملکت کی اولین اور قدیم ترین ایئرلائن ہے جو 1945 میں قائم کی گئی۔ سیریم کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق سعودیہ نے مئی میں بروقت روانگی کی 92.30 فیصد شرح اور بروقت آمد کی 90.12 فیصد شرح پوسٹ کی۔

SAGE کے تحفظ کی وکالت کرنے والے ایک مظاہرے کے دوران لوگ فرانس کے شہر رینس سے مارچ کر رہے ہیں

ایران پر حملہ کیا تو امریکا اس میں حصہ نہیں لیگا: ٹرمپ نے اسرائیلی وزیراعظم کو واضح کر دیا

نیتن یاہو کے پاس ایران کے ساتھ معاہدہ قبول کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوگا، امریکی صدر

واشنگٹن/تہران (این این آئی) اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی کشیدگی پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو بریف کر دیا گیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے صحافی پارک راوڈ سے گفتگو میں کہا کہ ہم ایران کے ساتھ حتمی ڈیل کے بہت قریب ہیں، جو کچھ اب ہو رہا ہے میں نہیں چاہتا کہ اسے اڑا دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نیتن یاہو جوابی حملہ کرے گا تو یہ سلسلہ ایسے ہی چلتا رہے گا جیسے 47 سال سے چل رہا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ میں ابھی نیتن یاہو کو فون کرنے جا رہا ہوں، نیتن یاہو سے کہوں گا کہ جوابی حملہ نہ کرے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کو مشورہ دوں گا، آپ نے اپنے میزائل داغے دیئے بس اتنا کافی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران میز پر واپس آئے اور معاہدہ کرے، اسرائیل کی جانب سے بیروت پر آج کے حملے پر خوش نہیں ہوں۔ انٹرویو میں امریکی صدر نے کہا کہ نیتن یاہو کے پاس ایران کے ساتھ معاہدہ قبول کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے حملوں نے امریکا ایران مذاکرات مکمل کرنے کی خواہش کو نہیں بدلا، اگر ڈیل ناکام ہوئی تو ایران پر کمانڈو آپریشن پر غور کریں گے۔ نیتن یاہو کے پاس ایران کے ساتھ معاہدہ قبول کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوگا، امریکی صدر۔ نیتن یاہو کے پاس ایران کے ساتھ معاہدہ قبول کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوگا، امریکی صدر

حزب اللہ فرار کی حالت میں ہے، حماس کو دوبارہ مسلح نہیں ہونے دیں گے، نیتن یاہو

ہم اس وقت غزہ کے 60 فی صد سے زائد رقبے پر قابض ہیں اور جلد ہی 70 فی صد تک پہنچ جائیں گے، انٹرویو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ حزب اللہ پسپائی اختیار کر چکی ہے۔ انہوں نے سخت لہجے میں کہا کہ وہ حزب اللہ کو اسرائیل کی جانب فائرنگ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ نیتن یاہو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ اسرائیلی فوج حزب اللہ کو شدید ضربیں پہنچا رہی ہے اور وہ فرار کی حالت میں ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا ہم نے ایک ہفتے کے دوران حزب اللہ کے 350 عناصر کو ہلاک کیا ہے۔ نیتن یاہو نے اشارہ کیا کہ اسرائیلی فوج کے جنوبی لبنان میں آپریشن کے دوران زمین کے نیچے وسیع انفراسٹرکچر دریافت ہوا ہے۔ لبنان میں جنگ کا آغاز 2 مارچ کو ہوا، جب حزب اللہ نے 28 فروری کو ایران پر ہونے والے ابتدائی امریکی و اسرائیلی حملوں میں ایرانی مرشد علی خامنہ ای کی ہلاکت کے جواب میں اسرائیل پر میزائل فائر کیے۔ اسرائیل نے فضائی حملوں اور زمینی جارحیت کے وسیع سلسلے کے ساتھ جوابی کارروائی کی۔ غزہ اور حماس تنظیم کے حوالے سے بات کرتے ہوئے نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیلی فوج حماس پر ہر طرف سے گھیرا تنگ کر رہی ہے۔ نیتن یاہو نے مزید کہا ہم حماس کو دوبارہ مسلح ہونے کی اجازت نہیں دیں گے اور ان کے سرکردہ رہنماؤں کو ختم کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ اسرائیلی وزیراعظم نے اشارہ کیا کہ ان کی افواج اس وقت غزہ کی پٹی کے 60 فی صد سے زائد حصے پر کنٹرول رکھتی ہیں اور ان کے کہنے کے مطابق ہم جلد ہی 70 فی صد تک پہنچ جائیں گے۔

صدر ٹرمپ کا ایران آپریشن میں 13 امریکیوں کی ہلاکتوں کا اعتراف

ایران کی موجودہ قیادت پچھلی قیادت سے زیادہ منطقی اور ہوشیار ہے، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران آپریشن میں 13 افراد کے مارے جانے کا اعتراف کرلیا۔ امریکی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کا افزودہ یورینیم ضبط کر کے وہیں یا کہیں اور لے جا کر تلف کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطی میں کام مکمل ہونے تک امریکی فوجیوں کو وہیں رہنا چاہیے، ہوسکتا ہے ہمیں امریکی فوجیوں کی دوبارہ ضرورت پڑے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ مشرق وسطی میں امریکی فوجیوں کو خطرہ نہیں ہے، امریکی فوجیوں کو واپس بلانا بیوقوفی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران آپریشن میں ہمارے 13 افراد مارے گئے، ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای شدید زخمی ہیں۔ صدر ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ ایران سے معاہدے کے بہت قریب ہیں، ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں ہوں گے، ایران نے اس حقیقت کو تسلیم کرلیا ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ایران کی موجودہ قیادت پچھلی قیادت سے زیادہ منطقی اور ہوشیار ہے ایران کی موجودہ قیادت پچھلی قیادت سے زیادہ منطقی اور ہوشیار ہے، انٹرویو

اسرائیل، ایران دونوں لبنان کو امریکہ پر دبا کیلئے استعمال کر رہے ہیں، راس ہیرسن

دونوں فریق کسی نہ کسی طرح اس تنازع کو ٹرمپ کے فیصلہ سازی کے عمل کی طرف لے جا رہے ہیں، گفتگو

دوحہ (این این آئی) مشرق وسطی انسٹی ٹیوٹ کے سینئر فیلو راس ہیرسن نے کہا ہے کہ اسرائیل اور ایران دونوں لبنان کو امریکہ پر دباؤ کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ عرب ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے مشرق وسطی انسٹی ٹیوٹ کے سینئر فیلو راس ہیرسن نے کہا ہے کہ اسرائیل اور ایران دونوں لبنان کو امریکہ کے ساتھ اپنے سفارتی اور سیاسی معاملات میں دباؤ کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل اس عمل کے ذریعے اس ممکنہ امن معاہدے کو متاثر کرنے کی کوشش کر رہا ہے جسے وہ امریکہ اور ایران کے درمیان قبل از وقت سمجھتا ہے، ایران بھی یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ واشنگٹن کو اس تنازع کے انجام کے بارے میں یکطرفہ فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے، بلکہ تہران بھی اس عمل میں مؤثر کردار رکھتا ہے۔ راس ہیرسن نے کہا کہ میرا خیال ہے دونوں فریق کسی نہ کسی طرح اس تنازع کو ٹرمپ کے فیصلہ سازی کے عمل کی طرف لے جا رہے ہیں۔ جسے وہ امریکہ اور ایران کے درمیان قبل از وقت سمجھتا ہے، ایران بھی یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ واشنگٹن کو اس تنازع کے انجام کے بارے میں یکطرفہ فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے، بلکہ تہران بھی اس عمل میں مؤثر کردار رکھتا ہے۔ دونوں فریق کسی نہ کسی طرح اس تنازع کو ٹرمپ کے فیصلہ سازی کے عمل کی طرف لے جا رہے ہیں، دونوں فریق کسی نہ کسی طرح اس تنازع کو ٹرمپ کے فیصلہ سازی کے عمل کی طرف لے جا رہے ہیں

تیرانہ: مظاہرین نے ایک بینر اٹھا رکھا ہے جس میں 'نیو البانیہ' لکھا ہوا ہے اور 7 ویں دن بھی سرکاری عمارت کے سامنے جمع ہو کر جیرڈ کشنر کی سرمایہ کاری فرم، ایفینیٹی پارٹنرز کے منصوبے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔

عباس عراقچی کا ترک وزیر خارجہ اور فیلڈ مارشل سے رابطہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ انہوں نے ترک وزیر خارجہ اور پاکستانی فیلڈ مارشل سے فون پر الگ الگ بات کی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق وزیرِ خارجہ نے فرانسیسی اور قطری وزرائے خارجہ سے بھی فون پر گفتگو کی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسرائیل کے خلاف ایران کے ردعمل اور خطے کی تازہ صورتحال پر بات کی گئی۔ دوسری جانب سعودی وزارت خارجہ کے مطابق سعودی عرب اور قطری وزرائے خارجہ کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے جس میں خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسرائیل کے خلاف ایران کے ردعمل اور خطے کی تازہ صورتحال پر بات کی گئیا سرائیل کے خلاف ایران کے ردعمل اور خطے کی تازہ صورتحال پر بات کی گئی

میڈرڈ، سپین میں پوپ لیو XIV کے دورے کے دوران کیتھولک وفادار ایک اجتماع میں شرکت کر رہے ہیں

سپورٹس SPORTS

برلن: فیوچسے برلن کے والٹر کرنٹز کو ہینڈ بال بنڈس لیگا کے میچ کے بعد ہوا میں پھینک دیا گیا جو فیوچسے برلن اور ایس جی فلنسبرگ-ہینڈیوٹ کے درمیان میکس-شملنگ-ہالے میں کھیلے گئے۔

نیشنل ایئر رائفل اینڈ ایئر پسٹل شوٹنگ چیمپئن شپ (آج) سے اسلام آباد میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ایئر رائفل اینڈ ایئر پسٹل شوٹنگ چیمپئن شپ کے مقابلے (آج) منگل 9 جون سے گن اینڈ کنٹری کلب، اسلام آباد میں ہونگے۔ چیمپئن شپ کا افتتاح وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ محی الدین وانی 9 جون کو صبح گیارہ بجے کریں گے۔ ٹورنامنٹ آرگنائزر نعمان افضل نے بتایا کہ چیمپئن شپ کے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے تقریباً 80 مرد اور خواتین شوٹرز حصہ لیں گے۔ ان شوٹرز کا تعلق پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، پاکستان ایئر فورس، ہائر ایجوکیشن کمیشن اور پنجاب سے ہے۔ چیمپئن شپ 13 جون تک جاری رہے۔ چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔



مونٹی کارلو: جرمنی کے تھیو اوور ہاؤس اور مارٹینیٹ از الیمرس (15) برطانیہ کے گستاو برٹن اور ٹیم جی پی ایلیٹ (26) کی قیادت کر رہے ہیں

جرمنی نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے سیکنڈ سیڈ الیگزینڈر زویروف نے پہلا گرینڈ سلام ٹائٹل جیت لیا

مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سنسنی خیز فائنل میں اٹلی کے حریف کھلاڑی فلاویو کوبولی کو شکست دے کر اعزاز حاصل کیا

پیرس (این این آئی) جرمنی نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے سیکنڈ سیڈ الیگزینڈر زویروف نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سنسنی خیز فائنل میں اٹلی کے حریف کھلاڑی فلاویو کوبولی کو شکست دے کر اپنے کیریئر کا پہلا گرینڈ سلام ٹائٹل جیت لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سال کے دوسرے گرینڈ سلام فرنچ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ اور کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ فرانس کے دارالحکومت پیرس میں جاری تھے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملے۔ مینز سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں جرمنی نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے سیکنڈ سیڈ الیگزینڈر زویروف کا مقابلہ اٹلی کے حریف کھلاڑی فلاویو کوبولی سے تھا جس میں انتہائی سخت مقابلے کے بعد الیگزینڈر زویروف نے حریف فلاویو کوبولی کو 1-6، 6-4، 4-6، 7-6 (7-5) اور 1-6 سے شکست دے کر نہ صرف فرنچ اوپن ٹینس مینز سنگلز ٹائٹل جیت لیا بلکہ اپنے کیریئر کا پہلا گرینڈ سلام ٹورنامنٹ بھی جیت لیا۔ 29 سالہ الیگزینڈر زویروف جو اس سے قبل 3 بڑے فائنلز میں ناکام رہے تھے، اوپن ایرا میں رولاں گیرو (فرنچ اوپن) کا سنگلز ٹائٹل جیتنے والے پہلے جرمن مرد کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔ دوسری جانب اپنے کیریئر کا پہلا میجر فائنل کھیلنے والے 24 سالہ فلاویو کوبولی اگرچہ فائنل میچ ہار گئے، لیکن 10 ویں سیڈ کھلاڑی کے طور پر فائنل تک پہنچنا ان کے کیریئر کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سنسنی خیز فائنل میں اٹلی کے حریف کھلاڑی فلاویو کوبولی کو شکست دے کر اعزاز حاصل کیا

نیدرلینڈز کی سائیکلسٹ ڈیمی وولرنگ نے پہلی ویمنز گیرو ڈی اٹالیہ کا ٹائٹل جیت لیا

ایک سنسنی خیز فائنل مرحلے میں ریس کی لیڈر اینا وین ڈیر بریگن کو پیچھے چھوڑتے ہوئے مقابلہ جیت لیا

سالوزو (این این آئی) نیدرلینڈز کی سائیکلسٹ ڈیمی وولرنگ نے ایک سنسنی خیز فائنل مرحلے میں ریس کی لیڈر اینا وین ڈیر بریگن کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پہلی ویمنز گیرو ڈی اٹالیہ کا ٹائٹل جیت لیا۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق اس تاریخی فتح کے ساتھ ہی 29 سالہ وولرنگ سائیکلنگ کی دنیا کا گرینڈ ٹور ٹرپلو جی (تینوں بڑے ٹورز) مکمل کرنے والی تاریخ کی دوسری خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔ ریس کے 9 ویں اور آخری مرحلے کے آغاز پر 4 بار کی چیمپئن 36 سالہ وین ڈیر بریگن کو اپنی ہم وطن ڈیمی وولرنگ پر 49 سیکنڈز کی برتری حاصل تھی۔ الپس کی پہاڑیوں کے دامن میں سالوزو کے گرد 145 کلومیٹر طویل روٹ پر نیدرلینڈز کی ڈیمی وولرنگ نے شاندار حکمت عملی اپناتے ہوئے کئی بار آگے نکلنے کی کوشش کی۔ ریس کی آخری چڑھائی 'کولیٹا ڈی بروندیلو' پر جب منزل سے صرف 39 کلومیٹر کا فاصلہ باقی تھا، ڈیمی وولرنگ نے اپنی عمدہ سائیکلنگ کے باعث ہم وطن وین ڈیر بریگن کو پیچھے چھوڑ دیا اور فنشنگ لائن سے 28 کلومیٹر پہلے ہی اگلی پوزیشن پر موجود گروپ کو جا پکڑا۔ فائنل مرحلے کی جیت کے لئے ڈیمی وولرنگ نے سپرنٹ میں زیادہ جوکھم نہیں اٹھایا کیونکہ وہ پہلے ہی مجموعی برتری کی بنیاد پر 'پنک جرسی' (پنک جرسی) محفوظ کر چکی تھیں۔ ریس کے نویں اور آخری مرحلے کی فتح اٹلی کی ایلیسا لونگو بورگینی کے نام رہی جنہوں نے نیوزی لینڈ کی نیام فشر بلیک کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد پیچھے چھوڑا۔ اٹلی کی سائیکلسٹ لونگو بورگینی نے یہ نویں مرحلہ کا فاصلہ 3 گھنٹے 45 منٹ اور 9 سیکنڈز میں مکمل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ مجموعی رینکنگ (اوورآل سٹینڈنگز) میں نیدرلینڈز کی ڈیمی وولرنگ نے انتونیا نیدرمائر پر 30 سیکنڈز کی برتری کے ساتھ ٹائٹل جیتا جبکہ نیدرلینڈز کی ہی وین ڈیر بریگن مزید 1 منٹ پیچھے رہ کر تیسرے نمبر پر رہیں۔ اس بڑی جیت کے ساتھ ہی ڈیمی وولرنگ نے 2023 میں ٹور ڈی فرانس اور 2024 اور 2025 میں لا ویلٹا فیمینینا کی فتوحات کے بعد اب گیرو بھی اپنے نام کر کے اپنی گرینڈ ٹور ٹرپلو جی مکمل کر لی ہے۔ ایک سنسنی خیز فائنل مرحلے میں ریس کی لیڈر اینا وین ڈیر بریگن کو پیچھے چھوڑتے ہوئے مقابلہ جیت لیا

بیڈمنٹن سمر تربیتی کیمپ 15 جون سے راولپنڈی میں شروع ہوگا، مطاہر سہیل

راولپنڈی (این این آئی) مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی راولپنڈی کے زیر اہتمام اور سپورٹس ہاؤس رحمان آباد کے تعاون بیڈمنٹن سمر تربیتی کیمپ 15 ون سے شہباز سپورٹس کمپلیکس راولپنڈی میں شروع ہوگا۔ مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی راولپنڈی کے ہیڈ کوچ مطاہر سہیل نے بتایا کہ سمر تربیتی کیمپ میں راولپنڈی ڈویژن کے مرد، خواتین کھلاڑی اور سکول، کالجز اور یونیورسٹی کے طلبا و طالبات حصہ لے سکتے ہیں جن راولپنڈی، اٹک، جہلم اور چکوال شامل ہیں۔

ایبٹ آباد نے کراچی وائٹس کو ہرا کرا ے بی ایس ڈویلپرز نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ 2025-26 کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا

ٹورنامنٹ جیتنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے انعام اور ٹرافی دی گئی، رنز اپ ٹیم 25 لاکھ روپے کی حقدار بنی، رپورٹ جاری

لاہور (این این آئی) ایبٹ آباد نے فائنل میں کراچی وائٹس کو ہرا کرا ے بی ایس ڈویلپرز نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ 2025-26 کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا، ایبٹ آباد نے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کی تاریخ میں پہلا ٹائٹل جیتا ہے، چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سمیر احمد سید اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، ٹورنامنٹ جیتنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے انعام اور ٹرافی دی گئی، رنز اپ ٹیم 25 لاکھ روپے کی حقدار بنی، ایبٹ آباد نے ٹاس جیت کر پہلے بالنگ کا فیصلہ کیا اور کراچی وائٹس کو 18 اعشاریہ تین اوورز میں 118 رنز پر آل آوٹ کیا، ایبٹ آباد کی جانب سے فاسٹ باؤلرز کی شاندار کارکردگی، ارشد اقبال کی تین وکٹیں جبکہ شہاب خان اور رضا اللہ کے دو دو شکار، وسیم جونیئر نے بھی ایک کھلاڑی کو آوٹ کیا، کپتان شاداب خان نے تین اعشاریہ تین اوورز میں 17 سترہ رنز کے عوض دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا، جواب میں ایبٹ آباد کے اوپننگ بلے باز شاہ زیب خان کی شاندار نصف سنچری، ایبٹ آباد نے 13 اعشاریہ پانچ اوورز میں مطلوبہ ہدف حاصل کرلیا، شاہ زیب نے 41 گیندوں پر تین چوکوں اور چار چھکوں کی مدد سے 54 رنز بنائے، کامران غلام نے 26 گیندوں پر تین چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 45 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیلی، کامران غلام کو ٹورنامنٹ کے بہترین بلے باز کا ایوارڈ بھی دیا گیا، انہوں نے چھ میچوں میں 246 رنز سکور کیے، بہترین بالر اور پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کا ایوارڈ سیالکوٹ کے اسامہ میر لے اڑے۔

ROSMALEN: آٹو ٹرون میں لیبیما اوپن سے قبل پیش نظارہ کے دوران نیدرلینڈ کے نیلز ویز کرشاٹ مار رہے ہیں

حسن علی نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں نیا ریکارڈ قائم کر دیا

لندن (این این آئی) پاکستان کے تجربہ کار فاسٹ بولر حسن علی نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز وائٹیلیٹی بلاسٹ میں لائسیسٹر شائر کے خلاف میچ میں حسن علی نے 4 وکٹیں حاصل کیں اس دوران انہوں نے بڑا سنگِ میل عبور کرتے ہوئے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں تیز ترین 350 وکٹیں لینے کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ چیمپئنز ٹرافی 2017 کے بہترین بولر حسن علی نے یہ کارنامہ صرف 243 میچز میں انجام دیا اور افغان اسپنر راشد خان کا ریکارڈ توڑ دیا۔ راشد خان نے 350 وکٹوں کا ہندسہ 251 میچز میں مکمل کیا تھا۔ اس نئی کامیابی کے بعد کرکٹ حلقوں اور شائقین کی جانب سے انہیں بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔

کولمبس: اسکالس میرکل- گرو فیلڈ میں بین الاقوامی دوستانہ میچ کے دوسرے ہاف کے دوران گوئٹے مالا کے آرون ہیریرا 7# نے ایکواڈور کے پیرو ہنکاپی 3# سے بال کو آگے بڑھایا۔

روزنامہ قوت لاہور — چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

گوجرانوالہ ریجن پولیس کی شاندار کارکردگی، سنگین جرائم میں نمایاں کمی

جرائم میں کمی ہماری ترجیحی حکمتِ عملی کی کامیابی اور عوامی اعتماد کا مظہر ہے، امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رہیں گے: آر پی او

گوجرانولہ (نوید بخاری) ریجنل پولیس آفیسر خرم شہزاد حیدر وڑائچ کے احکامات کے پیشِ نظر ریجن پولیس گوجرانوالہ کی مؤثر حکمتِ عملی، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، جدید پولیسنگ، مؤثر نگرانی اور بروقت کارروائیوں کے نتیجے میں سال 2026ء کے ابتدائی پانچ ماہ کے دوران جرائم کی شرح میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ جرائم خلافِ مال میں خاطر خواہ کمی سامنے آئی ہے۔ سال 2025ء میں ڈکیتی کے 65 مقدمات کے مقابلے میں سال 2026ء میں صرف 8 مقدمات رپورٹ ہوئے، جس سے 88 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ راہزنی کے مقدمات 7,438 سے کم ہو کر 1,685 رہ گئے اور 77 فیصد کمی سامنے آئی جبکہ ڈکیتی معہ قتل کے مقدمات 9 سے کم ہو کر 3 رہ گئے اور 67 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ دفعہ 394 کے تحت جرائم میں 71 فیصد اور دفعہ 382 کے تحت 43 فیصد کمی واقع ہوئی۔ چھینا اور نوسر بازی کے واقعات 660 سے کم ہو کر 401 رہے اور 39 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ گاڑیاں چھیننے کی وارداتوں میں 95 فیصد کمی جبکہ موٹر سائیکل چھیننے کے واقعات 1,298 سے کم ہو کر 295 رہ گئے اور 77 فیصد کمی سامنے آئی۔ کار چوری کے واقعات میں 69 فیصد کمی جبکہ موٹر سائیکل چوری کے مقدمات 7,677 سے کم ہو کر 3,471 رہے اور 55 فیصد کمی واقع ہوئی۔ اسی طرح نقب زنی کے مقدمات 1,851 سے کم ہو کر 661 رہ گئے اور 64 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی جبکہ دیگر متفرق چوریوں کے مقدمات 14,578 سے کم ہو کر 12,065 رہے اور 17 فیصد کمی سامنے آئی۔ جبکہ جرائم سنگین، خواتین اور بچوں سے متعلق جرائم میں بھی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سال 2025ء میں قتل کے 263 مقدمات کے مقابلے میں سال 2026ء میں 149 مقدمات رپورٹ ہوئے اور 43 فیصد کمی سامنے آئی، جبکہ اندھے قتل کے مقدمات 84 سے کم ہو کر 34 رہ گئے اور 60 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اغوا برائے تاوان کے 6 مقدمات کے مقابلے میں رواں سال کوئی مقدمہ رپورٹ نہ ہوا اور اس جرم میں 100 فیصد کمی ریکارڈ ہوئی۔ بچوں کی گمشدگی کے مقدمات 330 سے کم ہو کر 198 رہے اور 40 فیصد کمی سامنے آئی۔ خواتین کی گمشدگی سے متعلق مجموعی مقدمات 1,435 سے کم ہو کر 1,349 رہے اور 6 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ زیادتی کے مقدمات 204 سے کم ہو کر 177 رہے اور 13 فیصد کمی سامنے آئی، اجتماعی زیادتی کے مقدمات 137 سے کم ہو کر 110 رہے اور 20 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، جبکہ بچوں سے زیادتی، بدفعلی اور کمسن بچوں کے ساتھ جنسی جرائم کے مقدمات 255 سے کم ہو کر 230 رہے اور 10 فیصد کمی سامنے آئی۔ آر پی او نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ریجن پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری لگن اور دیانتداری سے انجام دیتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ جرائم میں نمایاں کمی ریجن پولیس کے افسران و جوانوں کی محنت، مؤثر حکمتِ عملی اور عوامی تعاون کا نتیجہ ہے۔

محرم الحرام کے دوران امن کمیٹی کے قیام میں میرٹ کو نظرانداز کیا گیا

من پسند اور سفارشی افراد کی شمولیت نے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان کھڑا کر دیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کے لیے قائم کی جانے والی امن کمیٹی سمیت مختلف ضلعی کمیٹیوں میں مبینہ طور پر میرٹ کو یکسر نظرانداز کرتے ہوئے من پسند اور سفارش یافتہ افراد کی شمولیت نے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان کھڑا کر دیا ہے۔ شہری، سماجی اور مذہبی حلقوں کے مطابق امن کمیٹیوں کا مقصد مختلف مکاتبِ فکر کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنا، انتظامیہ اور عوام کے درمیان رابطے کو مؤثر بنانا اور حساس مواقع پر امن و امان کے قیام میں معاونت فراہم کرنا ہوتا ہے، مگر حافظ آباد میں ایسے افراد کو اہم کمیٹیوں کا حصہ بنایا گیا ہے جن کا نہ تو عوامی سطح پر کوئی نمایاں کردار ہے اور نہ ہی امن و امان، سماجی خدمت یا بین المذاہب و بین المسالک ہم آہنگی کے حوالے سے کوئی قابلِ ذکر خدمات موجود ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حقیقی سماجی کارکنوں، معتبر مذہبی شخصیات، عوامی اعتماد رکھنے والے افراد اور بالخصوص پریس کلب کے صدر و جنرل سیکرٹری کو نظرانداز کر کے مخصوص حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو نوازا گیا ہے، جس سے نہ صرف امن کمیٹی کی افادیت متاثر ہوئی ہے بلکہ ضلعی انتظامیہ کی غیر جانبداری بھی مشکوک ہو کر رہ گئی ہے۔ عوامی حلقوں کا مؤقف ہے کہ محرم الحرام جیسے حساس موقع پر نمائشی اور غیر فعال شخصیات پر مشتمل کمیٹیوں کی تشکیل انتظامی نااہلی اور ناقص حکمتِ عملی کا واضح ثبوت ہے۔ شہریوں نے وزیرِاعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ حافظ آباد میں امن کمیٹی اور دیگر ضلعی کمیٹیوں کی تشکیل میں میرٹ کی خلاف ورزیوں، سفارش کلچر اور اقربا پروری کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی عمل میں لائیں اور تمام کمیٹیوں کی ازسرِنو تشکیل شفافیت، اہلیت، عوامی نمائندگی اور عملی خدمات کو بنیاد بنا کر یقینی بنائیں تاکہ عوام کا انتظامی نظام پر اعتماد بحال ہو سکے۔

گوجرانوالہ میں میگا سیوریج منصوبوں پر 80 فیصد ترقیاتی کام مکمل

سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

گوجرانوالہ (پرویز مغل) گوجرانوالہ میں میگا سیوریج منصوبوں پر 80 فیصد ترقیاتی کام مکمل کر لیا گیا، سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ میں درپیش سیوریج کے دیرینہ مسئلے کی درستگی کے لئے وزیرِاعلیٰ پنجاب مریم نواز نے گوجرانوالہ کی عوام کو میگا پروجیکٹ کا تحفہ دیا جہاں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 30 ارب روپے کا ترقیاتی منصوبہ جاری ہے گزشتہ روز سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے گوجرانوالہ میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا، ایم ڈی واسا اسد ڈوگر نے جاری منصوبوں بارے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد اور ڈپٹی ایم ڈی خرم بٹ بھی ہمراہ تھے بریفنگ میں بتایا گیا کہ 3.3 ارب روپے کی لاگت سے انتہائی اہم حصہ پہلے مکمل کیا جا رہا ہے، سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے پیکج 1 اور پیکج 4 سمیت مختلف سائٹس کا وزٹ کیا جہاں نوید کنسٹرکشن کمپنی اور رصفا کے کام کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مون سون سے قبل ترقیاتی کام مکمل کیے جائیں اور شہریوں کی حفاظت کیلئے ایس او پیز یقینی بناتے ہوئے تمام سائٹس پر 24 گھنٹے کام کو جاری رکھا جائے مزید یہ کہ عملے کی حفاظت کے لیے معقول انتظامات کیے جائیں ان کا مزید کہنا تھا کہ وزیرِاعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ترقیاتی کاموں کی رفتار کی سخت مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔

گلگت بلتستان کے انتخابات میں پیپلز پارٹی کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

آصف علی زرداری نے گلگت بلتستان کا انتظامی ڈھانچہ بنایا تھا: یاسر ذوالفقار چوہدری ایڈووکیٹ

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر رانا اکرم حمید) بار ایسوسی ایشن سانگلہ ہل کے سابق صدر یاسر ذوالفقار چوہدری ایڈووکیٹ نے پاکستان پیپلز پارٹی کو گلگت بلتستان کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے پر ... کی منصفانہ تقسیم کے لئے اپنا کردار ادا کیا گلگت بلتستان کے عوام سے ان ...

تاجر برادری کی خدمت، فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے: زمان بھٹی

ہم اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ بڑے اور چھوٹے تمام دکانداروں کو ساتھ لے کر چلیں گے

(DCPC) گوجرانوالہ/گجرات چوہدری محمد فاروق نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر گجرات اختر فاروق سے ان کے دفتر میں پہلی باضابطہ ملاقات کی

گوجرانوالہ (ظہیر عباس) اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈسٹرکٹ کنزیومر پروٹیکشن کونسل (DCPC) گوجرانوالہ/گجرات چوہدری محمد فاروق نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر گجرات اختر فاروق سے ان کے دفتر میں پہلی باضابطہ ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ...

مہنگائی اور نئے ٹیکسوں نے غریب عوام کی کمر توڑ دی، ریلیف دیا جائے: عوامی حلقے

بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی لانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں

بیرون ملک بھیجنے کا جھانسہ دے کر ایجنٹ نے سادہ لوح شہری کو لوٹ لیا

پسرور بار ایسوسی ایشن کیلئے 30 لاکھ روپے کی گرانٹ، رانا محمد فیاض نے چیک بار عہدیداران کے حوالے کیا

فیصل آباد کے شہریوں کو وسائل کے حل میں براہ راست ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے

مختلف رہائشی کالونیوں اور پرائیویٹ رہائشی سکیموں میں کمرشل پلاٹس، دکانات اور رہائشی پلاٹس کو نیلام عام کے ذریعے فروخت کرنے کا فیصلہ

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ایف ڈی اے کے زیرِ کنٹرول مختلف رہائشی کالونیوں اور پرائیویٹ رہائشی سکیموں میں کمرشل پلاٹس، دکانات اور رہائشی پلاٹس کو نیلام عام کے ذریعے فروخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے لیے نیلامی 22 جون کو گیارہ بجے ...

تشدد زیادتی نفرت و جارحیت کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ رانا عرفان

معصوم بچوں کیخلاف جارحیت و متشدد رویے کسی طور قبول نہیں۔ رانا فیصل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معصوم بچوں و خواتین کے خلاف جارحیت کے حوالہ سے خصوصی پیغام میں معروف کاروباری شخصیات رانا عرفان اور رانا فیصل نے کہا کہ خواتین و بچوں کے استحصال اور انکے ساتھ تشدد ... معاشرے کے تمام طبقات پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ...

بین الاقوامی شہرت یافتہ ماہر ... پنجاب ایجنسی کے دفتر کا دورہ کیا



نوشہرہ ورکاں تتلے عالی کے نواحی گاؤں تنگ کلاں میں ٹریفک حادثہ

موٹر سائیکل روڈ پہ کھڑے کیری ڈبے سے ٹکرا گئی، موٹر سائیکل سوار دو بچے شدید زخمی

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) نوشہرہ ورکاں تتلے عالی کے نواحی گاؤں تنگ کلاں میں ٹریفک حادثہ موٹر سائیکل روڈ پہ کھڑے کیری ڈبے سے ٹکرا گئی، موٹر سائیکل سوار دو بچے شدید زخمی تفصیلات کے مطابق تتلے عالی کے نواحی گاؤں تنگ کلاں میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں دو بچے زخمی ہو گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق موٹر سائیکل سڑک کے کنارے کھڑے کیری ڈبے کے سنٹر گیٹ سے جا ٹکرائی جس کے باعث حادثہ پیش آیا اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال گوجرانوالا منتقل کر دیا زخمیوں میں 16 سالہ غلام محی الدین ولد عبیداللہ شامل ہے جسے سر پر چوٹیں آئیں، جبکہ 12 سالہ صفی اللہ ولد اصغر کے چہرے پر گہرا زخم اور سر پر چوٹ آئی۔ دونوں زخمیوں کا تعلق تتلے عالی کے نواحی گاؤں تنگ کلاں سے ہے

روڈ کراس کرتے ہوئے 65 سالہ شخص کار کی ٹکر سے جاں بحق

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) روڈ کراس کرتے ہوئے 65 سالہ شخص کار کی ٹکر سے جاں بحق ہو گیا، اقبال نگر بجی پٹرول پمپ کے قریب ٹھٹھہ ڈوگراں والہ کا رہائشی اسلم سڑک عبور کرتے ہوئے قصور سے آنے والی تیز رفتار کار کی زد میں آ کر جان کی بازی ہار گیا، وقوعہ پر موجود افراد نے ALQ.784 نمبری کار کو گھیر کر پولیس کو اطلاع دی، اس دوران ڈرائیور موقع پا کر گاڑی سمیت فرار ہو گیا، پولیس نے متوفی اسلم کے بیٹے یٰسین کی مدعیت میں نامعلوم ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

اوکاڑہ ٹریفک کے دو حادثات اڈہ ستگھرہ پر موٹر سائیکل اور رکشہ میں تصادم ہو گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ٹریفک کے دو حادثات اڈہ ستگھرہ پر موٹر سائیکل اور رکشہ میں تصادم ہو گیا 6 افراد شدید زخمی زخمیوں میں باپ بیٹا اور میاں بیٹی اور میاں بیوی شامل ریسکیو ذرائع کے مطابق اڈا ستگھرہ پر تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل اور رکشہ میں تصادم ہو گیا جس کے نتیجے میں 3 سالہ احمد اور اس کا 25 سالہ باپ ذوالفقار، 30 سالہ غلام زہرا اور اس کی 5 سالہ بیٹی ماہ نور شدید زخمی ہو گئے، دوسرا حادثہ جی ٹی روڈ نزد اٹلکہ پیٹرولیم کے سامنے یوٹرن لیتے سوزوکی وین اور بس میں تصادم کے نتیجے میں وین میں سوار ابراہیم کالونی کے رہائشی میاں بیوی شدید زخمی ہو گئے حادثات کی اطلاعات ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں فوری جائے حادثات پر پہنچ گئیں ریسکیو اہلکاروں نے حادثے میں زخمی ہونے والوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ڈسٹرکٹ ہسپتال اوکاڑہ سٹی منتقل کر دیا گیا، ہسپتال میں موجود ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل سٹاف نے زخمیوں کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے لگے#

تھانہ تتلے عالی کے علاقے میں 3 مختلف واقعات پیش آئے

دن دیہاڑے جسم فروشی کے اڈے پر تھانہ تتلے عالی پولیس کا چھاپہ نائیکہ سمیت ایک مرد کو گرفتار کر لیا

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) تھانہ تتلے عالی کے علاقے میں 3 مختلف واقعات پیش آئے تھانہ تتلے عالی پولیس کی فوری کارروائی پہلے واقعہ میں تتلے عالی کے محلہ فیصل کالونی کی رہائشی شہزادی پروین اپنے گھر میں فحاشی کا اڈا چلاتی ہے سرِعام دن دیہاڑے جسم فروشی کے اڈے پر تھانہ تتلے عالی پولیس کا چھاپہ نائیکہ سمیت ایک مرد کو گرفتار کر لیا تھانہ تتلے عالی پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ اس وقت محلہ فیصل کالونی میں جسم فروشی کے اڈہ پر ایک شخص داخل ہوا ہے، جس پر پولیس نے فوری کارروائی کر کے خاتون شہزادی پروین سکنہ فیصل کالونی اور عمیر نذیر سکنہ تتلے عالی کو گرفتار کر کے نائیکہ سے جسم فروشی کیلئے وصول کی ہوئی رقم 2 ہزار روپے برآمد کر کے دونوں کے خلاف تھانہ تتلے عالی میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔ دوسرے واقعہ میں تتلے عالی ابراہیم کالونی کی رہائشی 18 سالہ شادی شدہ (ک) کو ملزمان قطب، مالک وغیرہ نے اغوا کر لیا اور جاتے وقت گھر سے 5 لاکھ روپے نقدی بھاری مقدار میں چاندی کے زیورات اور قیمتی موبائل فون بھی لے گئے تیسرے واقع میں تتلے عالی کے نواحی گاؤں ٹھمن والا کی رہائشی 18 سالہ (ی) کو ملزم منیب اپنے نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ اغواء کر کے لے گئے تھانہ تتلے عالی پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے

خاتون کو خاندان والوں کے سامنے تشدد کا نشانہ بنانے والوں کیخلاف مقدمہ درج

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے ٹراما سینٹر میں بااثر مسلح افراد کی جانب سے ایک خاتون کو اس کے خاوند اور عزیز و اقارب کے سامنے تشدد کا نشانہ بنانے اور کپڑے پھاڑ کر برہنہ کرنے کے الزام میں پولیس تھانہ صدر نے مقدمہ درج کر کے 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ صدر حافظ آباد میں تشدد کا نشانہ بننے والی خاتون نازیہ بی بی کی مدعیت میں درج ایف آئی آر کے مطابق وہ کوٹ سرور کی رہائشی ہے۔ سابقہ رنجش کی بنا پر ڈنڈوں اور سوٹوں سے مسلح 11 بااثر ملزمان، جن میں عمران، رمضان اور دیگر شامل ہیں، اس کے گھر میں داخل ہوئے جہاں انہوں نے تشدد کر کے اس کے والد، چچا اور پھوپھی کو شدید زخمی کر دیا۔

اوکاڑہ: مختلف مقدمات میں بھاری مقدار میں برآمد شدہ منشیات تلف

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ضلع اوکاڑہ کے مختلف تھانوں میں درج مقدمات کے دوران برآمد ہونے والی بھاری مقدار میں منشیات اور شراب کو عدالتی احکامات کے مطابق تلف کر دیا گیا۔ منشیات تلف کرنے کی کارروائی سینئر سول جج اوکاڑہ خدا یار کی نگرانی میں انجام دی گئی۔ اس موقع پر ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی ہدایت پر ڈی ایس پی کلیم اللہ، انچارج مالخانہ اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ تلف کی جانے والی منشیات میں 996.4 کلوگرام ہیروئن، 47.4 کلوگرام افیون، 485.448 کلوگرام چرس، 950.19 کلوگرام بھنگ، 76 کلوگرام پوست، 161.2 کلوگرام آئس جبکہ 6978 لیٹر شراب شامل تھی۔ پولیس کے مطابق مذکورہ منشیات اور شراب ضلع اوکاڑہ کے مختلف تھانوں میں درج مقدمات کے دوران برآمد کی گئی تھیں۔ قانونی مراحل کی تکمیل اور عدالتی اجازت ملنے کے بعد انہیں مقررہ ضابطہ کار کے تحت تلف کیا گیا۔

ٹریکٹر ٹرالی اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم، نوجوان جاں بحق

ریسکیو کنٹرول روم نے فوری طور پر امدادی ٹیموں کو جائے وقوعہ پر روانہ کر دیا ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کیں

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نواحی گاؤں آہدیاں کے قریب ٹریکٹر ٹرالی اور موٹر سائیکل کے درمیان ہونے والے تصادم کے نتیجے میں ایک نوجوان جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو کنٹرول روم نے فوری طور پر امدادی ٹیموں کو جائے وقوعہ پر روانہ کر دیا ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کیں اور موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہونے والے 25 سالہ حیدر کی لاش کو تحویل میں لے کر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال مریدکے منتقل کر دی جبکہ حادثے میں زخمی ہونے والے 21 سالہ علی حماد اور 28 سالہ سلمان کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیرِاعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن XX کرائم فری پنجاب XX کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 18 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 7 اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ منشیات فروشوں کیخلاف کارروائیوں میں 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی گئی۔ بجلی چوری، تیز رفتاری، غفلت تیز رفتاری سے گاڑی چلانے پر 9 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے چیکنگ کے دوران 3466 مشکوک افراد، 635 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 350 سے زائد گاڑیوں کے چالان کیے گئے، 6 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کیے گئے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔

جہلم بیکری مالکان نے ضلع بھر میں جنگل کا قانون نافذ کر لیا،

خریداروں کا کوئی پرسان حال نہ رہا بیکری اشیاء خورد و نوش کے نرخ زائد وصول کئے جانے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بیکری مالکان نے ضلع بھر میں جنگل کا قانون نافذ کر لیا خریداروں کا کوئی پرسان حال نہ رہا بیکری اشیاء خورد و نوش کے نرخ زائد وصول کیے جانے کے لیے حکومت کی جانب سے میدہ، چینی، سوجی کے نرخ کم ہونے باوجود بیکری اشیاء کی قیمتوں میں کوئی کمی نہ کی گئی صارفین پریشان حکومت کی جانب سے دیا گیا ریلیف ہم تک کیسے پہنچ پائے گا انتظامیہ کارروائی کرے ان خیالات کا اظہار شہری سماجی رفاہی فلاحی شہری مذہبی تنظیموں کے عمائدین نے میڈیا نمائندگان سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا حکومت پنجاب کی جانب سے عوام کو ہر طرح کا ریلیف پہنچانے کے لئے اقدامات کیے جا رہے ہیں روزمرہ ضروری اشیاء آٹا، میدہ، سوجی، چینی، گھی وغیرہ کے نرخوں کو کنٹرول ریٹ پر فروخت کو یقینی بنایا جا رہا اس کے باوجود شہر سمیت ضلع بھر میں روزمرہ ضرورت اشیاء کے نرخوں میں واضح کمی ہونے کے باوجود، کیک رس، خطائی، ڈبل روٹی وغیرہ مہنگے داموں فروخت ہو رہی صارفین پر اضافی بوجھ ڈالنے والے بیکری مالکان کے خلاف پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سمیت پیرا فورس کو کارروائیاں کرنے کا پابند بنایا جائے

شجر کاری کی اہمیت

تحریر طوبیٰ امجد پراچہ

درخت قدرت کا انمول تحفہ ہیں جو انسانی زندگی اور ماحول کے لیے نہایت ضروری ہیں۔ درخت نہ صرف ہمیں آکسیجن فراہم کرتے ہیں بلکہ فضا کو آلودگی سے پاک رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آج کے دور میں بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی، موسمیاتی تبدیلیوں اور درجہ حرارت میں اضافے کے باعث شجر کاری کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ درخت فضا سے کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کر کے آکسیجن خارج کرتے ہیں، جس سے انسانوں اور جانوروں کو صاف ہوا میسر آتی ہے۔ درخت زمین کو کٹاؤ سے بچاتے ہیں اور بارشوں کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جن علاقوں میں زیادہ درخت ہوتے ہیں وہاں موسم نسبتاً خوشگوار اور ماحول صاف ہوتا ہے۔ شجر کاری معاشی لحاظ سے بھی اہم ہے۔ درختوں سے لکڑی، پھل، ادویات اور دیگر مفید اشیاء حاصل ہوتی ہیں۔ بہت سے لوگوں کا روزگار بھی جنگلات اور باغات سے وابستہ ہے۔ اس کے علاوہ درخت مختلف اقسام کے پرندوں اور جانوروں کے لیے پناہ گاہ کا کام کرتے ہیں، جس سے قدرتی ماحول کا توازن برقرار رہتا ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان سمیت دنیا کے کئی ممالک میں جنگلات تیزی سے ختم ہو رہے ہیں۔ آبادی میں اضافے، شہری توسیع اور درختوں کی بے دریغ کٹائی نے ماحول کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ اس صورتحال کا نتیجہ گرمی کی شدت، سیلاب، خشک سالی اور دیگر قدرتی آفات کی صورت میں سامنے آ رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت، تعلیمی ادارے، سماجی تنظیمیں اور عوام مل کر شجر کاری کو فروغ دیں۔ ہر شہری کو چاہیے کہ سال میں کم از کم ایک درخت ضرور لگائے اور اس کی دیکھ بھال بھی کرے۔ اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں شجر کاری مہمات کا انعقاد کیا جانا چاہیے تاکہ نوجوان نسل میں ماحول دوستی کا شعور پیدا ہو۔ آخر میں یہ کہنا بجا ہو گا کہ شجر کاری صرف ایک قومی ذمہ داری نہیں بلکہ ہماری آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت بھی ہے۔ اگر ہم آج زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں گے تو کل ایک سرسبز، صاف اور صحت مند ماحول حاصل کر سکیں گے۔ "ایک درخت لگائیں، زندگی بچائیں"۔

سی سی ڈی صدر سرکل شیخوپورہ نے مریدکے کے عوام کو مبینہ بھتہ خور میاں بیوی سے نجات دلا دی

ملزم اس سے قبل بھی تقریباً دو ماہ قبل گرفتار ہوا تھا، تاہم بعد ازاں دوبارہ سرگرم ہو کر اپنے مبینہ جرائم کا سلسلہ شروع کر دیا



فیروزوالہ (نامہ نگار منور کیلن) مریدکے: شہر مریدکے کے عوام کے لیے عرصہ دراز سے خوف و ہراس کی علامت بنے ہوئے مبینہ بھتہ خور میاں بیوی کو سی سی ڈی شیخوپورہ صدر سرکل نے جدید ٹیکنالوجی، پیشہ ورانہ مہارت اور شہریوں کی نشاندہی پر ایک بار پھر گرفتار کر لیا۔ علاقہ مکینوں کے مطابق ملزم وقاص ولد الیاس کھوکھر اور اس کی اہلیہ مہناز بی بی، سکنہ بصرہ کالونی، طویل عرصے سے مختلف افراد کو دھمکیاں دے کر مبینہ طور پر بھتہ وصول کرنے میں ملوث تھے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ملزم اس سے قبل بھی تقریباً دو ماہ قبل گرفتار ہوا تھا، تاہم بعد ازاں دوبارہ سرگرم ہو کر اپنے مبینہ جرائم کا سلسلہ شروع کر دیا۔ متاثرین کے مطابق ملزم صرف تاجروں اور کاروباری شخصیات ہی کو نہیں بلکہ متوسط طبقے کے افراد کو بھی نشانہ بناتا تھا۔ وہ لوگوں کے بارے میں معلومات اکٹھی کرتا، پرچیاں بھجواتا، مختلف نمبروں سے کالیں کر کے خوف و ہراس پھیلاتا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتا تھا۔ مقامی افراد کا دعویٰ ہے کہ اس کی اہلیہ بھی اس سرگرمی میں معاونت کرتی تھی اور متاثرہ افراد کی نقل و حرکت پر نظر رکھتی تھی، جس سے شہریوں میں مزید خوف پیدا ہوتا تھا۔ شہریوں کے مطابق حالیہ کارروائی کے لیے متاثرہ افراد نے براہِ راست سی سی ڈی شیخوپورہ سے رابطہ کیا، جس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم اور اس کی اہلیہ کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم مختلف نوعیت کے سنگین مقدمات اور متعدد ڈکیتی کی وارداتوں میں بھی مطلوب رہا ہے۔ ملزمان کی گرفتاری پر اہلیانِ مریدکے نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سی سی ڈی شیخوپورہ صدر سرکل کے افسران اور اہلکاروں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس کارروائی سے علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہونے کی امید پیدا ہوئی ہے۔ شہریوں نے بالخصوص آر او سی سی ڈی شیخوپورہ ڈاکٹر عبدالحنان اور سی او سی سی ڈی صدر سرکل شیخوپورہ ولی حسن پاشا کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی نگرانی، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت اقدامات کی بدولت ایک ایسے مبینہ جرائم پیشہ نیٹ ورک کا خاتمہ ممکن ہوا جس نے شہریوں کا جینا دوبھر کر رکھا تھا۔

انفورسمنٹ انسپکٹر حاجی محمد انصاری کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر میونسپل کمیٹی میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) انفورسمنٹ انسپکٹر حاجی محمد انصاری کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر میونسپل کمیٹی میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں کوآرڈینیٹر وفاقی وزیر ملک خالد عمر، ضلعی انفارمیشن سیکرٹری مسلم رؤف نواب چوہدری، امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری محمد علی، ممبر امن کمیٹی میاں خالد سیف اللہ، جمعیت علمائے اسلام کے نائب صدر مفتی احمد برکاتی، صدر مرکزی انجمن تاجران آل تحصیل کوٹ رادھا کشن چوہدری محمد اصغر سندھو سمیت معززین علاقہ، وکلاء، تاجر اور صحافی برادری نے خصوصی شرکت کی مقررین نے حاجی محمد انصاری کی خدمات کو سراہا اور مبارکباد پیش کی۔

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف تابڑ توڑ کارروائیوں کے نتیجے میں جرائم کی شرح میں مجموعی طور پر 40 فیصد کمی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں پولیس کی گزشتہ چھ ماہ کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف تابڑ توڑ کارروائیوں کے نتیجے میں جرائم کی شرح میں مجموعی طور پر 40 فیصد کمی واقع ہوئی ہے، جبکہ ڈکیتی کی وارداتوں کا تقریباً خاتمہ ہو چکا ہے، جو ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کامران حمید کی میرٹ پر مبنی اور مؤثر پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ذرائع کے مطابق ضلع میں گاڑیاں چھیننے کی وارداتوں میں 65 فیصد، چوری کی وارداتوں میں 69 فیصد، راہزنی کی وارداتوں میں 57 فیصد اور گاڑی چوری کے واقعات میں 64 فیصد کمی واقع ہوئی ہے، جو پولیس کی نمایاں کامیابیوں کی عکاس ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس عرصے کے دوران 370 سے زائد منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کی گئیں، جس سے معاشرے کو منشیات کے ناسور سے نجات دلانے میں مدد ملی ہے ذرائع کا کہنا تھا کہ محکمہ پولیس میں میرٹ پر تقرریوں اور تعیناتیوں نے فورس کے مورال کو مزید بلند کیا ہے۔ اسلم شہید ڈرائیونگ سکول، لائسنسنگ سنٹر کا قیام، ٹریفک آفس میں نئے بلاک کی تعمیر اور پولیس ملازمین و شہداء کی فلاح و بہبود کے لیے پنڈی بھٹیاں میں پاسبان مارکیٹ پراجیکٹ کی تکمیل ایسے منصوبے ہیں جنہوں نے پولیس ملازمین اور عوام کی دیرینہ خواہشات کو پورا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کامران حمید کی خدمات پر انہیں جتنا بھی خراجِ تحسین پیش کیا جائے کم ہے۔

ایس ایچ او تھانہ چھانگا مانگا افتخار احمد جوئیہ کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن

سو لیٹر دیسی شراب معہ چالو بھٹی برآمد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان اور ڈی ایس پی چونیاں سرکل ظفر اقبال کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ چھانگا مانگا افتخار احمد جوئیہ کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن سو لیٹر دیسی شراب معہ چالو بھٹی برآمد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان اور ڈی ایس پی چونیاں سرکل ظفر اقبال کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ چھانگا مانگا افتخار احمد جوئیہ کا اپنی ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور آپریشن دوران کارروائی پولیس نے ملزم شوکت علی ولد احمد دین قوم بھٹی کوٹ بیپار او تاڑ کوٹ رادھا کشن کے گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا گیا ملزم سے سو لیٹر دیسی شراب معہ چالو بھٹی برآمد کر کے مقدمہ درج رجسٹرڈ کیا گیا افتخار احمد جوئیہ اور ان کی پوری ٹیم نے پچھلے کئی روز سے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا ہوا ہے جو کہ بہت اچھا اقدام ہے منشیات فروشوں کی گرفتاری پر اہلیان علاقہ معزز شہریوں نے ایس ایچ او تھانہ چھانگا مانگا افتخار احمد جوئیہ اور ان کی پوری ٹیم کے اس اقدام پر ان کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

محرم الحرام کے دوران جھنگ پولیس کی سرگرمیاں جاری

اسی سلسلے میں ڈی پی او جھنگ ساجد حسین نے تھانہ اٹھارہ ہزاری کا دورہ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے دوران بین المسالک ہم آہنگی، بھائی چارے اور پائیدار امن کے فروغ کیلئے جھنگ پولیس کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈی پی او جھنگ ساجد حسین نے تھانہ اٹھارہ ہزاری کا دورہ کیا جہاں انہوں نے جلوس و مجالس کے منتظمین، لائسنسداران، ممبران امن کمیٹی اور تمام مکاتبِ فکر کے نمائندہ علماء کرام سے تفصیلی میٹنگ کی، میٹنگ میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال، بین المسالک رواداری، باہمی احترام اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے ضلع میں امن کے قیام کیلئے جھنگ پولیس کے اقدامات کو سراہتے ہوئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ اس موقع پر ڈی پی او ساجد حسین نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں صبر، برداشت، اتحاد اور قربانی کا درس دیتا ہے۔ قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی اور امن کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے۔ جھنگ پولیس تمام مکاتبِ فکر کے علماء کرام، امن کمیٹیوں اور شہریوں کے تعاون سے ایک پرامن اور مثالی ماحول کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محرم الحرام کے دوران کسی بھی شرپسند عنصر کو امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور قانون کی عملداری ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ میٹنگ کے اختتام پر شرکاء نے ضلع بھر میں امن، بھائی چارے اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کیلئے مشترکہ کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

پراسرار حالات میں ہسپتال میں دم توڑنے والی نوجوان لڑکی ایشال فاطمہ کے کیس میں اہم پیش رفت

اطلاع ملتے ہی ڈی پی او جھنگ ساجد حسین نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو تمام حقائق اور شواہد کی روشنی میں تحقیقات کا حکم دیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پراسرار حالات میں ہسپتال میں دم توڑنے والی نوجوان لڑکی ایشال فاطمہ کے کیس میں جھنگ پولیس نے اہم پیش رفت کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 7 جون کو پولیس ہیلپ لائن 15 پر اطلاع موصول ہوئی تھی کہ ایک نوجوان لڑکی کو تشویشناک حالت میں نجی ہسپتال داخل کروایا گیا ہے جبکہ اسے ہسپتال پہنچانے والے افراد موقع سے فرار ہو گئے ہیں۔ اطلاع ملتے ہی ڈی پی او جھنگ ساجد حسین نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو تمام حقائق اور شواہد کی روشنی میں تحقیقات کا حکم دیا۔ پولیس نے جدید تفتیشی ذرائع، سی سی ٹی وی فوٹیج اور دیگر شواہد کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے راتوں رات تین ملزمان خلیل الرحمن، محمد حسن اور عیس کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ مزید زیرِ استعمال گاڑی بھی قبضہ پولیس میں لے لی گئی ہے۔ معلوم ہوا کہ ایشال فاطمہ کے اغواء کا مقدمہ تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں پہلے ہی درج تھا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق ایشال فاطمہ اور ملزم خلیل الرحمن ایک دوسرے کو جانتے تھے۔ ملزمان کے بیان کے مطابق لڑکی کی طبیعت اچانک خراب ہونے پر اسے علاج کیلئے ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم واقعہ کے اصل محرکات اور تمام حقائق جاننے کیلئے تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ڈی پی او ساجد حسین نے کہا ہے کہ کیس کے ہر پہلو کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے اور کسی بھی نتیجے پر پہنچنے سے قبل تمام شواہد، فرانزک رپورٹس اور پوسٹ مارٹم کے نتائج کو مدِنظر رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ واقعہ سے متعلق تمام شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں اور تحقیقات کو مکمل شفافیت، غیر جانبداری اور پیشہ ورانہ انداز میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ حقائق اور شواہد کی روشنی میں مقدمہ کو میرٹ پر یکسو کیا جائے گا۔

”قوت“ کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ جات 1

آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سیکیورٹی صورتِ حال اور دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاکستان اور لبنان کی مسلح افواج کے درمیان پیشہ ورانہ روابط اور تربیتی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے لبنان کے ساتھ دیرینہ اور خوشگوار تعلقات کی اہمیت پر زور دیا، پاکستان نے لبنانی مسلح افواج کے ساتھ دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر جنرل روڈولف ہائیکل نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور آپریشنل مہارت کو سراہا اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق بین الاقوامی امن مشنز میں پاکستان کی خدمات کو لبنان نے قابلِ قدر قرار دیا، پاکستان اور لبنان کی افواج نے فوجی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا اظہار کیا، دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ جات 2

نے کہا کہ میں امریکی صدر ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے درمیان ہونے والی سیکڑوں گفتگو میں شریک رہ چکا ہوں، دونوں رہنماں کے درمیان تقریبا 40 برس پر محیط گہری دوستی ہے۔ یخیئیل لیٹر کے مطابق وزیراعظم نیتن یاہو نے ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کے حوالے سے صدر ٹرمپ کی درخواست پر کشیدگی کم کرنے کا فیصلہ کیا، تاہم امریکی صدر بخوبی سمجھتے ہیں کہ اسرائیل اپنے ملک پر بیلسٹک میزائل حملے برداشت کر کے خاموش نہیں رہ سکتا۔ اسرائیلی سفیر نے مزید کہا کہ مجموعی طور پر امریکا اور اسرائیل کے درمیان انتہائی قریبی تعاون جاری ہے اور دونوں ممالک ایک دوسرے کے مفاد اور خدشات کو بخوبی سمجھتے

بقیہ جات 3

تے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ میری اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے ساتھ بہت اچھی بات چیت ہوئی، جس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان صورتحال میں بہتری آئی ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ نیتن یاہو پر حملہ ہوا، انہوں نے جواب دیا اور میں اس پر انہیں مورد الزام نہیں ٹھہرا سکتا، لیکن اب دونوں فریق اپنی کارروائیاں روک چکے ہیں اور ایک ہفتے یا اس کے قریب عرصے کے لیے ایک دوسرے کو تنہا چھوڑ دیں گے۔ امریکی صدر نے ایران کے ساتھ جاری مذاکرات پر بھی اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا ایک ایسے معاہدے کے حتمی مرحلے میں داخل ہو چکا ہے جو کسی بھی صورت ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاہدے پر دستخط ہوتے ہی آبنائے ہرمز فوری طور پر کھول دی جائے گی، یہ معاہدہ آئندہ دو سے تین دن میں طے پا سکتا ہے۔

بقیہ جات 4

کو یہاں اپنی زیر صدارت بجلی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر احمد تارڑ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس لغاری، مشیر وزیر اعظم برائے نجکاری محمد علی، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ خسارے کا شکار ریاستی ملکیتی اداروں کی نجکاری ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کے عمل کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نجکاری کے تمام عمل کو انتہائی شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ڈسکوز کی نجکاری کے بعد مضبوط ریگولیٹری فریم ورک بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ جات 5

ہے کہ ہم نہیں سمجھتے امریکی صدر دیانت داری سے بات کر رہے ہیں، ہم مذاکرات کو جنگ کا ایک حصہ سمجھتے ہیں، امریکا اور امریکی صدر کی سنجیدگی نظر آئی تو مذاکرات پر اعتراض نہیں، امریکا مذاکرات کے اصولوں کی پابندی کرے تو ایران کو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ مذاکرات میں سب سے بڑی رکاوٹوں سے متعلق سوال پر ابراہیم عزیزی کا کہنا ہے کہ ایران کو سنجیدہ ارادہ نظر نہیں آتا جس میں کوئی قابلِ عمل فریم ورک تشکیل پاسکے، ایران کے منجمد اثاثوں کا مسئلہ اس کی ایک واضح اور نمایاں مثال ہے۔ ابراہیم عزیزی نے کہا ہے کہ یورینیم افزودگی اور جوہری معاملات پر کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، اس مرحلے پر ان مسائل پر مذاکرات مقصود ہی نہیں، امریکا اور ایران کے درمیان امن معاہدہ ہونا دوسری طرف کیطرفہ عمل پر ہے، یہی رویہ جاری رہا تو جواب نفی میں ہے، کیونکہ ہمیں بالکل اعتماد نہیں ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایران کی طے کردہ شرائط پوری کی جائیں، قومی مفادات، اقتصادی معاملات اور لبنان کے مسئلے میں عملی پیش رفت نظر آئے تو مذاکرات آگے بڑھ سکتے ہیں، ایسا نہ ہوا تو ایران مزاحمتی محاذ، اس کے ارکان اور بالخصوص لبنان کے معاملے پر پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

بقیہ جات 6

یونٹ سستی کردی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی ملک بھر کے لیے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں سستی کی گئی ہے۔ بجلی جنوری تا مارچ 2026 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں سستی کی گئی ہے، بجلی سستی کرنے کا اطلاق جون سے اگست 2026 کے 3 ماہ کے لیے ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا، اس فیصلے سے بجلی صارفین کو 67 ارب 17 کروڑ 30 لاکھ روپے کا ریلیف ملے

بقیہ جات 7

ضرورت ہیں، چند ہفتوں میں ہربل سے متعلق ڈریپ کے پاس ریگولیشنز ہوں گی۔ جڑی بوٹیوں اور روایتی ادویات پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہربل سے متعلق قانون اور ریگولیشن نہیں ہیں، ہم نے ہربل پر قانون سازی وزارت صحت سے وزارت قانون کو بھجوادی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ یہ کانفرنس ویسٹرن میڈیسن کے خلاف نہیں، ہر شعبہ کی اپنی اہمیت ہے، ویسٹرن میڈیسن ایک وقت کے بعد آپ کے جسم پر اثر کرنا چھوڑ دیتی ہیں۔ وزیر صحت نے کہا کہ پاکستان میں بیمار آدمی 8 دن تندرست ہونے میں لیتا ہے جبکہ دنیا میں 3 دن لگتے ہیں، پاکستان میں ہیلتھ کیئر سسٹم مزید بیمار پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہسپتال بناتے ہیں، مریضوں کا انتظار نہیں کرتے بلکہ پہلے ہی دن بھر جاتا ہے، بیماریاں جیسے بڑھ رہی ہیں ہر گلی میں ہسپتال بنادیں پھر بھی کم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ 85 فیصد ادویات پاکستان میں بن رہی ہیں، خام مال باہر سے آرہا

بقیہ جات 8

ی نے وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر قومی اسمبلی کے دونوں ایوانوں کا اجلاس (آج) بدھ کو طلب کرلیا ہے۔ قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) بدھ کی شام 5 بجے طلب کیا گیا ہے جبکہ سینیٹ کا اجلاس (آج) بدھ کی سہ پہر 4 بجے طلب کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کے مطابق بجٹ جمعہ 12 جون کو قومی اسمبلی میں پیش کیا جائیگا، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب قومی اسمبلی میں مالی سال 2026.27 کا وفاقی بجٹ پیش کریں

بقیہ جات 9

نے کہا ہے کہ امریکا ایران جنگ بندی سے متعلق حتمی مسودے پر بات چیت جاری ہے۔ ابھی اتفاق نہیں ہوا، کوششیں جاری ہیں۔ روسی خبر ایجنسی کے مطابق امیر سعید ایروانی نے کہا کہ مسودے اور گفتگو کا تبادلہ پاکستان کے ذریعے کیا گیا۔ اقوام متحدہ میں ایران کے سفیر نے کہا کہ جنگ بندی کے مسودے میں لبنان سمیت تمام علاقوں کو شامل کیا جائے گا۔ قبل ازیں ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ نہ محاذ چھوڑا اور نہ ہی مذاکرات کا راستہ ترک کیا ہے۔ ایک بیان میں ایرانی صدر نے کہا کہ ہماری ترجیح ایران کی سلامتی اور اپنے لوگوں کا امن ہے، سفارت کاری اور دفاع قومی طاقت کے دو بازو

بقیہ جات 10

ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں کہا کہ امریکا ایران کے ساتھ جاری مذاکرات کے ذریعے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اہداف حاصل کرنے کے لئے اچھی پوزیشن میں ہے۔ جے ڈی وینس نے کہا کہ ایرانی اس جنگ کو مزید جاری نہیں رکھنا چاہتے، یہ ان کے مفاد میں نہیں، میرا خیال ہے کہ وہ مذاکرات کی میز پر آرہے ہیں اور سنجیدہ تجاویز پیش کر رہے ہیں، جن کی ہم یقیناً تصدیق کریں گے۔ امریکی نائب صدر کا مزید کہنا تھا کہ اگر ہم اس معاہدے تک پہنچ جاتے ہیں تو یہ امریکی عوام کے لیے ایک بڑی کامیابی ثابت ہوگا۔

بقیہ جات 11

کہا کہ عسکری حل اسرائیل کے لوگوں کو بھی تحفظ اور سلامتی نہیں دے سکتا، ہم بات چیت کیلئے تیار اور پرعزم ہیں، اگر اسرائیلی بھی تیار ہیں تو آئیں بیٹھیں اور بات کریں۔ لبنانی صدر نے خبردار کیا کہ فوجی حل آپ کو کبھی بھی سلامتی اور تحفظ فراہم نہیں کرے گا۔ لبنانی صدر کا کہنا تھا کہ وہ جنگ کے خاتمے کے معاہدے تک پہنچنے سے پہلے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے ملاقات نہیں کریں گے، انہوں نے کہا کہ کوئی بھی معاہدہ عدم جارحیت کا ہوگا۔

بقیہ جات 12

[illegible]

بقیہ جات 13

[illegible]

میں گندم کے سٹاک ڈیکلیئر کرنے کا عمل جاری ہے، مکمل ڈیٹا تیاری کے مراحل میں ہے۔ پنجاب میں گندم کی موجودہ فصل کا دانہ نسبتاً چھوٹا ہے، صوبے کی غذائی ضروریات پورا کرنے کیلئے سٹاک ڈیٹا اکٹھا کیا جارہا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ غذائی ضروریات پوری کرنے کے بعد پنجاب خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی کا فرض ضرور ادا کرے گا۔

بقیہ جات 14

گان میں اسرائیلی حملے میں ہلاک ہونے والے 34 امریکی فوجیوں کی یاد میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ حملے میں زندہ بچ جانے والے امریکی فوجیوں نے بھی تقریب میں شرکت کی اور انصاف کا مطالبہ کیا۔ امریکی اراکین کانگریس نے بھی امریکی فوجیوں کے قتل کی تحقیقات کا مطالبہ کردیا۔ کانگریس کے رکن تھامس میسی نے 1967 میں یو ایس ایس لبرٹی پر اسرائیلی حملے کی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی حملے میں 34 امریکی فوجی ہلاک اور 171 زخمی ہوئے تھے، متاثرین کو انصاف ملنا چاہیے، اسرائیلی حملے کے وقت امریکی پرچم واضح لہرا رہا تھا، لہٰذا غلطی سے حملہ ہونے کا اسرائیلی موقف قابل قبول نہیں۔

بقیہ جات 15

ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی کے 75 سال منا رہے ہیں جو ہمارے لیے انتہائی مسرت کا باعث ہے، پاکستان اور چین کے مضبوط اور گہرے تعلقات ہر آزمائش پر پورے اترے ہیں۔ اپنے بیان میں عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان کی قیادت چین کے ساتھ مضبوط تعلقات پر یقین رکھتی ہے، وزیراعظم کا دورہ چین دونوں ممالک کے درمیان تعاون اور دوستی کو نئی بلندیوں تک لے گیا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان اور چین کی نا صرف سرحدیں ملتی ہیں بلکہ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان بھی گہرے روابط موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک، شی جن پنگ کے ایک خطہ ایک سڑک اقدام کا اہم جزو ہے اور سی پیک ترقی و خوشحالی کا منصوبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان عوامی روابط، میڈیا اور ثقافتی شعبوں میں تعاون فروغ پا رہا ہے۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ وقت کے ساتھ پاک چین دوستی مضبوط سے مضبوط تر ہو رہی

بقیہ جات 16

منعقد ہوا جس میں مون سون بارشوں، اربن فلڈنگ اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کیے گئے انتظامات اور تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبے بھر کے ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی جبکہ پی ڈی ایم اے حکام نے مون سون پریپرڈنس پلان 2026 کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر ہنگامی منصوبہ بندی، دستیاب وسائل، ریسپانس میکنزم اور ممکنہ چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عمر جاوید نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ دستیاب مشینری، آلات، افرادی قوت اور دیگر وسائل سے متعلق جامع رپورٹس فوری طور پر جمع کروائی جائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بروقت اور مؤثر کارروائی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ سیلابی خطرات سے نمٹنے کے لیے جامع انتظامات مکمل کیے جائیں اور کمزور پشتوں، حفاظتی بندوں اور ممکنہ شگاف والے مقامات کے معائنے کی پیشرفت رپورٹ جلد از جلد پیش کی جائے۔ اجلاس میں بڑے شہروں میں اربن فلڈنگ سے بچاؤ کے لیے پیشگی اقدامات، نالوں کی ڈی سلٹنگ اور نکاسی آب کے منصوبوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ مون سون سیزن کے آغاز سے قبل تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے جائیں۔ بریفنگ میں متاثرہ آبادی اور مویشیوں کے ممکنہ انخلا کے لیے متبادل راستوں، ٹرانسپورٹ پلان اور ریسکیو اقدامات سے متعلق تفصیلات بھی پیش کی گئیں۔ اس کے علاوہ ضلعی ایمرجنسی آپریشن سینٹرز کو 24 گھنٹے فعال رکھنے اور ریلیف کیمپس میں خوراک، صاف پانی، صفائی، بجلی اور سکیورٹی کی سہولیات کی دستیابی کا جائزہ لیا گیا۔ حکام نے امدادی سامان، مشینری، ایندھن کے ذخائر اور افرادی قوت کی دستیابی کے حوالے سے بھی بریفنگ دی جبکہ عوامی آگاہی مہم اور سیلابی خطرات سے متعلق احتیاطی تدابیر پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عمر جاوید نے زور دیا کہ تمام ادارے باہمی رابطے اور مکمل تیاری کو یقینی بنائیں تاکہ مون سون کے دوران عوام کے جان و مال کا تحفظ اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹا جاسکے

بقیہ جات 17

بہتری کے لیے شروع کیے گئے اقدام کو محکمہ خزانہ اور ٹریژری دفاتر میں انتظامی رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ اس صورتحال میں اسکولوں کے لیے مختص کروڑوں روپے کے فنڈز کے استعمال پر سوالات اٹھ گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق صوبے بھر کے مختلف اضلاع میں محکمہ تعلیم کے افسران ٹریژری برانچوں کے چکر لگانے پر مجبور ہیں تاہم مطلوبہ دستاویزات اور قواعد کے مطابق تیار کردہ بلز کے باوجود ان کی وصولی نہیں کی جارہی ہے۔ متعدد اضلاع سے تعلق رکھنے والے افسران نے شکایت کی ہے کہ کئی دنوں کی کوششوں کے باوجود وہ اپنے بل جمع کرانے میں کامیاب نہیں

بقیہ جات 18

اکرات چاہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایران کے چیف مذاکرات کار باقر قالیباف نے ٹیلیگرام پر جاری اپنے آفیشل بیان میں کیا۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ ایران کو اپنے عوام کے حقوق کے دفاع کے لیے فیصلہ کن ردعمل دینا ہوگا۔ اسپیکر پارلیمان باقر قالیباف نے مزید کہا کہ ایران صرف نعروں یا وعدوں پر انحصار نہیں کرے گا بلکہ اپنے اقدار، دانشمندی اور منصوبہ بندی کے ذریعے کامیابی حاصل کرنے کی پوری کوشش کرے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ امریکا نہ تو جنگ بندی چاہتا ہے اور نہ وہ کسی مفید مذاکرات کے لیے سنجیدہ دکھائی دیتا ہے اس لیے ہمیں اپنی سرزمین اور عوام کے لیے کسی بھی حد تک جانا ہوگا۔ محمد باقر قالیباف نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں فوجی، سفارتی، عوامی اور عوامی خدمت کے تمام محاذ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور انھیں الگ الگ نہیں دیکھا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سفارت کاری کو صرف بند کمروں میں ہونے والی بات چیت یا سفارتی مسکراہٹوں تک محدود سمجھنا بڑی غلطی ہوگی۔

بقیہ جات 19

اسے متعلق صدر ٹرمپ کی پالیسی رد کردی۔ صدر ٹرمپ نے ایچ ون بی ویزا کی درخواست پر ایک لاکھ ڈالر فیس جمع کرانے کی شرط عائد کی تھی، تاہم امریکا کے وفاقی ڈسٹرکٹ جج لیو سوروکین نے اسے غیر قانونی قرار دیدیا۔ کیلی فورنیا سمیت امریکا کی بیس ریاستوں نے ستمبر میں اعلان کردہ صدر ٹرمپ کے اس اقدام کو چیلنج کیا تھا۔ جج نے فیصلے میں کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے اس معاملے پر کانگریس کی منظوری لیے بغیر اقدام کرکے اختیارات سے تجاوز کیا تھا۔ 42 صفحات پر مشتمل فیصلے میں جج نے کہا کہ ایک لاکھ ڈالر کو خواہ کچھ بھی کہا جائے مگر یہ ٹیکس ہے اور ٹرمپ انتظامیہ کے پاس ایسا کوئی اختیار ہی نہیں کہ ایچ ون بی ویزا درخواستوں پر ایک لاکھ ڈالر ٹیکس لگادیا جائے۔ ہوم لینڈ سیکیورٹی کے شعبے نے عدالتی فیصلے کو ایکٹیوازم قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ ایچ ون بی ویزا پروگرام کانگریس نے سن انیس سو نوے میں شروع کیا تھا، اس پروگرام کے تحت امریکا میں قائم کمپنیاں مختلف شعبوں کے غیر ملکی ماہرین کو امریکا میں عارضی ملازمت دیتی ہیں جس کی مدت چھ سال تک ہوسکتی ہے۔ پروگرام کے تحت ملازمتیں دینے والے ادارے سترہ سو ڈالر سے ساڑھے چار ہزار ڈالر تک فیس جمع کراتے ہیں تاہم صدر ٹرمپ نے اسے بڑھا کر ایک لاکھ ڈالر کردیا

بقیہ جات 20

اسے متعلق صدر ٹرمپ کی پالیسی رد کردی۔ صدر ٹرمپ نے ایچ ون بی ویزا کی درخواست پر ایک لاکھ ڈالر فیس جمع کرانے کی شرط عائد کی تھی، تاہم امریکا کے وفاقی ڈسٹرکٹ جج لیو سوروکین نے اسے غیر قانونی قرار دیدیا۔ کیلی فورنیا سمیت امریکا کی بیس ریاستوں نے ستمبر میں اعلان کردہ صدر ٹرمپ کے اس اقدام کو چیلنج کیا تھا۔ جج نے فیصلے میں کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے اس معاملے پر کانگریس کی منظوری لیے بغیر اقدام کرکے اختیارات سے تجاوز کیا تھا۔ 42 صفحات پر مشتمل فیصلے میں جج نے کہا کہ ایک لاکھ ڈالر کو خواہ کچھ بھی کہا جائے مگر یہ ٹیکس ہے اور ٹرمپ انتظامیہ کے پاس ایسا کوئی اختیار ہی نہیں کہ ایچ ون بی ویزا درخواستوں پر ایک لاکھ ڈالر ٹیکس لگادیا جائے۔ ہوم لینڈ سیکیورٹی کے شعبے نے عدالتی فیصلے کو ایکٹیوازم قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ ایچ ون بی ویزا پروگرام کانگریس نے سن انیس سو نوے میں شروع کیا تھا، اس پروگرام کے تحت امریکا میں قائم کمپنیاں مختلف شعبوں کے غیر ملکی ماہرین کو امریکا میں عارضی ملازمت دیتی ہیں جس کی مدت چھ سال تک ہوسکتی ہے۔ پروگرام کے تحت ملازمتیں دینے والے ادارے سترہ سو ڈالر سے ساڑھے چار ہزار ڈالر تک فیس جمع کراتے ہیں تاہم صدر ٹرمپ نے اسے بڑھا کر ایک لاکھ ڈالر کردیا

بقیہ جات 21

نے کے بعد ایک ملین سے زائد بے گھر افراد شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ آئی آر سی کے لبنان میں کنٹری ڈائریکٹر رک بارٹولڈس نے عرب ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہماری ٹیمیں بحران کے آغاز سے ہی ہنگامی امداد فراہم کر رہی ہیں، تاہم متاثرہ افراد کی ضروریات تیزی سے بڑھ رہی ہیں، یہ دیکھنا انتہائی افسوسناک ہے کہ ایک اور جنگ بندی ختم ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ رک بارٹولڈس نے کہا کہ کشیدگی میں کمی کے لیے کوئی واضح راستہ نظر نہیں آرہا، آئی آر سی کی جائزہ رپورٹس سے ظاہر ہوتا ہے کہ لبنان میں 94 فیصد بے گھر افراد اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہیں، اور بہت سے خاندان تین ماہ کے بحران کے دوران اپنی جمع پونجی بھی ختم کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعدد خاندان یہ بھی دریافت کر رہے ہیں کہ ان کے گھر یا پورے پورے دیہات مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں، انسانی ضروریات انتہائی وسیع ہیں اور اگر ہمیں بحالی کی کوئی امید چاہیے تو ہمیں ایک پائیدار جنگ بندی کی ضرورت ہے۔

بقیہ جات 22

ں نے کہا کہ رواں سال ماضی کے تمام ادوار کے مقابلے میں تقریباً 600 فیصد زیادہ ترقیاتی کام مکمل کیے گئے ہیں، جو تعلیمی انفراسٹرکچر کی بہتری اور حکومت کی ترجیحات کا واضح ثبوت ہیں۔ وزیر تعلیم کے مطابق آئندہ مالی سال میں جامعات کے لیے 24 ارب روپے جبکہ کالجوں کے لیے 42 ارب روپے تک کا بجٹ مختص کیے جانے کا امکان ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نئے مالی سال کے اہداف میں 300 نواز شریف سکول آف ایمیننس اور 5 نئے دانش سکولز کا قیام بھی شامل ہے۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ مختلف اضلاع میں سنٹر آف ایکسیلینس فار ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن کے قیام کا منصوبہ بھی زیر عمل ہے، جبکہ گزشتہ مالی سال کی طرح نئے سال میں بھی معیار تعلیم کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ اساتذہ میں 50 ہزار کروم بکس تقسیم کی جائیں گی اور گوگل سرٹیفائیڈ ٹریننگ پروگرامز کا دائرہ مزید وسیع کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح لیپ ٹاپ اور سکالرشپ پروگرام سے مستفید ہونے والے طلبہ کی تعداد ایک لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے اور آئندہ سال مزید طلبہ کو اس پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ حکومت آئندہ مالی سال میں بھی کم از کم 50 ارب روپے مالیت کے لیپ ٹاپ اور 100 ارب روپے تک کی سکالرشپس فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ مستحق اور باصلاحیت طلبہ کو بہتر تعلیمی مواقع میسر آسکیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک تعلیمی سال کے دوران 12 ہزار اضافی کلاس رومز، 8 ہزار باؤنڈری والز اور 7 ہزار ٹائلٹ بلاکس مکمل کیے گئے، جبکہ تعلیمی انفراسٹرکچر میں یہ پیش رفت گزشتہ ادوار کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ ہے۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں تعلیم اور صحت کے شعبوں کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے اور نئے مالی سال میں بھی تعلیم کے شعبے میں سرمایہ کاری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل رہے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی اور معیارِ تعلیم میں بہتری کا سفر مزید تیزی سے جاری رکھا جائے

بقیہ جات 23

کے مطابق عدالت اقتصادی مالیاتی اور ریگولیٹری پالیسیوں پر اپیلیٹ فورم کے طور پر کام نہیں کرسکتی محض کسی پالیسی سے اختلاف پر آئینی درخواست دائر کرنے کا جواز نہیں بنتا۔ فیصلہ کے مطابق عدالت ریگولیٹر، آڈیٹر یا ماہر معاشیات کا کردار ادا نہیں کرسکتی، کیپسٹی چارجز ٹیرف سے متعلق معاملات پالیسی سازوں کا دائرہ کار ہے، درخواست گزار کسی بنیادی حق کی خلاف ورزی ثابت کرنے میں ناکام رہی۔ عدالتی فیصلہ میں کہا گیا کہ آئینی حقوق سے متعلق عدالتی مداخلت صرف غیر قانونی، یا غیر آئینی اقدامات کی صورت میں ہوسکتی ہے، اختیارات کی تقسیم کے تحت عدلیہ کو انتظامی و حکومتی معاملات میں احتیاط برتنا ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ نے یہ بھی قرار دیا کہ آئی پی پیز کو ادائیگیوں کی واپسی کا حکم دینا عدالتی دائرہ اختیار میں نہیں، مفاد عامہ کے نام پر عدالت سے پالیسی سازی نہیں کرائی جاسکتی۔ درخواست گزار نے بجلی کے بلوں میں کیپسٹی چارجز اور ٹیرف کی وصولی کو چیلنج کیا تھا، درخواست گزار نے بجلی کے شعبے کے ریگولیٹری نظام کا مکمل از سرنو جائزہ لینے کی استدعا کی تھی۔ عدالت نے درخواست ناقابل سماعت قرار کر مسترد کردی۔

بقیہ جات 24

بھی بحال ہوئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی حکام کا کہنا تھا کہ رفح کراسنگ کو ابتدائی مرحلے میں صرف محدود نقل و حرکت کے لیے کھولا جائے گا، جبکہ غزہ میں امدادی سامان کی ترسیل کرم ابو سالم کراسنگ کے ذریعے مرحلہ وار بحال کی جائے گی۔ اسرائیلی حکام کا مزید کہنا تھا کہ کرم ابوسالم اور رفح راہداری سے یہ تمام سرگرمیاں سخت سیکیورٹی نگرانی اور پیشگی منظوری کے نظام کے تحت ہوں گی۔ بغیر اجازت کسی کو آنے یا جانے نہیں دیا جائے گا۔ اسرائیل کا کہنا تھا کہ آمدورفت صرف ان افراد تک محدود ہوگی جنہیں سیکیورٹی کلیئرنس حاصل ہوگی، جبکہ طبی مریضوں، غیر ملکی شہریت رکھنے والوں اور خصوصی انسانی بنیادوں پر سفر کرنے والوں کو ترجیح دی جاسکتی ہے۔ خیال رہے کہ یہ فیصلہ کئی ماہ کی بندش اور شدید انسانی المیے کے بعد سامنے آیا ہے جب کہ امدادی سامان سرحد پر ٹرکوں میں پڑا سڑ رہا ہے اور غزہ میں فلسطینی بھوک اور بیماری سے اپنی جانیں گنوا رہے تھے۔ رفح کراسنگ غزہ اور مصر کے درمیان واحد براہِ راست زمینی رابطہ ہے جو گزشتہ کئی ماہ سے عملی طور پر بند تھی جس کی نگرانی میں مصر، اسرائیل اور بین الاقوامی فریقین بھی کردار ادا کریں گے۔ دوسری جانب انسانی حقوق کی تنظیموں اور امدادی اداروں نے اس فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں خوراک، ادویات اور دیگر بنیادی ضروریات کی شدید قلت پائی جاتی ہے لہذا سرحدی گزرگاہوں کا کھلنا لاکھوں فلسطینیوں کے لیے ریلیف کا باعث بن سکتا ہے۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا ہے کہ محدود پیمانے پر کھولے جانے والے راستے غزہ کی تمام انسانی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی نہیں ہوں گے۔ واضح رہے کہ اسرائیل نے مارچ میں ایران پر امریکا اور اسرائیل کی مشترکہ فوجی کارروائیوں کے بعد غزہ کی سرحدی گزرگاہیں بند کر دی تھیں جس سے امدادی سامان کی فراہمی اور شہریوں کی نقل و حرکت بری طرح متاثر ہوئی

بقیہ جات 25

ساڑھے 11 بجے ہوگا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے صوبائی حکومتوں کو آگاہ کردیا ہے۔ قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں پی ایس ڈی پی سمیت اہم بجٹ امور کی منظوری دی جائے گی۔ اب تک 3، 8 اور 9 جون کو بلائے گئے اجلاس موخر ہوئے ہیں۔

بقیہ جات 26

ئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 450 سے زائد افراد زخمی ہیں جبکہ 4 افراد تاحال لاپتہ ہیں۔ زلزلے سے 7 لاکھ 22 ہزار افراد کی آبادی پر مشتمل شہر جنرل سانٹوس کے سب سے زیادہ متاثر ہونے کی اطلاعات ہیں۔

بقیہ جات 27

کرنے کا اعلان کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ اعلان اسرائیل کے ممبئی میں قونصل جنرل یانیو ریواخ نے شیواجیہ ابھیشیک دن کے موقع پر کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کا دعویٰ ہے کہ یانیو ریواخ نے کہا کہ یہ منصوبہ بھارت اور اسرائیل کے عوام کو مزید قریب لانے میں اہم کردار ادا کرے گا، مجسمہ ایک طویل المدتی ثقافتی منصوبے کا حصہ ہوگا اور اسے اسرائیل کے کسی بڑے شہر میں نصب کیا جائے گا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شیواجی مہاراج کے مجسمے کو بنانے کے لیے اسرائیل کی جانب سے مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فرناویس سے تاریخی معلومات، فنی مشاورت اور ڈیزائن کے حوالے سے تعاون بھی طلب کیا گیا ہے، جس پر انہوں نے فوری رضامندی ظاہر کی

بقیہ جات 28

رکھتا تھا، تاہم چند ہی ماہ میں اسے عملی روڈ میپ میں تبدیل کردیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ سی پیک کے ابتدائی مرحلے میں تقریباً 46 ارب ڈالر کے مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے، جن میں سے 25 ارب ڈالر کی چینی سرمایہ کاری عملی شکل اختیار کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین نے مشترکہ کوششوں سے اس تاریخی منصوبے کو کامیابی سے آگے بڑھایا اور دونوں ممالک نے یک جان دو قالب ہو کر اس کی تکمیل کے لیے کام کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سی پیک اب صرف ایک ترقیاتی منصوبہ نہیں بلکہ ایک بین الاقوامی برانڈ کی حیثیت اختیار کر چکا ہے، جس میں دنیا بھر کی کمپنیاں سرمایہ کاری اور شراکت داری میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علامہ محمد اقبال نے تقریباً نو دہائیاں قبل چین کے عروج کی پیشگوئی کی تھی، جو آج حقیقت کا روپ دھار چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کے تعاون سے پاکستان کے پہلے خلائی مشن کی تیاری جاری ہے، جو دونوں ممالک کے سائنسی اور تکنیکی تعاون کی نئی مثال ثابت ہوگا۔ احسن اقبال نے کہا کہ سی پیک کو نئے عزم کے ساتھ دوبارہ فعال کیا گیا ہے اور اس کے دوسرے مرحلے پر پیش رفت جاری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان سی پیک کے نئے دور سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک سرمایہ کاری کے فروغ، اقتصادی تعاون کے استحکام اور علاقائی ترقی کے مشترکہ اہداف کے حصول کے لیے قریبی تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں، جو مستقبل میں پاک چین تعلقات کو مزید مضبوط بنائے گا۔

بقیہ جات 29

کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اس ضمن میں باقاعدہ منظوری دیتے ہوئے ہدایت کی کہ عوام کو سستا آٹا اور روٹی فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ فلور ملوں کو 3300 روپے فی من کے حساب سے گندم فراہم کی جائے گی تاکہ آٹے کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھا جا سکے اور عوام کو ریلیف ملے۔ اجلاس میں پنجاب سے دیگر صوبوں، بالخصوص خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی سے متعلق تحفظات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے واضح کیا کہ پنجاب کے راستے سندھ سے کسی دوسرے صوبے کو گندم کی فراہمی روکنے کے حوالے سے سامنے آنے والے شواہد حقائق پر مبنی نہیں۔ مزید بتایا گیا کہ سندھ سے خیبر پختونخوا کو گندم کی ترسیل روکنے کے حوالے سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ پنجاب میں گندم کے ذخائر کی ڈیکلیئریشن کا عمل جاری ہے اور مکمل ڈیٹا مرتب کیا جا رہا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ موجودہ فصل میں گندم کا دانہ نسبتاً چھوٹا ہے، اس لیے صوبے کی غذائی ضروریات کا درست تخمینہ لگانے کے لیے ذخائر کا مکمل ریکارڈ اکٹھا کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پنجاب اپنی غذائی ضروریات پوری کرنے کے بعد خیبر پختونخوا سمیت دیگر صوبوں کو گندم کی فراہمی میں اپنا قومی کردار اور ذمہ داری ضرور ادا کرے

بقیہ جات 30

علی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری ترقیاتی منصوبوں، گلیوں کی تعمیر، سیوریج سسٹم کی بہتری اور اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کے اہداف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت مجموعی طور پر 16 ہزار 410 گلیوں کی تعمیر کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جن میں سے فیز ون کے تحت 6 ہزار 400 گلیوں کی تعمیر مکمل کی جا چکی ہے، جبکہ فیز ٹو میں مجموعی پیش رفت 93 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ حکام نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ واسا نے 646 گلیوں میں ترقیاتی کام مکمل کر لیا ہے، جبکہ ایم سی ایل نے فیز ٹو کی 94 فیصد آزاد گلیوں (انڈیپنڈنٹ اسٹریٹس) کا ہدف حاصل کر لیا ہے۔ مزید برآں فیز ون میں اصل ورک آرڈر کے تحت 804 اضافی گلیوں کی تعمیر بھی مکمل کی جا چکی ہے۔ بریفنگ کے مطابق شہر بھر میں اب تک ایک لاکھ 97 ہزار سے زائد اسٹریٹ لائٹس کی فراہمی اور 741 کلومیٹر طویل سیوریج لائنوں کی تنصیب کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے منصوبوں کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے چار درجاتی کوالٹی کنٹرول سسٹم پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پیسا کی اور تھرڈ پارٹی ویریفکیشن کے بغیر کسی کنٹریکٹر کو ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے روڈ کٹنگ سمیت دیگر تنازعات سے بچنے کے لیے متعلقہ اداروں سے این او سی کے حصول کو لازمی قرار دیا اور تمام منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا مؤثر مانیٹرنگ نظام شفافیت کو یقینی بنا رہا ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کو جدید سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی میں نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ جات 31

ئے کہا ہے کہ اپنی ناک کے معائنے کے لیے کچھ دیر کے لیے آرتھوپیڈک وارڈ گیا ہوا تھا، اسی دوران مجھے ایک خاتون کی چیخیں سنائی دیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں ڈاکٹر ماہ نور پر ایک عملے کے رکن نے تیزاب پھینک دیا تھا جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئی تھیں جبکہ ان کی ایک آنکھ بھی متاثر ہوئی، اس دوران عبدالرزاق ترکئی نے اپنی جان خطرے میں ڈال کر ڈاکٹر ماہ نور کو مزید نقصان سے بچایا، انہیں ڈھانپ کر فوری طور پر اسپتال منتقل کیا، تاہم وہ خود بھی جھلس گئے تھے۔ ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد عبدالرزاق کے گھر کے باہر لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوئی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عبدالرزاق نے کہا کہ میں ان تمام لوگوں کا شکر گزار ہوں جو مجھ سے ملنے آئے، میری اصل ڈیوٹی میڈیسن وارڈ میں تھی لیکن میں اپنی ناک کے معائنے کے لیے کچھ دیر کے لیے آرتھوپیڈک وارڈ گیا ہوا تھا، اسی دوران مجھے ایک خاتون کی چیخیں سنائی دیں۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے دیکھا کہ ایک خاتون بری طرح زخمی تھی، ان کا چہرہ جھلس چکا تھا، کپڑے جل چکے تھے اور وہ خون میں لت پت تھیں، ان کے پاس مناسب کپڑے بھی نہیں تھے، اس لیے میں نے اپنے کپڑوں سے انہیں ڈھانپا، شدید تکلیف کے باعث وہ مجھ سے لپٹ گئیں، جس کے نتیجے میں میں بھی تیزاب سے متاثر ہوا اور زخمی ہوگیا۔ عبدالرزاق کے مطابق ڈاکٹروں نے میرے ہاتھ کے شدید متاثر ہونے کے باعث سرجری تجویز کی، اگر انہیں بچاتے ہوئے میری جان بھی چلی جاتی تو مجھے کوئی خوف نہ ہوتا، اس وقت میرے ذہن میں صرف انسانیت تھی اور میں صرف انہیں بچانا چاہتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ میں پرائیویٹ امیدوار کے طور پر انٹرمیڈیٹ کے دوسرے سال کا طالب علم ہوں اور جز وقتی ملازمت کرتا ہوں، میری خواہش ہے کہ میں اپنی تعلیم مکمل کروں اور ایک اچھی ملازمت حاصل

بقیہ جات 32

گئے ہیں۔ متروکہ وقف املاک بورڈ نے سکھ یاتریوں کے استقبال، قیام و طعام اور دیگر سہولیات کے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ قمر الزمان کی ہدایت پر خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں، جبکہ واہگہ بارڈر پر چیئرمین بورڈ قمر الزمان اور ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز ناصر مشتاق یاتریوں کا استقبال کریں گے۔ دورہ پاکستان کے دوران سکھ یاتریوں کو ننکانہ صاحب، پنجہ صاحب، کرتارپور اور گردوارہ ڈیرہ صاحب سمیت دیگر مقدس مقامات کی یاترا کرائی جائے گی۔ شہیدی دن گرو ارجن دیو جی کی مرکزی تقریب 16 جون کو گردوارہ ڈیرہ صاحب لاہور میں منعقد ہوگی۔ ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز ناصر مشتاق نے بتایا کہ سکیورٹی، ٹرانسپورٹ، طبی سہولیات اور لنگر کے خصوصی انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر سے آنے والے سکھ یاتریوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ان کی ہر ممکن خدمت کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے خصوصی میڈیکل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جبکہ ریسکیو 1122 کی دو ایمبولینسز بھی یاتریوں کے جتھے کے ہمراہ موجود رہیں گی۔ ناصر مشتاق کا کہنا تھا کہ متروکہ وقف املاک بورڈ سکھ یاتریوں کی میزبانی کو اپنے لیے اعزاز سمجھتا ہے۔ شیڈول کے مطابق سکھ یاتری 19 جون کو واہگہ بارڈر کے راستے بھارت واپس روانہ ہوں

بقیہ جات 33

ہے اور اس نے ٹرمپ کی وارننگ کو نظر انداز کر دیا ہے۔ دوسری جانب ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر اسرائیل کی جارحیت، خصوصاً لبنان پر بمباری جاری رہی تو جنگ دوبارہ شروع ہوسکتی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ ایران کے ساتھ ممکنہ امن معاہدہ آخری مراحل میں ہے اور یہ چند دنوں میں طے پا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاہدے پر دستخط ہوتے ہی آبنائے ہرمز فوری طور پر کھول دی جائے

بقیہ جات 34

فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔ شرجیل انعام میمن کے مطابق فیسیلیٹیشن ڈیسک کو آئندہ ہفتے کے دوران مکمل طور پر فعال کردیا جائے گا، جس کے لیے عملہ تعینات کیا جارہا ہے جبکہ ٹرانسپورٹرز کی آگاہی کے لیے بینرز اور عوامی نوٹسز بھی جاری کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت سندھ عوامی خدمات اور ٹرانسپورٹ کے شعبے میں مکمل ڈیجیٹائزیشن کے وژن پر تیزی سے عمل پیرا ہے، نیو سبزی منڈی میں فیسیلیٹیشن ڈیسک کے قیام سے ٹرانسپورٹرز کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے سے نجات ملے گی، ڈیجیٹل روٹ پرمٹس اور فٹنس سرٹیفکیٹس کے نظام سے وقت اور اخراجات میں بھی نمایاں بچت ہوگی۔

بقیہ جات 35

بارہا میں اضافہ کرتے ہوئے تیل کی فراہمی روک دی ہے، جس کے بعد جزیرے کا توانائی نظام شدید بحران کا شکار ہوگیا ہے، امریکا نے دیگر ممالک کو بھی کیوبا کو تیل دینے پر سخت پابندیوں اور ٹیکسوں کی دھمکی دی ہے۔ وولکر ترک کے مطابق پابندیوں میں کیوبا کی وزارت داخلہ، پولیس اور انٹیلی جنس اداروں کے ساتھ ساتھ صدر میگوئل ڈیاز کینیل اور ان کے خاندان کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ کیوبا پر ان پابندیوں کے نتیجے میں بجلی کی طویل بندش، عوامی ٹرانسپورٹ میں کمی اور طبی نظام بری طرح متاثر ہوا ہے، ملک کی بین الاقوامی مالی نظام تک رسائی بھی محدود ہوگئی ہے جس سے معاشی تنہائی مزید بڑھ گئی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس میں شائع کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق بچوں کی شرح اموات بڑھ کر 9.9 فی 1000 پیدائش تک پہنچ گئی ہے جبکہ کینسر کے شکار بچوں کی بقا کی شرح 85 فیصد سے کم ہو کر 65 فیصد رہ گئی ہے۔ رپورٹس میں مزید بتایا گیا ہے کہ ملک میں 96387 افراد آپریشن کے انتظار میں ہیں جن میں 11193 بچے شامل ہیں جبکہ 16000 مریضوں کو ریڈیوتھراپی اور 2888 کو ڈائیلیسز کی ضرورت ہے۔ وولکر ترک نے سمندری طوفانوں کے موسم اور شدید گرمی کے باعث صورتحال مزید خراب ہونے کا خدشہ بھی ظاہر کیا ہے، اسی دوران مغربی کیوبا میں 6.1 شدت کا زلزلہ بھی محسوس کیا گیا۔ رپورٹس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ایندھن کی شدید کمی کے باعث صرف ایک روسی تیل بردار جہاز کو کیوبا پہنچنے کی اجازت ملی ہے۔

بقیہ جات 36

ہیں۔ ان رہائش گاہوں کا خرچ اس وقت بادشاہ چارلس کے نجی فنڈز سے ادا کیا جارہا ہے۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ شہزادہ ولیم شاہی اخراجات میں کمی اور زیادہ شفافیت کے حامی ہیں۔ شاہی ذرائع کے مطابق پرنس ولیم ایسی بادشاہت چاہتے ہیں جو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق اور مالی طور پر زیادہ ذمہ دار ہو، شاہی خاندان کے ایک قریبی ذرائع کا کہنا تھا کہ مستقبل میں صرف وہی افراد شاہی مراعات سے مستفید ہوسکیں گے جو تاج برطانیہ کی سرکاری ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں۔ واضح رہے کہ تاحال اس حوالے سے شاہی خاندان کی جانب سے کوئی باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا تاہم اشارے مل رہے ہیں کہ شہزادہ ولیم کے دور میں شاہی خاندان کا ڈھانچہ مزید مختصر اور احتساب پر مبنی ہوسکتا

بقیہ جات 37

نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین دہشت گرد تنظیموں کے لیے محفوظ پناہ گاہ کے طور پر استعمال ہوتی رہی ہے، ان میں وہ گروہ بھی شامل ہیں جنہیں مخالفین پاکستان اور دیگر ممالک کے خلاف استعمال کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ توقع تھی کہ طالبان افغانستان میں سرگرم عمل دہشت گرد تنظیموں کے خلاف اقدامات کریں گے، ان میں ٹی ٹی پی، بی ایل اے، مجید بریگیڈ، داعش خراسان اور ایسٹ ترکستان اسلامی موومنٹ شامل ہیں، بدقسمتی سے طالبان ایسی کارروائیاں کرنے میں ناکام رہے ہیں، طالبان نے پاکستان اور دیگر ممالک کے جائز سیکیورٹی خدشات کو مکمل نظر انداز کیا۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کے اقتدار سنبھالنے کو نصف دہائی گزر چکی ہے، امید کی جارہی تھی کہ اس سے خونریزی کا خاتمہ ہوگا، افغانستان امن کی راہ پر گامزن ہوگا۔ عاصم افتخار نے کہا کہ افغان بھائیوں اور بہنوں کی مدد کے لیے پاکستان نے افغانستان کی معاونت میں متعدد اقدامات کیے، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی سرگرمیاں، سیاسی روابط اور مکالمے کے لیے اقدامات کیے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب نے کہا کہ دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے مراعات کی فراہمی اور ٹرانزٹ سہولتوں میں رعایتیں شامل ہیں، توقع کی جارہی تھی کہ طالبان ذمے دار حکومتی انتظامیہ میں تبدیل ہونے کے لیے مثبت اقدامات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ امید تھی کہ وہ افغانستان کو استحکام اور ترقی کے ایک نئے دور میں داخل کریں گے، دہائیوں سے دہشت گردی افغانستان کا ایک سنگین مسئلہ رہی ہے، اس کے اثرات پڑوسی ممالک اور وسیع تر خطے تک محسوس کیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 38

قلیتی نمائندگان نے کہا کہ محرم الحرام میں امن و امان کے لئے انتظامیہ پوری طرح مستعد ہے اور انشااللہ پرامن محرم الحرام گزاریں گے۔ علما نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خطبات جمع المبارک میں خاص طور پر محرم الحرام کے دوران امن و امان بھائی چارے اور مکمل ہم آہنگی پر زور دیا جائے گا۔ اس اجلاس میں کمشنر حافظ شوکت علی، آر پی او ڈاکٹر شہزاد آصف، ایڈیشنل سیکرٹری ہوم ڈیپارٹمنٹ عاصمہ اعجاز چیمہ، ایڈیشنل سیکرٹری عبدالروف، چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز نے شرکت

بقیہ جات 39

پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں یہ ممبر شپ مہم ملک بھر میں گلی محلوں اور گھر گھر تک پہنچائی جارہی ہے، تاکہ عوام کو ایک حقیقی، دیانتدار اور باعتماد سیاسی متبادل فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور بھر میں مختلف مقامات پر کیمپس قائم کیے جارہے ہیں، جہاں بڑی تعداد میں شہری جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں، جو اہل لاہور کے دیانتدار قیادت پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ موجودہ فرسودہ نظام میں عوام کے بنیادی حقوق کا حصول مشکل بنادیا گیا ہے، جبکہ اس صورتحال سے نکلنے کا واحد راستہ دیانتدار اور باکردار قیادت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی ممبر شپ مہم دراصل نظام کی تبدیلی کی ایک منظم تحریک ہے، جس میں عوام کو بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن کا ساتھ دینا چاہیے تاکہ ملک میں حقیقی تبدیلی کی راہ ہموار ہوسکے۔ بعدازاں جماعت اسلامی حلقہ سبزہ زار کے تحت سید پور میں ممبر سازی کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جبکہ سبزہ زار ایچ بلاک اور سید پور میں ڈور ٹو ڈور رابطہ مہم بھی جاری رہی، جس کے دوران بڑی تعداد میں عوام سے رابطہ کیا گیا اور انہیں جماعت اسلامی کا حصہ بنایا گیا۔ اسی طرح گجر چوک (جے بلاک) میں بھی ممبر سازی مہم کا کیمپ جاری رہا۔ جماعت اسلامی حلقہ امین پارک بند روڈ کے تحت بھی ممبر شپ ڈرائیو مؤثر انداز میں جاری رہی۔ اس موقع پر ناظم زون فاروق ارشد کی قیادت میں قیم زون طاہر امین، نائب ناظمین شاکر اقبال اور ڈاکٹر اعجاز بشیر، جبکہ ناظم حلقہ مونی بھٹی نے بھرپور شرکت کی اور مہم کو منظم انداز میں آگے بڑھایا۔

بقیہ جات 40

کمیٹی (پی آر ایم ایس سی) نے مثالی گاؤں پروگرام پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے اختتام پذیر مالی سال کیلئے مختص 6.67 ارب روپے میں سے 6.07 ارب استعمال ہونے پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ "مریم نواز کا سوہنا پنجاب" پروگرام کے تحت 485 دیہات کو مثالی گاؤں بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں 40 لاکھ دیہی آبادی کو جدید میونسپل سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے زور دیا کہ دسمبر 2026 تک مثالی گاؤں کا پہلا مرحلہ مکمل کرنے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کئے جائیں۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ پہلے مرحلے میں بہاولپور ڈویژن کے 48 اور گوجرانوالہ کے 55 دیہات کو مثالی گاؤں بنایا جارہا ہے۔ اسی طرح ملتان ڈویژن کی 63 اور ڈی جی خان کی 39 آبادیوں کو مثالی گاؤں کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ سرگودھا ڈویژن کے 41 اور ساہیوال کے 44 دیہات میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گجرات کے 51 اور لاہور ڈویژن کے 50 گاؤں جدید سہولیات سے آراستہ ہونگے جبکہ مثالی گاؤں پروگرام میں راولپنڈی کے 58 اور فیصل آباد ڈویژن کے بھی 36 دیہات شامل ہیں۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ پروگرام کے تحت ہر مثالی گاؤں کی تمام گلیاں پختہ کی جائیں گی اور روایتی چھپڑ بحال ہوں گے۔ چلڈرن پارک کے علاوہ سٹریٹ لائٹس کی سکیمیں بھی مکمل کی جائیں گی۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ پہلے سے موجود پکی گلیوں کو توڑنے سے گریز کیا جائے۔ مزید برآں جن دیہات میں پانی کا مسئلہ نہیں وہاں واٹر سپلائی کی سکیم نہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے مثالی گاؤں کا دائرہ 7500 دیہات تک وسیع کرنے کا حکم دیا ہے۔ ذیشان رفیق نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم پہلے مرحلے کے تجربات اور چیلنجز سامنے رکھ کر آگے بڑھیں گے تاکہ عوامی سہولت کے اہداف کا زیادہ بہتر طریقے سے حصول یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ جات 41

تونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اہل خانہ کے مطابق حادثے میں عبدالعزیز نامی نوجوان شدید زخمی ہوا تھا اور اس کی ٹانگ بری طرح متاثر ہوئی تھی۔ ریسکیو 1122 نے زخمی کو فوری طبی امداد کے لیے جناح ہسپتال منتقل کیا جہاں اس کا علاج شروع کیا گیا۔ متاثرہ خاندان کا کہنا ہے کہ نوجوان کے علاج اور آپریشن پر تقریباً 24 لاکھ روپے خرچ کیے گئے، تاہم حالت میں بہتری نہ آنے پر ڈاکٹروں کو اس کی ٹانگ کاٹنا پڑی۔ اہل خانہ کے مطابق اس واقعے نے خاندان کو شدید ذہنی اور مالی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ اہل خانہ نے بتایا کہ ایل ڈبلیو ایم اے رکشے کا ڈرائیور حادثے کے فوراً بعد موقع سے فرار ہوگیا تھا، جبکہ حادثے کی فوٹیج بھی سامنے آچکی ہے۔ متاثرہ خاندان کی درخواست پر ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ دوسری جانب ستھرا پنجاب اتھارٹی کے ترجمان نے بتایا کہ رکشہ ڈرائیور حادثے کے بعد سے مفرور ہے۔ ترجمان کے مطابق ڈرائیور رکشہ یارڈ میں کھڑا کر کے وہاں سے چلا گیا تھا اور تاحال اس کا سراغ نہیں مل سکا۔ پولیس اور متعلقہ ادارے واقعے کی تحقیقات کر رہے ہیں جبکہ فرار ڈرائیور کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری

بقیہ جات 42

تھے جن کے نتائج آن سکرین مارکنگ کے ذریعے صرف ڈیڑھ ماہ میں جاری کر دیئے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ آن سکرین مارکنگ کے پورے عمل میں ایک فیصد بھی غلطی ثابت نہیں ہوسکی، جس سے اس نظام کی شفافیت اور مؤثریت ثابت ہوئی ہے۔ وزیر تعلیم کے مطابق 10 لاکھ طلبہ کا آٹھویں جماعت کا بورڈ امتحان لینا ایک بڑا اور کامیاب تجربہ رہا۔ پیکٹا کا آن سکرین مارکنگ سسٹم کئی نجی تعلیمی اداروں کے موجودہ نظام سے زیادہ مؤثر اور قابل اعتماد ہے۔ رانا سکندر حیات نے مزید کہا کہ آئندہ سال آٹھویں جماعت کے بورڈ امتحانات کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جائے گی، جبکہ پرائیویٹ سکولوں کو بھی اس نظام میں شامل کرنے کی تجاویز کا جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ صوبے بھر میں یکساں اور شفاف امتحانی نظام کو فروغ دیا جا سکے۔

بقیہ جات 43

ہے جبکہ حکومت اپنا کردار ادا نہیں کر رہی ہے، حکومت مغویوں کی بازیابی کے لیے فوری اقدامات کرے، پاکستانیوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمے داری ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ سندھ اسمبلی میں کہا گیا کہ یہ وفاق کا سبجیکٹ ہے، یہ سیاست کرنے کا معاملہ نہیں ہے، اس پر احتجاج کرنا پڑا تو کریں گے اور اگر کچھ نہیں ہوگا تو ہم مغویوں کی فیملیز کے ساتھ بیٹھ جائیں گے، ہماری دعا ہے کہ یہ تمام مغوی بحفاظت واپس آجائیں۔ امیر جماعتِ اسلامی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا سسٹم گلگت بلتستان تک پہنچا دیا گیا ہے، ہم پہلے سے کہہ رہے ہیں کہ پی ڈی ایم کی بندر بانٹ چل رہی ہے، جن لوگوں نے کراچی کی طرح گلگت بلتستان دے دیا یہ سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی اور شہر کے لوگ کراچی کے پانی کے مسئلے کو نہیں سمجھ سکتے، یہاں کے لوگوں کو خود ہی اپنا مسئلہ حل کرنا پڑے گا اور مقامی حکومتوں کو بااختیار کرنا پڑے گا۔

بقیہ جات 44

آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سیکیورٹی صورتِ حال اور دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاکستان اور لبنان کی مسلح افواج کے درمیان پیشہ ورانہ روابط اور تربیتی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے لبنان کے ساتھ دیرینہ اور خوشگوار تعلقات کی اہمیت پر زور دیا، پاکستان نے لبنانی مسلح افواج کے ساتھ دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر جنرل روڈولف ہائیکل نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور آپریشنل مہارت کو سراہا اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق بین الاقوامی امن مشنز میں پاکستان کی خدمات کو لبنان نے قابلِ قدر قرار دیا، پاکستان اور لبنان کی افواج نے فوجی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا اظہار کیا، دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ جات 45

نے کہا کہ میں امریکی صدر ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے درمیان ہونے والی سیکڑوں گفتگو میں شریک رہ چکا ہوں، دونوں رہنماں کے درمیان تقریبا 40 برس پر محیط گہری دوستی ہے۔ یخیئیل لیٹر کے مطابق وزیراعظم نیتن یاہو نے ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کے حوالے سے صدر ٹرمپ کی درخواست پر کشیدگی کم کرنے کا فیصلہ کیا، تاہم امریکی صدر بخوبی سمجھتے ہیں کہ اسرائیل اپنے ملک پر بیلسٹک میزائل حملے برداشت کر کے خاموش نہیں رہ سکتا۔ اسرائیلی سفیر نے مزید کہا کہ مجموعی طور پر امریکا اور اسرائیل کے درمیان انتہائی قریبی تعاون جاری ہے اور دونوں ممالک ایک دوسرے کے مفاد اور خدشات کو بخوبی سمجھتے

بقیہ جات 46

تے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ میری اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے ساتھ بہت اچھی بات چیت ہوئی، جس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان صورتحال میں بہتری آئی ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ نیتن یاہو پر حملہ ہوا، انہوں نے جواب دیا اور میں اس پر انہیں مورد الزام نہیں ٹھہرا سکتا، لیکن اب دونوں فریق اپنی کارروائیاں روک چکے ہیں اور ایک ہفتے یا اس کے قریب عرصے کے لیے ایک دوسرے کو تنہا چھوڑ دیں گے۔ امریکی صدر نے ایران کے ساتھ جاری مذاکرات پر بھی اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا ایک ایسے معاہدے کے حتمی مرحلے میں داخل ہو چکا ہے جو کسی بھی صورت ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاہدے پر دستخط ہوتے ہی آبنائے ہرمز فوری طور پر کھول دی جائے گی، یہ معاہدہ آئندہ دو سے تین دن میں طے پا سکتا ہے۔

بقیہ جات 47

کو یہاں اپنی زیر صدارت بجلی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر احمد تارڑ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس لغاری، مشیر وزیر اعظم برائے نجکاری محمد علی، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ خسارے کا شکار ریاستی ملکیتی اداروں کی نجکاری ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کے عمل کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نجکاری کے تمام عمل کو انتہائی شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ڈسکوز کی نجکاری کے بعد مضبوط ریگولیٹری فریم ورک بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ جات 48

ہے کہ ہم نہیں سمجھتے امریکی صدر دیانت داری سے بات کر رہے ہیں، ہم مذاکرات کو جنگ کا ایک حصہ سمجھتے ہیں، امریکا اور امریکی صدر کی سنجیدگی نظر آئی تو مذاکرات پر اعتراض نہیں، امریکا مذاکرات کے اصولوں کی پابندی کرے تو ایران کو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ مذاکرات میں سب سے بڑی رکاوٹوں سے متعلق سوال پر ابراہیم عزیزی کا کہنا ہے کہ ایران کو سنجیدہ ارادہ نظر نہیں آتا جس میں کوئی قابلِ عمل فریم ورک تشکیل پاسکے، ایران کے منجمد اثاثوں کا مسئلہ اس کی ایک واضح اور نمایاں مثال ہے۔ ابراہیم عزیزی نے کہا ہے کہ یورینیم افزودگی اور جوہری معاملات پر کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، اس مرحلے پر ان مسائل پر مذاکرات مقصود ہی نہیں، امریکا اور ایران کے درمیان امن معاہدہ ہونا دوسری طرف کیطرفہ عمل پر ہے، یہی رویہ جاری رہا تو جواب نفی میں ہے، کیونکہ ہمیں بالکل اعتماد نہیں ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایران کی طے کردہ شرائط پوری کی جائیں، قومی مفادات، اقتصادی معاملات اور لبنان کے مسئلے میں عملی پیش رفت نظر آئے تو مذاکرات آگے بڑھ سکتے ہیں، ایسا نہ ہوا تو ایران مزاحمتی محاذ، اس کے ارکان اور بالخصوص لبنان کے معاملے پر پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

بقیہ جات 49

یونٹ سستی کردی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی ملک بھر کے لیے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں سستی کی گئی ہے۔ بجلی جنوری تا مارچ 2026 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں سستی کی گئی ہے، بجلی سستی کرنے کا اطلاق جون سے اگست 2026 کے 3 ماہ کے لیے ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا، اس فیصلے سے بجلی صارفین کو 67 ارب 17 کروڑ 30 لاکھ روپے کا ریلیف ملے

بقیہ جات 50

ضرورت ہیں، چند ہفتوں میں ہربل سے متعلق ڈریپ کے پاس ریگولیشنز ہوں گی۔ جڑی بوٹیوں اور روایتی ادویات پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہربل سے متعلق قانون اور ریگولیشن نہیں ہیں، ہم نے ہربل پر قانون سازی وزارت صحت سے وزارت قانون کو بھجوادی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ یہ کانفرنس ویسٹرن میڈیسن کے خلاف نہیں، ہر شعبہ کی اپنی اہمیت ہے، ویسٹرن میڈیسن ایک وقت کے بعد آپ کے جسم پر اثر کرنا چھوڑ دیتی ہیں۔

بقیہ جات 51

نے کہا ہے کہ امریکا ایران جنگ بندی سے متعلق حتمی مسودے پر بات چیت جاری ہے۔ ابھی اتفاق نہیں ہوا، کوششیں جاری ہیں۔ روسی خبر ایجنسی کے مطابق امیر سعید ایروانی نے کہا کہ مسودے اور گفتگو کا تبادلہ پاکستان کے ذریعے کیا گیا۔ اقوام متحدہ میں ایران کے سفیر نے کہا کہ جنگ بندی کے مسودے میں لبنان سمیت تمام علاقوں کو شامل کیا جائے گا۔ قبل ازیں ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ نہ محاذ چھوڑا اور نہ ہی مذاکرات کا راستہ ترک کیا ہے۔ ایک بیان میں ایرانی صدر نے کہا کہ ہماری ترجیح ایران کی سلامتی اور اپنے لوگوں کا امن ہے، سفارت کاری اور دفاع قومی طاقت کے دو بازو

بقیہ جات 52

ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں کہا کہ امریکا ایران کے ساتھ جاری مذاکرات کے ذریعے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اہداف حاصل کرنے کے لئے اچھی پوزیشن میں ہے۔ جے ڈی وینس نے کہا کہ ایرانی اس جنگ کو مزید جاری نہیں رکھنا چاہتے، یہ ان کے مفاد میں نہیں، میرا خیال ہے کہ وہ مذاکرات کی میز پر آرہے ہیں اور سنجیدہ تجاویز پیش کر رہے ہیں، جن کی ہم یقیناً تصدیق کریں گے۔ امریکی نائب صدر کا مزید کہنا تھا کہ اگر ہم اس معاہدے تک پہنچ جاتے ہیں تو یہ امریکی عوام کے لیے ایک بڑی کامیابی ثابت ہوگا۔

بقیہ جات 53

کہا کہ عسکری حل اسرائیل کے لوگوں کو بھی تحفظ اور سلامتی نہیں دے سکتا، ہم بات چیت کیلئے تیار اور پرعزم ہیں، اگر اسرائیلی بھی تیار ہیں تو آئیں بیٹھیں اور بات کریں۔ لبنانی صدر نے خبردار کیا کہ فوجی حل آپ کو کبھی بھی سلامتی اور تحفظ فراہم نہیں کرے گا۔ لبنانی صدر کا کہنا تھا کہ وہ جنگ کے خاتمے کے معاہدے تک پہنچنے سے پہلے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے ملاقات نہیں کریں گے، انہوں نے کہا کہ کوئی بھی معاہدہ عدم جارحیت کا ہوگا۔

بعدالت جناب افتخار بھٹی صاحب تحصیلدار/ ریونیو افیسر سرکل مریدکے اربن تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے۔ بروئے شجرہ نسب تصدیق وراثت موضع مریدکے اربن متوفی محمد تنفیق ولد مختار احمد بحق محمد وقاص، وقار تنفیق، اویس علی پسران زندہ حیات ہیں اور روبی بیگم بیوہ متوفی پہلے ہی وفات پا چکی ہے۔ ان کا وراثتی انتقال درج ہو چکا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی شرعی وارث ہے تو اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل نہیں ہوگا۔ اور وراثت مذکورہ موضع کا تصدیق کردیا جائے گا۔

بعدالت جناب افتخار بھٹی صاحب تحصیلدار/ ریونیو افیسر سرکل مریدکے اربن تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے۔ بروئے شجرہ نسب تصدیق وراثت موضع مریدکے اربن متوفی محمد تنفیق ولد مختار احمد بحق محمد وقاص، وقار تنفیق، اویس علی پسران زندہ حیات ہیں اور روبی بیگم بیوہ متوفی پہلے ہی وفات پا چکی ہے۔ ان کا وراثتی انتقال درج ہو چکا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی شرعی وارث ہے تو اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل نہیں ہوگا۔ اور وراثت مذکورہ موضع کا تصدیق کردیا جائے گا۔

جماعت اسلامی لاہور کی "بدل دو نظام" ممبر شپ مہم بھرپور جوش و خروش سے جاری

فرسودہ طبقاتی نظام اور موجودہ سیاسی و معاشی بحران کے خاتمے کیلئے عوام کو دیانتدار قیادت کے ساتھ جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں شہر بھر میں گلی محلوں اور گھر گھر تک پیغام پہنچایا جا رہا ہے: ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

لاہور (خبرنگار) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام "بدل دو نظام" ممبر شپ مہم شہر بھر میں بھرپور جوش و خروش کے ساتھ جاری ہے۔ اس مہم کا بنیادی مقصد فرسودہ طبقاتی نظام اور موجودہ سیاسی و معاشی بحران کے خاتمے کیلئے عوام کو با کردار قیادت کے ساتھ جوڑنا ہے۔ امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 39)

لاہور: جماعت اسلامی کے زیر اہتمام "بدل دو نظام" ممبر شپ مہم کے دوران سبزہ زار، سید پور اور امین پارک بند روڈ پر قائم کیمپس اور ڈور ٹو ڈور رابطہ مہم کے مناظر

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت مثالی گاؤں پروگرام کا جائزہ اجلاس

ہم پہلے مرحلے کے تجربات اور چیلنجز سامنے رکھ کر آگے بڑھیں گے تاکہ عوامی سہولت کے اہداف کو زیادہ بہتر طریقے سے حصول یقینی بنایا جا سکے

پروگرام کے تحت ہر مثالی گاؤں کی تمام گلیاں پختہ کی جائیں گی اور روایتی چھپڑ بحال ہوں گے، وزیر بلدیات پنجاب کی گفتگو

لاہور (خبرنگار) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اجلاس ہوا۔ اجلاس کے دوران نئے مالی سال میں مثالی گاؤں پروگرام کے لیے مزید 39 ارب روپے کی تجویز پیش کی گئی۔ اجلاس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور پنجاب رورل میونسپل سروسز (بقیہ نمبر 40)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق مثالی گاؤں پروگرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مثالی گاؤں پروگرام کیلئے مزید 39 ارب روپے تجویز

پنجاب کے 485 دیہات میں جدید سہولیات کی فراہمی کا منصوبہ جاری

لاہور (زیڈ این این) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد، اسپیشل سیکرٹری شاہد زمان لک اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب رورل میونسپل سروسز کمپنی (پی آر ایم ایس سی) کی جانب سے "مریم نواز کا سوہنا پنجاب" پروگرام کے تحت مثالی گاؤں منصوبے پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران نئے مالی سال کے لیے مزید 39 ارب روپے کی تجویز پیش کی گئی۔ وزیر بلدیات کو بتایا گیا کہ پروگرام کے تحت پنجاب کے 485 دیہات پر کام جاری ہے جبکہ پہلے مرحلے میں 40 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ جدید میونسپل سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا حکم

رواں سال پنجاب بھر میں 21 ہزار 824 منشیات فروش گرفتار کیے گئے، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (زیڈ این این) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے منشیات کے بڑے ڈیلرز، سمگلرز اور سپلائی چین میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی ہے کہ منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں کرتے ہوئے انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کو یقینی بنایا جائے۔ پولیس ترجمان کے مطابق رواں سال پنجاب پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے 21 ہزار 824 ملزمان گرفتار کیے جبکہ 21 ہزار 712 مقدمات درج کیے گئے۔ ترجمان نے بتایا کہ مختلف کارروائیوں کے دوران 11 ہزار 626 کلوگرام چرس، ایک ہزار 166 کلوگرام ہیروئن، 687 کلوگرام آئس اور 536 کلوگرام افیون برآمد کی گئی۔ اس کے علاوہ 3 لاکھ 45 ہزار لیٹر سے زائد شراب بھی قبضے میں لی گئی۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں بھی منشیات کے خلاف مہم بھرپور انداز میں جاری رہی، جہاں رواں سال 2 ہزار 866 منشیات فروش گرفتار کیے گئے۔

لاہور: لیڈیز کلب ویمن چیمبر اور بینار ہیو گروپ انٹرنیشنل کے درمیان معاہدہ کے موقع پر گروپ فوٹو

وزیر اعلیٰ پنجاب کے "ڈرگ فری پنجاب" ویژن پر عملدرآمد جاری

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی ہدایت پر منشیات کے بڑے ڈیلرز اور سمگلرز کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز

رواں سال پنجاب پولیس نے 21 ہزار 824 منشیات فروشوں گرفتار، 21 ہزار 712 مقدمات درج، بھاری مقدار میں منشیات برآمد

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "ڈرگ فری پنجاب" ویژن کے تحت پنجاب پولیس کی جانب سے صوبہ بھر میں منشیات فروشوں اور سمگلرز کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی ہدایت پر پنجاب پولیس نے منشیات کے بڑے ڈیلرز، سمگلرز اور سپلائی چین میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں سال صوبہ بھر میں 21 ہزار 824 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا جبکہ 21 ہزار 712 مقدمات درج کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضے سے 11 ہزار 626 کلوگرام چرس، 1166 کلوگرام ہیروئن، 687 کلوگرام آئس، 536 کلوگرام افیون اور 3 لاکھ 45 ہزار لیٹر سے زائد شراب برآمد کی گئی۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں رواں سال 2866 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا جبکہ 2775 مقدمات درج کیے گئے۔ لاہور میں کارروائیوں کے دوران 1027 کلوگرام چرس، 82 کلوگرام ہیروئن، 256 کلوگرام آئس، 29 کلوگرام افیون اور 14 ہزار 847 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔

اغوا برائے تاوان کے مقدمے میں اداکار منیب بٹ کی عبوری ضمانت میں 6 جولائی تک توسیع

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے اغوا برائے تاوان کے مقدمے میں اداکار منیب بٹ کی عبوری ضمانت میں 6 جولائی تک توسیع کردی ہے۔ انسداد دہشتگردی کی عدالت میں روبرو اغوا برائے تاوان کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ اداکار منیب بٹ پیش ہوئے۔ عدالت نے اداکار منیب بٹ کی عبوری ضمانت میں 6 جولائی تک توسیع کردی۔ پولیس کے مطابق ملزم منیب بٹ پر الزام ہے اس نے دیگر ملزمان کے ساتھ ملکر شہری کو اغوا کیا۔

منشیات کے عادی بیٹے سے تنگ باپ کا بدین پریس کلب کے سامنے احتجاج

بدین (این این آئی) کوسکی روڈ کے رہائشی الیاس سومرو نے اپنے منشیات کے عادی بیٹے کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ بیٹا روزانہ نشے کی حالت میں گھر میں ہنگامہ آرائی، تشدد اور اہل خانہ کو دھمکیاں دیتا ہے۔

نجی میڈیکل کالجوں کی فیسوں سے متعلق سماعت 11 جون کو ہوگی

پی ایم ڈی سی نے زائد فیس وصولی اور بے ضابطگیوں سے متعلق سماعت مقرر کر دی

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائی کورٹ کے حکم کی تعمیل میں پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے نجی میڈیکل کالجوں کی جانب سے مقررہ فیسوں سے زائد وصولی اور دیگر متعلقہ معاملات کی سماعت 11 جون 2026ء کو مقرر کر دی ہے۔ اعلامیے کے مطابق اگر کسی طالب علم، والدین یا شہری کو نجی میڈیکل کالجوں کی جانب سے زائد فیس وصولی، اضافی چارجز یا کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کے حوالے سے شکایت ہو تو وہ متعلقہ معلومات اور دستاویزات فراہم کر سکتا ہے تاکہ انہیں سماعت کے دوران متعلقہ فورم کے سامنے پیش کیا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق سماعت کے دوران نجی میڈیکل کالجوں میں فیسوں کے تعین، اضافی وصولیوں اور دیگر شکایات کا جائزہ لیا جائے گا۔

لاہور کے 280 سکول سربراہان کو نان سیلری بجٹ کی تربیت

پانچوں تحصیلوں میں تربیتی سیشن، فنڈز کے شفاف اور مؤثر استعمال پر آگاہی

لاہور (زیڈ این این) ڈسٹرکٹ لاہور کے 280 سکول سربراہان کو نان سیلری بجٹ (این ایس بی) کے مؤثر اور شفاف استعمال سے متعلق تربیت فراہم کرنے کا اہتمام کیا گیا۔ محکمہ تعلیم کے مطابق لاہور کی پانچوں تحصیلوں میں تربیتی مراکز قائم کیے گئے جہاں متعلقہ تحصیلوں کے اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز نے سکول سربراہان کو فنڈز کے استعمال کے طریقہ کار اور مالی امور سے متعلق آگاہی دی۔ تحصیل ماڈل ٹاؤن میں منعقدہ تربیتی سیشن میں ممبر سکول کونسل میاں رضوان اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر محمد عمران نے شرکاء کو نان سیلری بجٹ کے مؤثر استعمال، شفافیت اور قواعد و ضوابط کے حوالے سے تفصیلی تربیت فراہم کی۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے اس تربیتی پروگرام کے لیے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) ڈاکٹر محمد کامران کو فوکل پرسن مقرر کیا

زمینی تنازع پر فائرنگ، نوجوان زخمی؛ پولیس پر مقدمہ درج نہ کرنے کا الزام

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) گاؤں محمد حسن وگھامل میں زرعی زمین کے تنازع پر مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان میر حسن وگھامل زخمی ہوگیا۔ متاثرہ خاندان نے پریس کانفرنس میں الزام لگایا کہ پولیس بااثر افراد کے دباؤ کے باعث نہ تو ایف آئی آر درج کر رہی ہے اور نہ ہی این سی رپورٹ کا اندراج کیا گیا ہے۔ متاثرین نے واقعے میں نامزد ملزمان کی فوری گرفتاری اور قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

محرم میں سوشل میڈیا نگرانی کیلئے خصوصی مانیٹرنگ ٹیم تشکیل

این سی سی آئی اے کا نفرت انگیز اور فرقہ وارانہ مواد کے خلاف کریک ڈاؤن

لاہور (زیڈ این این) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے محرم الحرام کے دوران سوشل میڈیا پر نفرت انگیز، اشتعال انگیز، فرقہ وارانہ اور قابلِ اعتراض مواد کی روک تھام کے لیے خصوصی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر این سی سی آئی اے پنجاب محمد علی وسیم کی ہدایت پر خصوصی مانیٹرنگ ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے جو یکم سے دس محرم الحرام تک سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی مسلسل نگرانی کرے گی۔ این سی سی آئی اے کے مطابق خصوصی ٹیم کا بنیادی مقصد ایسے عناصر کی نشاندہی کرنا ہے جو سوشل میڈیا کے ذریعے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے، اشتعال انگیزی پھیلانے، نفرت آمیز مہمات چلانے یا مذہبی منافرت کو ہوا دینے کی کوشش کریں۔ ٹیم مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر مشتبہ اکاؤنٹس، صفحات اور گروپس کی نگرانی کرے گی۔

ایل ڈی اے نے جائیدادوں کی خرید و فروخت کیلئے ڈیجیٹل نظام لازمی قرار دے دیا

شہری اپنے پلاٹس اور دیگر جائیدادوں کے قانونی تحفظ کے لیے پی ایل آر اے سے پراپرٹی سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں گے

لاہور (زیڈ این این) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) نے پراپرٹی فراڈ، جعلی دستاویزات اور غیر قانونی لین دین کی روک تھام کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے جائیدادوں کی خرید و فروخت کے نظام کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنانے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس نئے نظام کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق ایل ڈی اے کی حدود میں واقع۔

لاہور: مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے اے آئی و خصوصی اقدامات علی ڈار، اسپین کے سفارتی وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن پری بجٹ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

محرم الحرام میں قیام امن ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، بلال صدیق

بے گناہ شہری کی گرفتاری برداشت نہیں، خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی

لاہور (زیڈ این این) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں محرم الحرام کے سکیورٹی انتظامات سے متعلق پیش رفت اجلاس منعقد ہوا، جس میں محرم سکیورٹی پلان، مجالس و جلوسوں کے روٹس، امن و امان کی صورتحال اور جرائم کے انسداد کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران نے مجالس، جلوسوں کے روٹس اور سکیورٹی بانڈز سے متعلق بریفنگ دی۔ سی سی پی او لاہور نے ہدایت کی کہ محرم الحرام کے سکیورٹی پلان کو حکومتی ایس او پیز کے مطابق جلد از جلد حتمی شکل دی جائے اور امن کمیٹیوں، منتظمین، متولیان اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔

امت مسلمہ کو اتحاد و یکجہتی کی اشد ضرورت ہے: قاری اعظم حسین

تمام مکاتب فکر کے علما امن، رواداری اور اتحاد بین المسلمین کو فروغ دیں

قومیت، لسانیت اور فرقہ واریت کے ذریعے امت کو تقسیم کیا جا رہا ہے، بیان

لاہور (زیڈ این این) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ امت مسلمہ کو اتحاد و یکجہتی کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام مکاتب فکر کے علما کرام اتحاد بین المسلمین کے فروغ اور اسلام کے پیغام امن، محبت اور رواداری کو اجاگر کرنے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ امت مسلمہ کو قومیت، لسانیت اور فرقہ واریت کی بنیاد پر تقسیم در تقسیم کیا جا رہا ہے، جبکہ مغرب اپنے زہر آلود پروپیگنڈے کے ذریعے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف منفی تاثر پھیلا رہا ہے۔

کراچی کے مسائل حل نہ ہوئے تو ہڑتال کا اعلان کر سکتے ہیں: حافظ نعیم الرحمان

بجٹ میں عام شہری کو ریلیف نہیں دیا گیا تو ہڑتال کی کال دیں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

بجٹ میں عام شہری پر مزید بوجھ ڈالے جانے کا امکان ہے، ایف بی آر نا اہل ادارہ ہے جو امیر لوگوں سے ٹیکس نہیں لے پا رہا

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعتِ اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بجٹ میں عام شہری کو ریلیف نہیں دیا گیا تو ہڑتال کی کال دیں گے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بجٹ میں عام شہری پر مزید بوجھ ڈالے جانے کا امکان ہے، ایف بی آر نا اہل ادارہ ہے جو امیر لوگوں سے ٹیکس نہیں لے پا رہا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ 10 پاکستانیوں کو قزاقوں نے اغوا کیا ہوا ہے، مغویوں کی صحت خراب ہوگئی (بقیہ نمبر 43)

پرائیویٹ سکولوں کا بھی پیکٹا کے تحت بورڈ امتحان لینے کی تجویز زیر غور

فیصلہ آٹھویں جماعت کے امتحانات میں آن سکرین مارکنگ کے کامیاب تجربے کے بعد زیر غور آیا

آئندہ سال پرائیویٹ سکولوں کو بھی اس نظام میں شامل کرنے کی تجاویز کا جائزہ لیا جا رہا ہے، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت رواں سال سے پرائیویٹ سکولوں کو بھی پیکٹا کے تحت بورڈ امتحانی نظام میں شامل کرنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے، یہ فیصلہ آٹھویں جماعت کے امتحانات میں آن سکرین مارکنگ کے کامیاب تجربے کے بعد زیر غور آیا ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ گزشتہ تعلیمی سال پیکٹا کے تحت پنجاب بھر میں تقریباً 10 لاکھ طلبہ کے آٹھویں جماعت کے امتحانات منعقد کیے گئے (بقیہ نمبر 42)

لاہور: آل پاکستان وکلا کنونشن سے لاہور بار کے صدر عرفان حیات باجوہ خطاب کر رہے ہیں

شاہدرہ ناکہ پر فائرنگ، ملزمان گاڑی چھوڑ کر فرار

لاہور (زیڈ این این) شاہدرہ ناکہ پر مشکوک گاڑی میں سوار افراد نے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایک راہگیر زخمی ہوگیا، جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز کے ترجمان کے مطابق ناکے پر موجود پولیس اہلکاروں نے ایک مشکوک گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا تو گاڑی میں سوار ملزمان نے فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی۔ پولیس نے فوری طور پر ملزمان کا تعاقب شروع کر دیا۔ ترجمان کے مطابق تعاقب کے دوران ملزمان مین روڈ سے گاڑی آبادی کی جانب لے گئے۔ فرار ہوتے وقت گاڑی کا ایک ٹائر برسٹ ہوگیا۔

منہالہ میں زمین تنازع پر فائرنگ، خاتون سمیت پانچ زخمی

لاہور (زیڈ این این) کینٹ ڈویژن کے علاقے منہالہ میں زمین کے تنازع پر ہونے والی فائرنگ کے نتیجے میں خاتون سمیت پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ سے شفیق، عرفان، سراج علی، ریحانہ بی بی اور بیلو بی بی زخمی ہوئے۔

ٹنڈو محمد خان میں مین پوری گٹکے کے خام مال کی بڑی کھیپ برآمد

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) ڈی آئی جی حیدرآباد رینج اور ایس ایس پی ٹنڈو محمد خان کی ہدایات پر پولیس اور سی آئی اے نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مین پوری گٹکے کی تیاری میں استعمال ہونے والا بڑا ذخیرہ برآمد کر لیا۔ کارروائی کے دوران 50 بوریاں مین پوری چورا، تمباکو، پیکنگ ریپرز اور دو ہزار تیار شدہ مین پوریاں قبضے میں لے کر تین ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔

معیشت تاحال بامعنی استحکام حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوئی، خادم حسین

مشکل معاشی فیصلوں کے لیے سیاسی عزم درکار ہے، جس سے گریز کیا جا رہا ہے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (زیڈ این این) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان اسٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ دعوؤں کے باوجود ملکی معیشت اب تک بامعنی استحکام حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکی۔ موجودہ حالات میں عوام، بالخصوص فارمل سیکٹر اور تنخواہ دار طبقے کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا جا رہا ہے

سی ایم پنجاب انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ 16 جون سے شروع

پنجاب سٹیڈیم لاہور میں تین روزہ ایونٹ، ڈویژنل ٹیموں کی تیاری جاری ہیں

لاہور (زیڈ این این) سپورٹس بورڈ پنجاب نے رواں ماہ سی ایم پنجاب انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ کے انعقاد کا فیصلہ کر لیا ہے۔ چیمپئن شپ 16 سے 18 جون تک پنجاب سٹیڈیم لاہور میں کھیلی جائے گی، جس میں صوبے کے مختلف ڈویژنز کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔ سپورٹس بورڈ پنجاب کے حکام کے مطابق ایونٹ کیلئے ڈویژنل کبڈی ٹیموں کے انتخاب کا عمل جاری ہے

ڈیفنس کے ہوٹل سے نوجوان لڑکی کی لاش برآمد

23 سالہ فضا کی موت کی وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد سامنے آئے گی

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے ڈیفنس میں واقع ایک ہوٹل کے کمرے سے 23 سالہ لڑکی کی لاش برآمد ہوئی ہے، جبکہ پولیس نے موقع پر موجود ایک نوجوان کو حراست میں لے کر تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ پولیس کے مطابق گولڈ کرسٹ مال میں واقع گرینڈ گیل وے سوئٹس کے ایک کمرے سے نوجوان لڑکی کی لاش ملی، جس کی شناخت 23 سالہ فضا کے نام سے ہوئی ہے۔

لاہور: بھٹہ سٹاپ کے رہائشی ساہیوال پولیس کے خلاف پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

20 لاکھ سے زائد ای چالان والا ریکارڈ ڈیفالٹر گرفتار

42 گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں کے مالک شہری کی موٹر سائیکل ضبط کرلی گئی، حکام

لاہور (زیڈ این این) لاہور ٹریفک پولیس نے ای چالان کی مد میں 20 لاکھ روپے سے زائد واجبات رکھنے والے ایک ریکارڈ ڈیفالٹر موٹر سائیکل سوار کو پکڑ لیا۔ کارروائی سی ٹی او لاہور عبدالرحیم شیرازی کی ہدایت پر چیکنگ کے دوران عمل میں لائی گئی۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کا غیر معمولی ریکارڈ رکھنے والے شہری باز محمد کو دوران چیکنگ روکا گیا۔

لاہور: پولیس اہلکار ہیلمٹ پہننے کی پابندی کی دھجیاں اڑاتے ہوئے جا رہے ہیں

زیادتی و قتل کیس میں مجرم کی سزائے موت برقرار

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے زیادتی، قتل اور شواہد مٹانے کے مقدمے میں مجرم احمد علی کی سزائے موت برقرار رکھتے ہوئے ٹرائل کورٹ کے فیصلے کی توثیق کر دی۔ عدالت نے مجرم کی اپیل مسترد کرتے ہوئے قرار دیا کہ ایسے سنگین جرائم میں ملوث افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوتے۔ جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس علی ضیاء باجوہ پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ فیصلے کے وقت ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل ہارون الرشید بھی عدالت میں موجود تھے۔

بادامی باغ دکانیں بندش کیس، معاملہ کمشنر لاہور کو بھجوا دیا

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے بادامی باغ بس سٹینڈ پر دکانیں رات کے وقت بند کرانے کے معاملے پر دائر درخواست نمٹاتے ہوئے کیس کمشنر لاہور ڈویژن کو بھجوا دیا اور درخواست گزاروں کے مؤقف کا جائزہ لے کر قانون کے مطابق 10 روز کے اندر فیصلہ کرنے کی ہدایت کر دی۔

یورپی کھیل فسٹ بال کے تربیتی کیمپ میں نوجوانوں کی بھرپور شرکت

نثار احمد اور عبدالمنان سلیم نے کھلاڑیوں کو قوانین، مہارتوں اور جدید تکنیک سکھائیں

نمائشی میچ کا انعقاد، مہمان خصوصی سلیم خان نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے

لاہور (زیڈ این این) یورپی کھیل فسٹ بال کے آگاہی و تربیتی کیمپ میں نوجوان کھلاڑیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پاکستان فسٹ بال فیڈریشن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سندھ فسٹ بال ایسوسی ایشن نے اپنی ذیلی تنظیم میرپور خاص ڈویژن فسٹ بال ایسوسی ایشن کے اشتراک سے میرپور خاص میں فسٹ بال آگاہی و ٹریننگ کیمپ کا انعقاد کیا۔ کیمپ میں اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ و طالبات سمیت مختلف کھیلوں کی ایسوسی ایشنز کے عہدیداران نے بھی بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی میرپور خاص ڈویژن اولمپک ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سلیم خان تھے۔

لاہور: ایک محنت کش سبزی منڈی میں فروٹ کی پیٹیاں اپنی کمر پر اٹھائے جا رہا ہے

نان رجسٹرڈ گاڑیوں اور ٹیکس نادہندگان کیخلاف کریک ڈاؤن

مالی سال کے آخری 20 دن، ایکسائز عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں

لاہور (زیڈ این این) مالی سال کے اختتامی 20 دنوں میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حکام نے ٹوکن ٹیکس وصولیوں میں اضافے اور قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے نان رجسٹرڈ گاڑیوں، جعلی نمبر پلیٹس، نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ڈائریکٹر موٹرز لاہور شاہد گیلانی نے ٹیکس وصولی کے اہداف حاصل کرنے کے لیے تمام متعلقہ عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی ہیں۔

پنجاب پولیس میں 91 جونیئر کلرکس کی ترقی کی منظوری

پروموشن بورڈ اجلاس میں میرٹ پر پورا اترنے والے اہلکاروں کی ترقی کا فیصلہ

لاہور (زیڈ این این) انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس عبدالکریم کی ہدایت پر پنجاب پولیس میں محکمانہ ترقیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں سنٹرل پولیس آفس میں ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو سلیمان سلطان رانا کی زیر صدارت پروموشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا۔ پولیس ترجمان کے مطابق اجلاس میں ایس ایس پی سپیشل برانچ اسماعیل الرحمٰن، اے آئی جی ایڈمن فاروق سلطان، رجسٹرار حسیر احمد قریشی اور اے ڈی ایڈمن افتخار انور نے شرکت کی۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	صداقت حامد غوری
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

محتسب پنجاب نے شہریوں کو 2 کروڑ 12 لاکھ دلوا دیے

او ایس ڈی پوسٹس کے بقایاجات کی مد میں 13 شہریوں کو ریلیف ملا ہے، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) دفتر محتسب پنجاب نے عوامی شکایات کے بروقت ازالے کی ایک اور مثال قائم کرتے ہوئے او ایس ڈی پوسٹس سے متعلق مالی واجبات کے دیرینہ معاملات حل کر دیے۔ گزشتہ تین ماہ کے دوران صوبے بھر کے 13 شہریوں کو مجموعی طور پر 2 کروڑ 12 لاکھ روپے سے زائد کے بقایاجات کی ادائیگی یقینی بنائی گئی۔ ترجمان دفتر محتسب پنجاب کے مطابق متاثرہ شہریوں نے مختلف سرکاری محکموں کی جانب سے واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف دفتر محتسب پنجاب سے رجوع کیا تھا۔ محتسب پنجاب نے شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے۔

لاہور ہائیکورٹ کا ناقص تفتیش پر سخت برہمی کا اظہار

ڈی پی او ٹوبہ ٹیک سنگھ سے وضاحت طلب، تفتیشی افسر کے خلاف رپورٹ طلب

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مقدمے میں تفتیشی افسر کے متضاد موقف اور ناقص تفتیش پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈی پی او ٹوبہ ٹیک سنگھ اخلاق اللہ تارڑ سے وضاحت طلب کر لی۔ عدالت نے تفتیشی افسر کے خلاف کی گئی کارروائی کی تفصیلی رپورٹ آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے ملزمان کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ جسٹس محمد طارق ندیم نے ملزمان ماجد منیر اور ضیاء الرحمٰن کی عبوری درخواست ضمانتوں پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران ڈی پی او ٹوبہ ٹیک سنگھ اخلاق اللہ تارڑ، پنجاب فوڈ اتھارٹی کے افسران اور مقدمے میں

لاہور: جرمنی کی سیرا نالیل کا لاہور چیمبر کے دورے کے موقع پر صدر تیم الرحمٰن سہگل دیگر عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو